websit: www.dailybaakhabar.com E.mail:baakhabarquetta42@gmail.com

MEMBER APNS | بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن) | ABC CERTIFIED

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | بدھ 21۔اکتوبر 2026ء بمطابق 09 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 288

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کیلئے ہے، فضل الرحمان

کے پی کے میں جو عبوری کونسل بن رہی ہے جے یو آئی کا کوئی رکن اس میں شامل نہیں ہوگا، اس وقت طاقتوروں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہو رہا ہے، ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے

کئی آپریشنز ہوئے مگر نتائج کیا ملے؟ ہماری جماعت سیاسی مکالمے پر یقین رکھتی ہے حکومتی پالیسیوں پر تحفظات ہوں تو الزام تراشیوں کے بجائے سیاسی انداز میں جواب دیا جانا چاہیے' کوئی ایک طاقت قوم کے مفاد کی ترجمانی نہیں کر سکتی

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے، یہ سب صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے۔ پارٹی کی مجلس شوریٰ کے بعد پریس کانفرنس

بقیہ نمبر 01 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

روس کی پاک افغان کشیدگی کے خاتمے کیلئے ثالثی کی پیشکش

سرحدی کشیدگی کا جلد حل اور سرحدی گزرگاہوں کی بحالی چاہتے ہیں، البرٹ پی خوریف

اسلام آباد (این این آئی) روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی کے خاتمے میں تعاون کی پیشکش کر دی۔ روس کے سفیر البرٹ پی خوریف

بقیہ نمبر 06 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

اگر ایسا نہ ہوا تو معاملات سڑکوں پر آئیں گے، محمود خان اچکزئی
چاہتے ہیں فیصلے عدالتوں میں ہوں

1973 کا آئین بڑی مشکل سے بنا ہے، ہماری نواز شریف اور آصف زرداری سے کوئی دشمنی نہیں ہے، کے پی وزیر اعلیٰ چارکروڑ عوام کا نمائندہ ہے جس کا مذاق اڑایا گیا

ہمیں اس حکومت کے خلاف بھی پرامن احتجاج کرنا ہوگا، لڑائی کا اب آخری مرحلہ شروع ہو چکا ہے، فرانس میں مہنگائی کے خلاف لاکھوں لوگ نکلے پولیس نے گولی نہیں چلائی

پشاور (نیوز ڈیسک) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی نے پشاور ہائیکورٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم چاہتے ہیں فیصلے عدالتوں میں ہوں، اگر ایسا نہ ہوا تو معاملات سڑکوں پر آئیں گے۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ 1973 کا آئین بڑی مشکل

بقیہ نمبر 05 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

توانائی اور ٹرانسپورٹ کے شعبوں میں مشترکہ منصوبوں، معاشی انضمام کیلئے اہم ہے زراعت، کان کنی، معدنیات اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے حامی ہیں



اسلام آباد، قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پائیدار ترقی کیلئے خطے میں دیرپا امن و سلامتی ناگزیر ہے، اسحاق ڈار

پاکستان نے افغانستان کی ترقی اور وہاں کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مخلصانہ کوششیں کی ہیں تاہم افغان طالبان حکومت سے پاکستان کی صرف ایک توقع ہے کہ افغان سرزمین پاکستان اور دنیا کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہو

پاکستان رواں سال غربت میں کمی کے لیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے کردار کو اجاگر کرنے کا ارادہ رکھتا ہے' اسحاق ڈار کا ایس سی او ممالک سے وسیع تر علاقائی رابطہ کاری، اقتصادی ہم آہنگی کو فروغ دینے پر زور

دوشنبے (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے رکن ممالک پر وسیع تر علاقائی رابطہ کاری اور اقتصادی ہم آہنگی کے لئے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے لیے توانائی، ٹرانسپورٹ، زراعت، معدنیات اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری ناگزیر ہے جبکہ مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل تبدیلی اور جدت کو مستقبل کے تعاون کا بنیادی محور بنایا جائے۔ پاکستان نے افغانستان کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مخلصانہ کوششیں کی ہیں، افغان سرزمین پاکستان یا کسی دوسرے ملک کے خلاف دہشت گردی کیلئے استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دوشنبے میں ایس سی او کے سربراہان حکومت کی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ علاقائی اقتصادی ہم

بقیہ نمبر 02 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں



دوشنبے، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار ایس سی او کونسل اجلاس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

خطے میں کشیدگی' فیلڈ مارشل اہم دورے پر تہران پہنچ گئے

عاصم منیر دورے میں ایران کی اعلیٰ عسکری و سیاسی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے

تہران (نیوز ڈیسک) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اہم دورے پر ایرانی دارالحکومت تہران پہنچ گئے۔ عالمی

بقیہ نمبر 04 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں



راولپنڈی، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اڈیالہ روڈ ناکہ پر صحافیوں سے بات چیت کر رہے ہیں

سول سرونٹس سیاستدانوں کے اثر میں نہ آئیں، وفاقی آئینی عدالت کا اہم فیصلہ

افسران بلاخوف و خطر اور دیانتداری کے ساتھ ریاست و عوام کی خدمت کریں سیاستدانوں کی مداخلت سے بدعنوانی، رشوت ستانی اور اقربا پروری جیسے مہلک امراض جنم لیتے ہیں

بابائے قوم قائداعظم نے کہا تھا حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں مگر سول سروس ریاست کی ریڑھ کی ہڈی ہے جو قائم رہتی ہے، جسٹس علی باقر نجفی کے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے قائداعظم کے اصول پر اہم فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا ہے کہ سول سرونٹس سیاستدانوں کے اثر میں نہ آئیں۔ وفاقی آئینی عدالت نے پولیس سروس کے افسر تنویر احمد طاہر کی ترقی کی اپیل مسترد کر دی۔ آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل خارج کر دی۔ یہ تحریری فیصلہ جسٹس علی باقر نجفی نے جاری کیا ہے۔ فیصلے میں قائداعظم محمد علی جناح کی اپریل 1948 میں پشاور میں سول افسران سے کی گئی تاریخی تقریر کو ملازمین کے لیے اصول بنایا گیا ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق

بقیہ نمبر 03 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

قومی اسمبلی اجلاس کا 64 نکاتی ایجنڈا جاری، 19 نئے قوانین کی منظوری شامل

فیکٹریز ترمیمی بل، اینٹی ریپ انویسٹیگیشن اینڈ ٹرائل ترمیمی بل، ضابطہ فوجداری سمیت دیگر ترمیمی بلز شامل

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی اجلاس کا 64 نکاتی ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے جس میں 19 نئے قوانین کی منظوری شامل کی گئی ہے۔ ایجنڈے کے مطابق فیکٹریز ترمیمی بل 2025، اینٹی ریپ انویسٹیگیشن اینڈ ٹرائل ترمیمی بل 2024، ضابطہ

بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

حالات کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی قوتیں ریاست کیساتھ کھڑی ہوں، صوبائی وزیر داخلہ

بلوچستان سے متعلق گمراہ کن بیانات دیے جا رہے ہیں صوبے کی صورتحال کا خیبر پختونخوا سے موازنہ کرنا درست نہیں' میر ضیاء اللہ لانگو

دہشت گردی کے خلاف 18 قوانین اور 17 محکمے قائم کیے گئے، دو سال کے دوران 450 دہشت گرد گرفتار، 1100 ہلاک ہوئے، حمزہ شفقات

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان سے متعلق گمراہ کن

بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم نے نئی آٹو پالیسی کے مسودے کی منظوری دے دی

لوکل اور امپورٹڈ ہائی برڈ گاڑیوں کی قیمتوں کا توازن برقرار رکھا جائے گا، ذرائع

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے نئی آٹو پالیسی 31-2026 کے مسودے کی منظوری دے دی ہے جبکہ پالیسی کی حتمی منظوری کے لیے اسے جلد وفاقی کابینہ میں پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزارت قانون کے حکام نے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پشاور ہائیکورٹ کا گورنر راج اور ایمرجنسی کیخلاف درخواستوں پر وفاق کو نوٹس جاری

گورنر راج، ایمرجنسی کو قانونی تقاضے پورے کئے بغیر صوبے میں نافذ کیا گیا ہے غیر قانونی قرار دیئے کر صوبائی اسمبلی کو بحال کیا جائے' سلمان اکرام راجہ

ہمارے 12 ممبر قومی اسمبلی اور 14 صوبائی اسمبلی ممبران کو اٹھا گیا ممبران کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں اور ان کو ہراساں کیا جا رہا ہے، بیرسٹر گوہر

پشاور (نیوز ڈیسک) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور

بقیہ نمبر 07 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم شہباز شریف کا پشاور کا دورہ منسوخ

وزیراعظم کی مصروفیات کے باعث دورہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کا منگل کو ہونے والا دورہ پشاور منسوخ کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی مصروفیات کے باعث دورہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ قبل ازیں، حکومتی ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز

بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

حکومت نے پیٹرول اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے گزشتہ روز کمی کے بعد آج پیٹرول اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 88 پیسے فی لیٹر جبکہ ہائی سپیڈ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

کیچ میں صوبائی مشیر کھیل کے بھائی کو اسلحے کے زور پر اغواء کر لیا گیا

سیکیورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے مغوی کی بازیابی کیلئے سرچ آپریشن شروع کر دیا

کوئٹہ + تربت (نیوز ایجنسیاں) بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے تربت مند سے رکن بلوچستان اسمبلی اور مشیر کھیل مینا مجید کے بھائی اورنگزیب مجید کو نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر گن پوائنٹ پر اغوا کر لیا۔ پولیس حکام کے مطابق صوبائی مشیر کھیل

بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کا دہشت گردوں کیلئے بھارت کی بڑھتی ہوئی حمایت پر اظہارِ تشویش

پاکستانی جوہری مشیر نے بھارت کی جوہری پالیسی پر بھی سوالات اٹھا دیئے' اجلاس سے خطاب

لندن (آئی این پی) پاکستان نے ملک میں سرگرم دہشت گرد گروہوں کے لیے بھارت کی جانب سے مبینہ طور پر بڑھتی ہوئی حمایت پر تشویش کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 08 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو سرکاری دورے پر پاکستان پہنچ گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو تین روزہ سرکاری دورے پر پاکستان

بقیہ نمبر 09 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں



دوحہ، وزیر داخلہ محسن نقوی قطری ہم منصب شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے وقت میں تبدیلی، 22 اکتوبر کو صبح 11 بجے طلب

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس بروز جمعرات 22 اکتوبر 2026 کو صبح 11:00 بجے طلب کر لیا گیا ہے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق اس سے قبل 22 اکتوبر 2026 بروز جمعرات کو

بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

عمران خان کا مکمل اعتماد ہے اپوزیشن لیڈر مائنس نہیں ہو رہے، بیرسٹر گوہر

ہمارے پاس کوئی اختیار نہیں کہ ہم اپوزیشن لیڈر کو مانتے ہیں یا نہیں، بانی پی ٹی آئی کا فیصلہ مانتے ہیں اور اس پر آگے بڑھیں گے

بانی پی ٹی آئی کی صوابدید پر سب چل رہا ہے، اگر مائنس ہونا ہوتا تو ہو چکے ہوتے،' اس وقت 90 فیصد قوم بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پارلیمنٹ ہاؤس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محمود خان اچکزئی کوئی مائنس نہیں ہو رہے، بانی پی ٹی آئی کا محمود خان اچکزئی پر مکمل اعتماد ہے، ہمارے پاس کوئی اختیار نہیں کہ ہم اپوزیشن لیڈر کو مانتے ہیں یا نہیں، بانی پی ٹی آئی کا فیصلہ مانتے ہیں اور اس پر آگے بڑھیں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا ہمارے ہاں سب لوگ آ کر

بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں



پشاور' قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

سہیل آفریدی مذاکرات کے ڈرافٹ کی منظوری افغانستان سے لے رہے تھے، طارق فضل چوہدری

محمود اچکزئی کے حوالے سے خبریں میڈیا پر آئیں، محمود اچکزئی نے کہا عمران خان سے ملاقات کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھا جا سکتا

مذاکرات میں ملاقات کا ٹائم فریم اور ایک مستند حل موجود تھا، چیزیں اس وقت حل ہو جاتیں تو شاید معاملات اب مختلف ہوتے' وفاقی وزیر پارلیمانی اُمور

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی مذاکرات کے ڈرافٹ کی منظوری افغانستان سے لے رہے تھے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر مذاکرات شروع ہوئے، ہمیں کافی امید تھی کہ مذاکرات نتیجہ خیز ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے دوران جو

بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

کسی خدمتگار کی خدمت کا اعتراف بذات خود ایک بڑی سماجی خدمت ہے، جعفر مندوخیل

ایوارڈ حاصل کرنے والے ریسرچرز اور ٹیچرز اس اعزاز کو اپنی آخری منزل کی بجائے ایک نئی ذمہ داری سمجھیں

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ معاشرے میں کسی کی صلاحیت کو پہچاننا، اس کی محنت یا خدمت کا اعتراف کرنا بذات

بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

امریکا ایران کے خلاف جنگ سے جلد نکل سکتا ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

یورپ ساتھ نہیں کھڑا ہوا، اگر یورپ نے اپنا رویہ نہ بدلا تو امریکا کو یورپ سے نکلنا پڑے گا

توپیکا (آئی این پی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا ایران کے خلاف جنگ سے جلد نکل سکتا ہے، ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں

بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پاکستان اور قطر کا داخلی سکیورٹی و انسداد دہشت گردی تعاون اور سکیورٹی پارٹنرشپ مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

دوحہ میں محسن نقوی کی قطری ہم منصب شیخ خلیفہ بن حمد آل ثانی سے ملاقات، علاقائی امن و استحکام اور دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال

پاکستان اور قطر علاقائی امن و استحکام کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں داخلی سکیورٹی سے متعلق شعبوں میں باہمی اشتراک کو فروغ دیا جائے گا

دوحہ (آن لائن) پاکستان اور قطر نے داخلی سکیورٹی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے، سکیورٹی پارٹنرشپ مضبوط بنانے اور علاقائی امن و استحکام کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ اتفاق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح، ٹیکس نیٹ کا دائرہ کار بڑھانا ناگزیر ہے، وزیر خزانہ

ٹیکس اصلاحات کے باعث جی ڈی پی کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، معاشی اصلاحات سے شرح نمو بہتر ہوئی ہے، اصلاحات کے ذریعے سے معاشی استحکام کی جانب گامزن ہیں

زرمبادلہ کے ذخائر صرف دو ہفتوں کی درآمدات کیلئے کافی رہ گئے تھے، پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تین ماہ سے زیادہ کی درآمدات کیلئے کافی ہیں' محمد اورنگزیب

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ وزارت خزانہ کے زیر اہتمام ٹیکس نظام میں اصلاحات سے متعلق ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ٹیکس نظام میں بہتری کیلئے اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے، ٹیکس کا دائرہ بڑھانے کیلئے اقدامات کئے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

قوم کو یکجا ہونا چاہیے دہشتگردی کے معاملے پر اپوزیشن کیساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں، رانا ثناء اللہ

خیبر پختونخوا حکومت نے دہشت گردی کیخلاف ساتھ دینے سے انکار کیا تھا' بلوچستان کی حکومت دہشت گردی کیخلاف ریاست کا ساتھ دے رہی ہے

اسپیکر کے دستخط سے بننے والے اپوزیشن لیڈر انہی کے چیمبر میں جانے کو تیار نہیں، اگر اپوزیشن لیڈر اسپیکر کو نہیں مانتے تو پھر مراعات کیوں لے رہے ہیں؟

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ دہشتگردی کا مسئلہ پوری قوم کو درپیش ہے، قوم کو یکجا ہونا چاہیے، دہشتگردی کے معاملے پر اپوزیشن کیساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

آبنائے ہرمز میں ایرانی حملے بند ہونے چاہئیں
بحران کا جلد پرامن حل نکلنا خطے کے تمام ممالک کے مفاد میں ہے، قطر

بین الاقوامی قوانین کے تحت سمندری جہاز رانی کی آزادی کا احترام کرنا چاہیے اور آبنائے ہرمز کو بین الاقوامی آمد و رفت کے لیے کھولنا چاہیے

کشیدگی کے اثرات کسی ایک ملک تک محدود نہیں رہیں گے امریکا اور ایران کے درمیان بحران کا واحد حل مذاکرات اور پرامن سفارت کاری ہے

دوحہ (نیوز ایجنسیاں) قطر نے ایران سے آبنائے ہرمز میں غیر ذمہ دارانہ حملے فوری بند کرنے اور

بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں



صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ایڈیشنل چیف سیکرٹری حمزہ شفقات اور شاہد رند پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین 7 دن کی اوسط پر ہوتا ہے، علی پرویز ملک

پٹرولیم کمپنیوں نے منافع کم کیا ہے جس کی وجہ سے گزشتہ روز قیمتوں میں زیادہ کمی کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے پٹرولیم علی پرویز ملک نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین سپلائی برقرار رکھنے، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی روکنے کیلئے عالمی منڈی کی قیمتوں کے تناظر میں کیا جاتا

بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

بیوروکریٹس سیاستدانوں سے زیادہ طاقتور، مستقل حکمرانی ان کے پاس ہے، خواجہ آصف

سیاست دان آتے جاتے رہتے ہیں جبکہ بیوروکریسی کا اقتدار ہر حکومت میں برقرار رہتا ہے، تمام افراد کے احتساب کا کیا جائے

میرے پاس براہِ راست تو اختیارات نہیں ہیں لیکن میں ایک نظام کے اندر رہ کر، اگر اس نظام میں کچھ چیزیں محسوس کرتا ہوں' انٹرویو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بیوروکریٹس سیاست دانوں سے زیادہ طاقتور ہیں، کیونکہ مستقل حکمرانی ان کے پاس ہے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

میر رضا کی ہلاکت خودکشی نہیں قتل ہے، جے آئی ٹی بنائی جائے، جوڈیشل کمیشن

تفتیش میں سنگین کوتاہیاں ہوئیں، لاش پر تیزاب کے نشانات ملے، قصورواروں کے خلاف کارروائی کی سفارش

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ حکومت نے جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ شائع کر دی جس میں کمیشن نے قرار دیا ہے کہ میر رضا کی موت خودکشی نہیں بلکہ قتل تھا

بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیر تجارت سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات

سرمایہ کاری، دوطرفہ تجارت اور اقتصادی تعاون بڑھانے بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے امریکی ناظم الامور نٹالی اے بیکر نے ملاقات کی جس دوران دونوں ملکوں کے درمیان

بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پاکستان تحریک انصاف میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے، کور کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں رہنما ایک دوسرے پر شدید تنقید

بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

ورلڈ گرین اکانومی سمٹ 2026 آج سے دبئی میں شروع ہوگی

دنیا بھر سے ماہرین اور جدت کاروں سمیت 135 مقررین شرکت کریں گے

دبئی (این این آئی) ورلڈ گرین اکانومی سمٹ (ڈبلیو جی ای ایس) کا 12واں ایڈیشن 21 اکتوبر کو دبئی کے نائب صدر، وزیراعظم اور حکمران شیخ محمد بن

بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

یکم جنوری سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ کرنے کی تجویز

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں یکم جنوری 2027 سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ ہونے کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں



اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان امریکی ناظم الامور ملاقات کیلئے آ رہے ہیں

حملہ کرو اور بھاگ جاؤ کا زمانہ ختم ہو گیا ایران پیچھا کریگا، اسماعیل بقائی

مذاکرات برابری کی بنیاد اور ٹھوس ضمانتوں پر ہونا چاہیے جس کا ثبوت امریکا اپنے کردار سے بھی فراہم کرے

تہران اپنے دفاع کے لیے فوجی طاقت کے ساتھ سفارت کاری بھی جاری رکھے گا' ترجمان وزارت خارجہ کی بریفنگ

تہران (نیوز ڈیسک) ایران نے امریکا کو خبردار کیا ہے کہ اب حملہ کر کے بچ نکلنے کا دور ختم ہو چکا، ہم پیچھا کریں گے اور بھرپور جواب دیں گے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے ہفتہ وار پریس

بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم سے مصطفیٰ کمال کی ملاقات، وزارت سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے ملاقات کی جس میں وزارت قومی صحت سے متعلق امور پر بات

بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں



کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل بیوٹمز یونیورسٹی میں ایوارڈز تقسیم کر رہے ہیں

پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری کے ذریعے اداروں کی کارکردگی کو مؤثر بنایا جاسکتا ہے، سید احمد عبداللہ

یونیسف کے پاکستان میں کنٹری آفس کے سیکیورٹی مینیجر پی سی او کا بی سی ہیڈکوارٹر کا دورہ

کمانڈنٹ بی سی اشفاق احمد اور ڈپٹی کمانڈنٹ ڈی آئی جی پولیس شہلا قریشی نے انکا استقبال کیا

کوئٹہ (خ ن) اقوام متحدہ کے بچوں کے فنڈ (یونیسف) کے پاکستان میں کنٹری آفس کے سیکیورٹی مینیجر پی سی او سید احمد عبداللہ نے بلوچستان کانسٹیبلری ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا، جہاں کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد اور ڈپٹی کمانڈنٹ ڈی آئی جی پولیس محترم شہلا قریشی نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر ایس ایس ہیڈکوارٹر کمال خان کبزئی بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران انہیں بلوچستان کانسٹیبلری کے تنظیمی ڈھانچے، پیشہ ورانہ ذمہ داریوں، امن وامان کے قیام، اہم تنصیبات اور سرکاری وعوامی مقامات کی سیکیورٹی کے لیے کیے جانے والے اقدامات اور فورس کی عملی استعدادِ کار کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے فورس کے فرائض، تربیتی سرگرمیوں، نظم وضبط، پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ سیکیورٹی انتظامات کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہیں بلوچستان کانسٹیبلری کی جانب سے امن وامان کے قیام، حساس مقامات کی حفاظت اور دیگر اہم سیکیورٹی ذمہ داریوں کی انجام دہی کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ دورے کے دوران سیکیورٹی سے متعلق امور، ادارہ جاتی تعاون اور پیشہ ورانہ تجربات کے تبادلے کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات، باہمی رابطوں اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری کے ذریعے اداروں کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ یونیسف پاکستان کنٹری آفس کے سیکیورٹی مینیجر پی سی او سید احمد عبداللہ نے بلوچستان کانسٹیبلری کے انتظامی و سیکیورٹی امور میں دلچسپی کا اظہار کیا اور فورس کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور انتظامی اقدامات کے بارے میں معلومات حاصل کیں

سول ہسپتال استا محمد میں مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایات کا نوٹس لیا جائے

گائنی وارڈ و میڈیکل اسٹور کی نگرانی پر سوالات۔ قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی کی جائے

استا محمد (نامہ نگار) تحصیل ہیڈکوارٹر سول ہسپتال استا محمد میں مبینہ انتظامی بے ضابطگیوں سے متعلق شکایات سامنے آنے لگی ہیں۔ ذرائع کے مطابق سابق ایم ایس کے تبادلے کے باوجود ہسپتال کے بعض شعبوں میں انتظامی معاملات تاحال توجہ کے متقاضی ہیں، جبکہ گائنی وارڈ اور میڈیکل اسٹور کے انتظامی امور پر بھی سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ گائنی وارڈ میں گزشتہ کئی ماہ سے تقریباً 20 خواتین مبینہ طور پر غیر قانونی یا غیر واضح انتظامی حیثیت کے تحت کام کر رہی ہیں۔ اس حوالے سے گائنی وارڈ کے میڈیکل انچارج اور متعلقہ اسٹاف کے کردار کی بھی جانچ ضروری قرار دی جا رہی ہے۔ تاہم ان خواتین کی تعیناتی، ڈیوٹی اور ملازمت کی قانونی حیثیت سے متعلق سرکاری ریکارڈ کی تصدیق ہونا باقی ہے۔ دوسری جانب ہسپتال کے اہم شعبے میڈیکل اسٹور کے حوالے سے بھی تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ پانچ سے چھ ماہ سے ایک مبینہ غیر متعلقہ شخص میڈیکل اسٹور کے امور سنبھالے ہوئے ہے۔ اس صورتحال نے یہ سوال پیدا کر دیا ہے کہ میڈیکل اسٹور پر باقاعدہ تعینات عملہ کہاں ڈیوٹی انجام دے رہا ہے اور ادویات کے اجرا، اسٹاک کے اندراج اور دیگر امور کی نگرانی کس کے ذمہ ہے؟ ہسپتال میں ادویات کی فراہمی اور مریضوں کے علاج سے متعلق معاملات انتہائی اہمیت رکھتے ہیں، اس لیے میڈیکل اسٹور کے انتظامی امور، متعلقہ عملے کی حاضری اور ذمہ داریوں کی شفاف جانچ ضروری ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ بے ضابطگی کی نشاندہی کی جا سکے۔ واضح رہے کہ ہسپتال کے نئے تعینات ہونے والے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سید زین العابدین شاہ کے حوالے سے مثبت توقعات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ انہیں انتظامی امور کی بہتری کے سلسلے میں بعض رکاوٹوں کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ان دعوؤں کی آزادانہ تصدیق ضروری ہے۔ عوامی حلقوں نے ضلعی ناظم صحت استا محمد اور ایم ایس تحصیل ہیڈکوارٹر سول ہسپتال استا محمد سے مطالبہ کیا ہے کہ گائنی وارڈ میں کام کرنے والی خواتین کی تعیناتی اور قانونی حیثیت، میڈیکل اسٹور پر موجود عملے کی ڈیوٹی، حاضری اور ذمہ داریوں کی مکمل جانچ کرائی جائے۔



کمانڈنٹ بی سی اشفاق احمد یونیسف کے کنٹری آفیسر کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

محبوب خان بڑیچ عرف (بابو خان)

انتقال کر گئے



کوئٹہ (پ ر) محبوب خان بڑیچ عرف (بابو خان) بقضائے الٰہی سے انتقال کر گئے وہ مرحوم حاجی عبدالعزیز خان بڑیچ کے صاحبزادے، مرحوم حاجی صاحب خان بڑیچ، حاجی حیات خان بڑیچ، محمد خان بڑیچ، دارو خان بڑیچ، انجینئر پی ایچ ای عبدالقدوس خان بڑیچ ٹھیکیدار حاجی روزی خان بڑیچ کے بھائی اور محمد عثمان بڑیچ کے والد تھے مرحوم کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا مرحوم کی فاتحہ خوانی ان کی رہائش گاہ ارباب غلام علی روڈ کلی دیبہ حاجی اکبر اسٹریٹ کے مسجد میں ہو رہی ہے

سابق صوبائی وزیر تعلیم سردار نثار علی ہزارہ انتقال کر گئے



کوئٹہ (پ ر) سردار محمد عیسی خان مرحوم کے صاحبزادے سردار محمد حسین ماموں مرحوم۔ سردار سعادت علی ہزارہ مرحوم کے بڑے بھائی۔ غیور علی۔ محمد علی کے والد کرنل ر علی مہدی کے سسر۔ میجر ر حاجی اعجاز۔ محمد اکبر کے ماموں سردار حیدر ہزارہ کے تایا۔ حاجی فدا حسین حاجی نثار و سجاد علی کے بہنوئی تھے مرحوم کی میت بروز جمعرات تدفین کے لیے اٹھایا جائیگا

جعفر آباد کے سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹرز کی بروقت حاضری اور ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت، ڈپٹی کمشنر خالد خان

جعفر آباد (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر خالد خان کی زیر صدارت ضلعی ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے سرکاری اسپتالوں اور صحت کے مراکز میں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی حاضری، مریضوں کو ادویات کی فراہمی سمیت صحت کے شعبے سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اس بات پر گفتگو کی گئی کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو کس طرح مزید بہتر بنایا جاسکتا ہے اور سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹرز کی بروقت حاضری کو یقینی بنانے کے لیے کیا اقدامات ضروری ہیں۔ اجلاس میں ادویات کی دستیابی، مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی اور صحت کے مراکز کی مجموعی کارکردگی سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے اور سرکاری طبی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ صحت کے مراکز میں طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ عوام کو سرکاری اسپتالوں میں بہتر طبی سہولیات میسر آسکیں۔

سردار نثار علی خان ہزارہ کا انتقال بلوچستان کے لیے بڑا نقصان ہے، کاشف حیدری

ان کی وفات سے بلوچستان ایک اہم سیاسی وسماجی شخصیت سے محروم ہوگیا ہے واحد ہادی ودیگر

کوئٹہ (پ ر) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری، صوبائی رہنما واحد ہادی، قاسم رضا، محمد مہدی، عزت اللہ کاظمی، رکن سپریم کونسل الیاس علی، جمشید علی، منظور حسین، محمد علی، ناصر علی حیدری، لالا عبدل احمد، محمد حسین، عبدالحکیم، حاجی عبدالحئی سمیت دیگر رہنماؤں نے سابق صوبائی وزیر سردار نثار علی خان ہزارہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی وفات بلوچستان اور ہزارہ قوم کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مرحوم سردار عیسیٰ خان کے فرزند اور سابق آرمی چیف جنرل محمد موسیٰ خان کے بھتیجے تھے۔ ان کی وفات سے بلوچستان ایک اہم سیاسی وسماجی شخصیت سے محروم ہوگیا ہے۔ سردار نثار علی خان ہزارہ کی جدائی سے پیدا ہونے والا خلا ایک بڑا صدمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ مرحوم کے اہل خانہ، عزیز واقارب اور پوری ہزارہ قوم کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان سمیت تمام پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق وصبر جمیل عطا فرمائے



گوادر، وزیراعلیٰ کی ہدایت پر میر عبدالغفور کلمتی ہسپتال کیلئے ادویات پہنچائی جارہی ہیں

استا محمد، محکمہ زراعت میں اعلیٰ آسامیوں پر جونیئر افسران کی تعیناتیوں کا نوٹس لیا جائے

وزیراعلیٰ چیف سیکرٹری اور سیکرٹری محکمہ زراعت سے شفاف جانچ پڑتال کرانے کا مطالبہ

استا محمد (نامہ نگار) ضلع استا محمد کے محکمہ زراعت میں اعلیٰ آسامیوں پر جونیئر افسران کی تعیناتیوں کا معاملہ، نوٹس لینے کا مطالبہ ذرائع گریڈ 18 کی ڈپٹی ڈائریکٹر اور گریڈ 19 کی ڈائریکٹر آسامی پر تعیناتیوں کا جائزہ لینے کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری اور سیکرٹری زراعت سے اپیل ضلع استا محمد کے محکمہ زراعت کے مختلف شعبوں میں اعلیٰ گریڈ کی آسامیوں پر جونیئر افسران کی تعیناتیوں کے حوالے سے سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ جبکہ ذرائع کے مطابق ریسرچ کے شعبے میں افسران سمیت 50 سے 60 ملازمین تعینات ہیں اکثر ڈیوٹی نہ کرنے والے ملازم سے ماہانہ 7 سے 8 ہزار روپے رشوت لیکر ان کو آزاد چھوڑا ہوا ہے اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری محکمہ زراعت سے فوری نوٹس لینے اور تعیناتیوں کی شفاف جانچ پڑتال کرانے کا مطالبہ کیا گیا ہے ذرائع کے مطابق سیڈ فارم میں مسعود احمد جمالی، ایگریکلچر ایکسٹینشن میں عمران علی لاشاری اور آن فارم واٹر مینجمنٹ میں فرمان علی سومرو کے حوالے سے متعلقہ انتظامی عہدوں پر تعیناتیوں کا معاملہ سامنے آیا ہے اطلاعات کے مطابق گریڈ 18 کی ڈپٹی ڈائریکٹر کی آسامیوں پر گریڈ 17 کے ایگریکلچر افسران تعینات ہیں۔ اسی طرح ایگریکلچر ریسرچ کے شعبے میں گریڈ 19 کی ڈائریکٹر کی آسامی پر مٹھا خان گولہ کی تعیناتی بھی زیر بحث ہے، جن کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ گریڈ 17 کے افسر ہیں۔ محکمہ زراعت کے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ ان تعیناتیوں کے احکامات، افسران کی اہلیت، سنیارٹی اور متعلقہ سروس رولز کا جائزہ لیا جائے تاکہ واضح ہو سکے کہ مذکورہ تعیناتیاں قواعد وضوابط کے مطابق ہیں یا نہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری زراعت سے اپیل کی گئی ہے کہ معاملے کی شفاف انکوائری کرائی جائے اور اگر کسی قسم کی بے ضابطگی ثابت ہو تو قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ محکمہ زراعت میں میرٹ، شفافیت اور انتظامی نظم وضبط کو یقینی بنایا جاسکے

ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہ سلیمان ڈاکٹر محمد سلیم زرکون کا بارکھان کے تعلیمی اداروں کا دورہ

بارکھان میں تعلیمی معیار کی بہتری اور کلسٹر سامان کی شفاف فراہمی یقینی بنانے پر زور

بارکھان (خ ن) حکومتِ بلوچستان کی تعلیمی اصلاحات، سرکاری اسکولوں کی فعالیت اور تعلیمی معیار میں بہتری کے اقدامات کے تحت ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے ضلع بارکھان کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی سرگرمیوں اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈویژنل ڈائریکٹر نے گرلز ہائی اسکول مدینہ مسجد بارکھان کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اساتذہ اور طالبات کی حاضری مکمل جبکہ تدریسی سرگرمیاں جاری پائی گئیں۔ انہوں نے اسکول میں جاری تعلیمی عمل کا جائزہ لیا اور تعلیمی سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔

رسم سوئم



کوئٹہ (پ ر) سابق سیکریٹری / کمشنر سندھ وبلوچستان (مرحوم کیپٹن (R) عبدالرحمٰن ترین کی رسم سوئم آج بروز بدھ بوقت ظہر ادا کی جائیگی۔ مرحوم، سابق ڈپٹی سیکریٹری (ہوم) پنجاب ملک اختر محمد ترین مرحوم کے صاحبزادے، سابق ڈی۔ جی (ہیلتھ) وسیکریٹری ویمن ڈویلپمنٹ، پاپولیشن ویلفئر ڈاکٹر عبدالرشید ترین (مرحوم) اور سابق ڈپٹی کمشنر مرحوم عبدالغنی ترین کے چھوٹے بھائی۔ وہ عمران ترین، سلمان ترین اور عدنان ترین کے والد۔ سابق UBL Bank دبئی کے سینئر برانچ مینیجر ندیم خان ترین سابق چیف انجینئر اریگیشن شعیب خان ترین کے بہنوئی، سابق ایم ایس فیڈرل گورنمنٹ ہاسپٹل ڈاکٹر حق داد ترین کے ہمزلف، سابق ڈائریکٹر ایگریکلچر مرحوم عبیداللہ خان بازئی اور سابق ڈی سی حمیداللہ شیرانی کے برادر نسبتی تھے۔ فاتحہ خوانی: مرکزی جامع مسجد جناح ٹاؤن میں جاری ہے۔ خواتین کی فاتحہ خوانی رہائش گاہ) ہاؤس نمبر (A-18 جناح ٹاؤن، سمنگلی روڈ پر ہو رہی ہے

میموریل سروس



پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سوشل ورکر انتظار مسیح کے صاحبزادے اور سینئر رہنما شاہ انتظار کے بھائی آکاش عظیم کی میموریل سروس بروز بدھ 21 اکتوبر بروری روڈ ٹی بی ہسپتال انکی رہائش گاہ پر دوپہر 3 بجے ہوگی دوست احباب عزیز واقارب سے خصوصی دعاء میں شرکت کیلئے تشریف لائیں

جامعہ تربت میں فارغ التحصیل طلبہ کی پیشہ ورانہ ترقی اور کیریئر گائیڈنس کیلئے المنائی نیٹ ورکنگ کا آغاز

تربت (آئی این پی) جامعہ تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی ہدایت پر کوالٹی انہانسمنٹ سیل (کیو ای سی) کے ڈیٹا مینجمنٹ سسٹم کے تحت المنائی نیٹ ورکنگ کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد فارغ التحصیل طلبہ (Alumni) کی پیشہ ورانہ ترقی، باہمی روابط کے فروغ اور کیریئر میں آگے بڑھنے کے لیے معاونت فراہم کرنا ہے۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق ڈگری کی تکمیل کے بعد بھی طلبہ کی مسلسل رہنمائی اور کیریئر گائیڈنس جامعہ تربت کے وژن اور اسٹریٹجک پلان کا بنیادی حصہ ہے۔ یہ نیٹ ورک گریجویٹس کو قومی و عالمی سطح پر پیشہ ور افراد سے جوڑنے، روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع فراہم کرنے اور جامعہ تربت کی تقریبات، بزم المنائی اور فیصلہ سازی میں گریجویٹس کی شرکت کو یقینی بنانے کا مؤثر ذریعہ ثابت ہوگا۔ مزید برآں، ادارے کی ترقی کے لیے المنائی کی تجاویز کو ترجیح دینے کے ساتھ ساتھ انٹرن شپس اور روزگار کے مواقع کی فراہمی، نیز موجودہ طلبہ کی رہنمائی کے لیے بھی ان کے تجربے سے استفادہ کیا جائے گا۔



پارلیمانی سیکرٹری ڈاکٹر ربابہ بلیدی کو سیکرٹری ڈبلیو ڈی ڈی شیر شاہ غلزئی بریفنگ دے رہے ہیں

ملک میں سیاسی عدم استحکام سے بحرانوں میں اضافہ ہو رہا ہے قاری شاہ محمد

غیر آئینی اقدامات سے دہشتگردی ختم نہیں ہوگی بلکہ مزید عوام مایوس ہونگے مولوی عبدالوکیل حقیار

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام پاکستان تحصیل سراوان کے امیر قاری شاہ محمد جنرل سیکرٹری مولوی عبدالوکیل حقیار سرپرست اعلیٰ حاجی امین اللہ آغا نائب امیر مولوی نجیب اللہ سیکرٹری مالیات مولوی ریاض الدین معاون مالیات مولوی محمد ابراہیم مولوی محمد معاویہ سیکرٹری اطلاعات انجینئر عبدالہادی ترین معاون اطلاعات مولوی محمد کامران سالار مولوی احمد شاہ معاون سالار حافظ صدیق اللہ میڈیا کوآرڈینیٹر سید اکبر شاہ اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت کی غیر سنجیدگی کی وجہ سے ملک بالخصوص خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں امن وسلامتی سنگین خطرات سے دوچار ہیں۔ ملک میں فیصلوں کا اختیار عوام کے منتخب نمائندوں اور پارلیمنٹ کی بجائے مقتدر قوتوں کے ہاتھ میں ہے انہوں نے کہا خیبر پختونخوا میں غیر آئینی گورنر راج اور ایمرجنسی لگانے سے عوامی مینڈیٹ پر دن دھاڑے حملہ ہے منتخب اور عوامی نمائندہ حکومت کو ختم کرنے سے دہشتگردی ختم نہیں ہوگی بلکہ عوام میں مزید مایوسی ہوگی انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کروڑوں عوام کی امانت ہے اور اسکے مستقبل کے فیصلے کسی بند کمرے میں نہیں بلکہ آئین، پارلیمان اور عوامی مینڈیٹ کی روشنی میں ہونے چاہیے رہنماں نے کہا جمہوریت محض اقتدار حاصل کرنے کا نعرہ نہیں بلکہ آئین کی پاسداری، قانون کی حکمرانی، اختلاف رائے کا احترام اور عوام کے حقوق کی تحفظ کا نام ہے مگر افسوس کہ جب اصولوں کی جگہ مفاد پرستی، قانون کی جگہ طاقت اور عوامی رائے کی جگہ من پسند اور خواہشات کے فیصلے لے لیں تو ریاست کا اعتماد اور جمہوری نظام کی ساکھ بری طرح متاثر ہوتی ہے لہذا وقت کے حکمران ہوش کے ناخن لے مزید اپنے عوام کو ذلیل کرنے کی بجائے انہیں روزگار معیشت اور بالخصوص تحفظ کی ذمہ داری پوری کریں انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی سیاسی بے یقینی، معاشی بدحالی، مہنگائی، بے روزگاری، اور بدامنی، اس بات کا ثبوت ہے کہ عوامی مسائل حل کرنے کی بجائے اقتدار اور خواہشات کی رسہ کشی کو ترجیح دی جارہی ہے مزید انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا میں غیر آئینی گورنر راج اور ایمرجنسی کو فی الفور ختم کیا جائے تاکہ منتخب عوامی نمائندے اپنے حلقے میں مزید ترقیاتی کام اور عوامی مسائل سنے تاکہ خیبر پختونخوا کے عوام امن اور خوشحالی کے ساتھ زندگی گزار سکے

عوامی خدمات اور شہریوں کے تحفظ کیلئے جعفر آباد میں کمیونٹی فورم کا قیام

جعفر آباد (نامہ نگار) عوامی خدمات کے حوالے سے شہریوں کے تحفظات پر غور کرنے کے لیے جعفر آباد میں کمیونٹی فورم کا انعقاد سٹیزن نیٹ ورک فار بجٹ اکاؤنٹیبلٹی کی پارٹنر تنظیم نسا ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام جعفر آباد میں ایک کمیونٹی اکاؤنٹیبلٹی فورم۔ عوامی احتساب فورم کا انعقاد کیا گیا فورم کا مقصد صحت تعلیم اور بلدیاتی خدمات کے شعبوں میں عوامی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے شہریوں کے تجربات آرا اور تحفظات پر تبادلہ خیال کرنا اور متعلقہ حکام کی توجہ مقامی سطح پر درپیش مسائل کی جانب توجہ مبذول کروانا تھا فورم متعلقہ اسٹیک ہولڈرز مقامی شہریوں کمیونٹی ورکرز کسان خواتین مزدور نوجوان اور سول سوسائٹی کے ارکان سمیت شرکا کی بڑی تعداد نے شرکت کی شرکا نے اپنے تجربات کا باہمی تبادلہ کیا عوامی خدمات کی فراہمی درپیش مشکلات کی نشاندہی کی فورم سے خطاب کرتے ہوئے نور میمن ایگزیکٹو ڈائریکٹر نسا ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن نے کہا کہ بجٹ سازی کے عمل میں مقامی کمیونٹی کی آواز اور ضروریات کو شامل کرنا اشد ضروری ہے بجٹ محض اعداد وشمار اور سرکاری دستاویزات کا نام نہیں بلکہ اس کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا اور انکے معیار زندگی کو بہتر بنانا ہے

گوادر ٹیچنگ ہسپتال کو ادویات کی فراہمی اور خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے اقدامات قابل تحسین ہیں، میر ارشد کلمتی

میر عبدالغفور کلمتی ویلفیئر فاؤنڈیشن کا ادویات کی فراہمی اور طبی عملے کی کمی دور کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان سے اظہار تشکر

گوادر (خ ن) میر عبدالغفور کلمتی ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین میر ارشد کلمتی نے میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کے لیے ادویات کی فراہمی اور خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے حوالے سے اقدامات پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ میر ارشد کلمتی نے کہا کہ ہسپتال میں ادویات کی فراہمی اور طبی عملے کی کمی دور کرنے کے لیے اقدامات عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہیں۔

بقیہ 01

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلا کر صورتحال سے آگاہ کیا جائے، کے پی کے میں جو عبوری کونسل بن رہی ہے جے یو آئی کا کوئی رکن اس میں شامل نہیں ہوگا، اس وقت طاقتور قوتوں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہو رہا ہے، صدر مملکت نے آئین کے تقاضے پورے نہیں کیے ہم نے حکومت میں ہوتے ہوئے اختلاف بھی کیا ہم اپوزیشن میں ہوتے ہوئے اتفاق بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کی مرکزی مجلس شوری کے فیصلوں سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں ہماری جماعت سیاسی مکالمے پر یقین رکھتی ہے حکومتی پالیسیوں پر تحفظات ہوں تو الزام تراشیوں کے بجائے سیاسی انداز میں جواب دیا جانا چاہیے ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلا کر بات کر لی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی میں گورنر راج کو مسترد کرتے ہیں، گورنر راج کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے کئی آپریشنز ہوئے مگر نتائج کیا ملے؟ مسلم لیگ)ن (کی حکومت نے فاٹا کو صوبے میں شامل کیا، آج وہی مسلم لیگ)ن (سابق فاٹا کو مرکز میں دے چکی ہے، ہماری نظر میں یہ سب صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے، حکومت پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلائے، گورنر راج بلاجواز ہے کونسل کی تشکیل میں جے یو آئی کا کوئی رکن شامل نہیں ہوگا، اقتدار ہٹانا بنانا طاقت کے بجائے آئین کے مطابق ہونا چاہیے، ذوالفقار علی بھٹو اور آصف علی زرداری نے گورنر راج لگائے کیا اس وقت اس کو مانا گیا؟ صدر نے اطمینان کے بغیر دستخط کرکے آئینی تقاضے کی نفی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ کوئی ایک طاقت قوم کے مفاد کی ترجمانی نہیں کر سکتی، آج ایشیا دوبارہ عالمی سطح کا معاشی حب بنتا جارہا ہے، ہمیں مستقبل کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے لائحہ عمل بنانا چاہیے، اسلامی دنیا کا ایک بلاک ہونا چاہیے، اسلامی کانفرنس ایک غیر مؤثر بلاک ہے ایک مؤثر بلاک ہونا چاہیے، سعودیہ عرب پر حوثیوں کے حملے مسلم اتحاد کو روکنے کی کوشش ہیں۔ مولانا نے کہا کہ دہشت گردی کے باعث ہم نے بھی ڈیڑھ سو سے زائد لاشیں اٹھائیں، ہم نے بندوق کی سیاست کی نفی کی، پرویز مشرف نے نیا نظام دیا اور وہ نظام ناکام ہوا، پولیس کو انتظامیہ سے لاتعلق کیا اور پھر اس کو واپس لینے کی باتیں ہوئیں، آج پھر 25 سال بعد اسی نظام کو بحال کرنے کی باتیں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فاٹا کے انضمام پر ہم نے کہا اس پر وسیع مشاورت ہونی چاہیے مگر فیصلہ پورے کا پورا فاٹا کے لوگوں پر تھوپ دیا گیا، ایمرجنسی بھی انہی اضلاع میں لگائی گئی ہے فاٹا کے عمائدین کو بلا کر انضمام کے بارے میں پوچھا گیا ہے ان ملاقاتوں میں اتفاق کیا گیا ہے کہ یہ مکمل ناکام ہوا ہے، نواز شریف، شہباز شریف اور آصف زرداری کے ساتھ پہلے بھی احترام کا رشتہ تھا اور آج بھی ہے، کولن پاول نے کہا تھا فاٹا میں فوج بھیجنے کی تجویز ہماری تھی ہمیں سرمایہ کاری سے اختلاف نہیں لیکن صرف امریکا دلچسپی کیوں لے رہا ہے؟ قوم کیلئے یہ چیزیں رکھی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ فاٹا جرگہ بلا رہے ہیں اسلام آباد میں طلبا کنونشن بلائیں گے ہم 26 نومبر کو سرگودھا عوامی اجتماع کریں گے، شوری نے کہا ہے نئے الیکشن کروائے جائیں ہم 2018 اور 2024 کے الیکشن نتائج کو تسلیم نہیں کرتے، ہم کسی سے بھی حب الوطنی کا سرٹیفکیٹ نہیں مانگ رہے، ہم نے پارلیمنٹ میں حلف اٹھایا ہے اور اس کا پاس رکھتے ہیں۔

بقیہ 02

آہنگی کے لیے تجارت، توانائی اور ٹرانسپورٹ کے بنیادی ڈھانچے میں ہدف پر مبنی سرمایہ کاری ناگزیر ہے، چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) ایس سی او کے تمام شراکت دار ممالک کو علاقائی اقتصادی ہم آہنگی کے مشترکہ سفر میں شامل ہونے اور اسے تیز کرنے کا اہم موقع فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے ایس سی او کے تحت باہمی تصفیوں کے لیے قومی کرنسیوں کے استعمال کو فروغ دینے اور ایس سی او ترقیاتی بینک، ترقیاتی فنڈ اور سرمایہ کاری فنڈ کے قیام کی کوششیں تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان اقدامات سے ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھانے اور خطے کو عالمی مالیاتی بحرانوں کے اثرات سے محفوظ رکھنے میں مدد ملے گی۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ تحفظ پسند پالیسیاں اور یکطرفہ جبری اقدامات بین الاقوامی قانون کے اصولوں کے منافی ہیں جو اقتصادی ترقی کو محدود، تکنیکی پیش رفت میں رکاوٹ اور عدم مساوات میں اضافہ کرتے ہیں، منصفانہ عالمی ترقی کے لیے عالمی مالیاتی ڈھانچے اور تجارتی نظام میں اصلاحات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے خطے میں دیرپا امن وسلامتی ناگزیر ہے اور افغانستان میں استحکام علاقائی امن کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن، مستحکم، علاقائی طور پر مربوط اور خوشحال افغانستان کا خواہاں ہے جو اپنے اندرونی معاملات اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ امن سے رہ سکے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان کی ترقی اور وہاں کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مخلصانہ کوششیں کی ہیں تاہم افغان طالبان حکومت سے پاکستان کی صرف ایک توقع ہے کہ افغان سرزمین پاکستان اور دنیا کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد کے طور پر پرامن اور مستحکم ہمسائیگی کے عزم پر قائم ہے۔ نائب وزیراعظم نے ایس سی او کے تحت پاکستان کی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے 2024 میں اسلام آباد میں سربراہان حکومت کی کونسل کے اجلاس کی میزبانی کی جبکہ رواں سال ایس سی او کے انسداد دہشت گردی ڈھانچے کی سربراہی کامیابی سے مکمل کی۔ غربت کے خاتمے سے متعلق ایس سی او ورکنگ گروپ کے چیئرمین کی حیثیت سے پاکستان اپنے تجربات کا تبادلہ اور دیگر ممالک کے تجربات سے استفادہ کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان رواں سال غربت میں کمی کے لیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے کردار کو اجاگر کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ایس سی او چیئرمین شپ کے لیے وزیراعظم شہباز شریف نے وژن کو عملی اقدامات میں بدلنا: رابطے، جدت اور مشترکہ خوشحالی کا موضوع پیش کیا ہے۔ اس کے تحت امن، سلامتی اور باہمی اعتماد، علاقائی رابطوں اور تجارت، جدت و مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل تبدیلی، موسمیاتی لچک اور پائیدار توانائی، عوامی روابط کو ترجیحی شعبوں میں شامل کیا گیا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کے نزدیک مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل تبدیلی، جدت، توانائی کے شعبے میں تعاون اور بین الاقوامی معلوماتی سلامتی ایس سی او کے مستقبل کے تعاون کے اہم ستون ہونے چاہئیں۔ انہوں نے ایس سی او کے سربراہان حکومت کی کونسل کے رواں سال کے اجلاس کی کامیاب تکمیل پر تاجکستان کی حکومت، تنظیم کے مستقل اداروں کے سربراہان، سیکرٹری جنرل نورلان یرمیک بائیف اور ایس سی او کے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے) ایس سی او آر اے ٹی ایس (کی ایگزیکٹو کمیٹی کے ڈائریکٹر اولار بیک شار شیف کو مبارکباد دی۔ انہوں نے قومی رابطہ کاروں اور مختلف ایس سی او میکانزم کے تحت کام کرنے والے ماہرین کی کوششوں کو بھی سراہا جنہوں نے اجلاس میں منظور کیے جانے والے دستاویزات اور فیصلوں کو حتمی شکل دینے میں مدد دی۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ مشترکہ اعلامیہ اور بیانات رکن ممالک کی مشترکہ امنگوں اور عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ ایس سی او کی بنیادی طاقت نہ صرف رکن ممالک کی باہم جڑی تاریخ ہے بلکہ اس مشترکہ مستقبل میں بھی ہے، جس کی تشکیل کے لیے تمام ممالک مل کر کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس مشترکہ مستقبل کی تشکیل میں فعال کردار ادا کرنے اور آئندہ دہائی میں یوریشیا کے رابطوں اور اقتصادی خوشحالی کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ اسحاق ڈار نے ایس سی او کے سربراہان حکومت کی کونسل کی 27-2026 کے لیے صدارت سنبھالنے پر ازبکستان کے وزیراعظم کو مبارکباد دی اور کہا کہ پاکستان اگلے سال اگست میں ایس سی او سربراہی اجلاس کے لیے رکن ممالک کے سربراہان مملکت اور ان کے وفود کا اسلام آباد میں خیر مقدم کرنے کا منتظر ہے۔

بقیہ 03

قائداعظم نے کہا سول سرونٹس بھی کسی سیاسی دباؤ، سیاسی جماعت یا سیاستدان کے اثر میں نہ آئیں۔ قائداعظم نے کہا تھا کہ حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں مگر سول سروس ریاست کی ریڑھ کی ہڈی ہے جو قائم رہتی ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے فیصلے میں کہا کہ قائداعظم نے کہا کہ افسران بلاخوف وخطر اور دیانتداری کے ساتھ ریاست وعوام کی خدمت کریں۔ قائداعظم نے کہا سیاستدانوں کی مداخلت سے بدعنوانی، رشوت ستانی اور اقربا پروری جیسے مہلک امراض جنم لیتے ہیں۔ واضح رہے کہ اپیل کنندہ نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے ڈویژن بینچ کے 15 فروری 2022 کے فیصلے کو چیلنج کیا تھا جب کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے بی پی ایس 19 سے بی پی ایس 20 میں ترقی نہ دینے اور جونیئر افسران کی ترقی کو درست قرار دیا تھا۔ مقدمے کے مطابق تنویر احمد طاہر 1999 میں سی ایس ایس امتحان پاس کر کے پولیس سروس آف پاکستان (PSP) میں شامل ہوئے۔ اپیل کنندہ کو 22 جون 2007 کو گریڈ 18 اور 16 جنوری 2015 کو گریڈ 19 میں ترقی دی گئی تھی۔ نیب ریفرنس نمبر میں سزا کے باعث 2018 اور 2019 میں ترقی مؤخر کی گئی اور پھر سندھ ہائی کورٹ نے 8 نومبر 2019 کو اپیل کنندہ کو ریفرنس سے بری کیا۔ [illegible] بعد ازاں سندھ ہائی کورٹ سے بریت کے بعد افسر کو 24 جنوری 2020 کو ملازمت پر بحال کیا گیا۔ جنوری 2020 میں سنٹرل سلیکشن بورڈ کے چوتھے اجلاس میں افسر کی ترقی کا معاملہ دوبارہ زیر غور آیا اور نیب کے ایک اور ریفرنس کے زیر التوا ہونے پر افسر کو سپرسیڈ کر دیا گیا 2020 میں جونیئر افسران کو ترقی دی گئی جبکہ اپیل کنندہ کو ترقی نہیں ملی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے سنگل بینچ اور ڈویژن بینچ نے افسر کی درخواست اور انٹرا کورٹ اپیل خارج کی تھی۔ ہائی کورٹ نے قرار دیا تھا کہ بورڈ نے تمام قواعد وضوابط اور سول سرونٹس پروموشن رولز 2019 کے تحت فیصلہ کیا۔

بقیہ 04

خبر رساں ایجنسی رائٹرز نے ایرانی میڈیا کے حوالے سے بتایا ہے کہ پاکستانی فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر خطے میں جاری کشیدگی اور باہمی تعلقات کے فروغ کے لیے سرکاری دورے پر تہران پہنچ چکے ہیں۔ فیلڈ مارشل اس اہم دورے کے دوران ایران کی اعلیٰ عسکری وسیاسی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ ان ملاقاتوں میں دوطرفہ دفاعی تعاون، بارڈر مینجمنٹ اور خطے کے مجموعی سکیورٹی معاملات کو مرکزی حیثیت حاصل رہے گی، جو دونوں ممالک کے تعلقات میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔ اس دورے کا ایک اہم ترین پہلو ایران اور امریکا کے درمیان پائی جانے والی کشیدگی کے خاتمے کے لیے پاکستان کا کلیدی کردار ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایرانی حکام کے ساتھ ہونے والی بات چیت میں خطے میں قیام امن کے لیے پاکستان کی ثالثی کوششوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ دفاعی ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب مشرق وسطیٰ میں امریکا اور ایران کے درمیان تنا اپنے عروج پر ہے۔ پاکستان کی جانب سے دونوں ممالک کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنا نہ صرف خطے میں استحکام کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں توازن برقرار رکھنے کی ایک اہم کوشش بھی ہے۔

بقیہ 05

سے بنا ہے، ہماری نواز شریف اور آصف زرداری سے کوئی دشمنی نہیں ہے، کے پی وزیر اعلی چار کڑور عوام کا نمائندہ ہے جس کا مذاق اڑایا گیا، فرانس میں مہنگائی کے خلاف لاکھوں لوگ نکلے اور آگ لگائی، فرانس کی پولیس نے ابھی تک ایک گولی نہیں چلائی۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ ہمیں اس حکومت کے خلاف بھی پرامن احتجاج کرنا ہوگا، لڑائی کا اب آخری مرحلہ شروع ہو چکا ہے۔

بقیہ 06

نے انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹیجک سٹڈیز اسلام آباد میں پاک روس تعلقات کے موضوع پر خطاب کے دوران کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کشیدگی کا جلد حل اور سرحدی گزرگاہوں کی بحالی چاہتے ہیں۔ البرٹ پی خوریف نے کہا کہ سرحدی بندش سے نا صرف پاک افغان بلکہ وسط ایشیائی ممالک اور روس کے ساتھ بھی تجارت متاثر ہو رہی ہے۔ روس میں تعینات پاکستانی سفیر فیصل ترمذی کا کہنا تھا کہ افغانستان سے پاکستان میں دراندازی کی جاتی ہے، افغانستان ایک ایسی گرہ ہے جسے پاکستان اور روس کھولنے کی کوشش میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روس طالبان پر اپنی سرزمین دوسروں کے خلاف استعمال نہ ہونے دینے پر زور دیتا ہے، روسی وزیر داخلہ کا حالیہ دورہ اس بات کا ثبوت ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان کوئی اختلاف نہیں۔ فیصل ترمذی نے اپنے خطاب میں امید ظاہر کی کہ آئندہ سال روسی صدر پیوٹن شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کے لیے پاکستان آئیں گے، دوطرفہ تعلقات کو بہتر سے بہتر بنایا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ سابق پاکستانی سفیر مسعود خان نے کہا کہ اب پاکستان کو بھارت یا افغانستان کے تناظر میں نہیں بلکہ ایک آزاد شراکت دار کے طور پر دیکھنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 07

گورنر راج کے خلاف پاکستان تحریک انصاف کی درخواست پر پشاور ہائی کورٹ نے وفاقی حکومت، اٹارنی جنرل اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت 10 نومبر تک ملتوی کر دی۔ صوبے میں ایمرجنسی کے نفاذ اور گورنر راج کے خلاف چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ درخواستیں دائر کر رکھی ہیں جن پر منگل کو جسٹس اعجاز انور اور جسٹس فہیم ولی پر مشتمل بینچ نے سماعت کی۔ درخواستوں میں وفاقی و صوبائی حکومت اور دیگر حکام کو فریق بنایا گیا ہے، بیرسٹر گوہر علی خان نے اپنی درخواست میں جلد سماعت کی استدعا کی تھی۔ تاہم عدالت نے اٹارنی جنرل، وفاق سمیت فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 10 نومبر تک ملتوی کر دی ہے۔ عدالت میں دلائل دیتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ دہشتگردی کا بہانہ بنا کر صوبے میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کی گئی، ہم نے وفاقی حکومت کو دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہمیشہ سپورٹ کیا ہے۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ ہمارے 12 ممبر قومی اسمبلی اور 14 صوبائی اسمبلی ممبران کو اٹھا گیا، ہمارے ممبران کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں اور ان کو ہراساں کیا جا رہا ہے، ایسی چیزیں نہ کریں جو عوام میں نفرتیں پھیلاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کہتے ہیں کہ سب سے پہلے پاکستان ہے، ہم ایک ہیں، یہ ملک ہمارا ہے، ہمارے خلاف ایسے اقدامات کیوں کیے جا رہے ہیں، ہمارے گناہ کو معاف نہیں کیا جاتا؟ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ جو چیزیں یہ کر رہے ہیں

بقیہ 08

ہے۔ لندن میں انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ فار اسٹریٹجک اسٹڈیز (آئی آئی ایس ایس) کے زیر اہتمام جنوبی ایشیا میں جوہری ڈیٹرنس اور اسٹریٹجک استحکام سے متعلق 11ویں ٹریک 1.5 ورکشاپ سے خطاب میں پاکستان کی نیشنل کمانڈ اتھارٹی کے مشیر اور اسٹریٹجک پلانز ڈویژن (ایس پی ڈی) کے سابق ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) مظہر جمیل نے پاکستان میں سرگرم دہشت گرد گروہوں کے لیے بھارت کی مبینہ حمایت پر تشویش کا اظہار کیا۔ مظہر جمیل نے پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی میں اضافے کو روکنے کے لیے مذاکرات اور مؤ بحران سے نمٹنے کے طریقہ کار پر زور دیا۔ انہوں نے بھارت کی جوہری پالیسی پر بھی سوالات اٹھائے اور خطے کے حل طلب تنازعات کی نشاندہی کی۔ سوال و جواب کے سیشن کے دوران افغانستان کے راستے تحریک طالبان پاکستان) ٹی ٹی پی (اور بلوچستان لبریشن آرمی) بی ایل اے (کو بھارت کی جانب سے مبینہ حمایت کے سوال پر مظہر جمیل نے کہا کہ بھارت نے ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کی حمایت میں اضافہ کیا ہے۔ ان کے مطابق پاکستان کے پاس بھارت کی مبینہ بڑھتی ہوئی مداخلت کے شواہد موجود ہیں اور اسلام آباد نے اپنے خدشات بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ بھی شیئر کیے ہیں، جن میں امریکی حکام اور افغانستان میں بین الاقوامی فوجی موجودگی کے دوران انٹرنیشنل سکیورٹی اسسٹنس فورس) آئی ایس اے ایف (سے وابستہ نمائندے شامل تھے۔ مظہر جمیل نے مزید کہا کہ افغانستان میں بھارتی قونصل خانوں کو پاکستان کی سرحد کے قریب دہشت گرد سرگرمیوں میں معاونت کے لیے استعمال کیا گیا، جس میں مبینہ طور پر مالی وسائل اور اسلحے کی فراہمی بھی شامل تھی۔ پاکستانی جوہری مشیر نے 1971 کی جنگ، جس کے نتیجے میں بنگلہ دیش وجود میں آیا، اور سری لنکا میں لبریشن ٹائیگرز آف تامل ایلم) ایل ٹی ٹی ای (کی مثالیں بھی پیش کیں۔

بقیہ 09

پہنچ گئے، خاتون اول ساجدہ محمد اور اعلیٰ سطح کا وفد بھی ان کے ہمراہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری اور وزیر مملکت وجیہہ قمر نے ایئرپورٹ پر مالدیپ کے صدر کا استقبال کیا۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو، وزیراعظم شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں۔ یہ 11 سال بعد مالدیپ کے کسی صدر کا پہلا دورہ پاکستان ہے اور یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب دونوں ممالک 1966 میں سفارتی تعلقات کے قیام کی 60 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچنے پر مالدیپ کے صدر اور خاتون اول کو 21 توپوں کی سلامی دی گئی۔ مالدیپ کے صدر کا کل وزیراعظم ہاس میں باضابطہ استقبال کیا جائے گا۔ اس سے قبل دفتر خارجہ کے جاری کردہ بیان کے مطابق صدر محمد معیزو، صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کریں گے، اس موقع پر ان کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا جائیگا۔

بقیہ 10

اور قطر کے وزیر داخلہ و داخلی سلامتی فورس (لخویہ) کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی کے درمیان دوحہ میں ہونے والی ملاقات میں کیا گیا۔ ملاقات میں داخلی سکیورٹی سے متعلق مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے، دونوں ممالک کی وزارتِ داخلہ کے درمیان روابط مستحکم بنانے اور باہمی شراکت داری کو مزید مؤثر بنانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران خطے کی موجودہ صورتحال اور علاقائی امن واستحکام سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ دونوں وزرائے داخلہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور قطر داخلی سکیورٹی کے شعبے میں باہمی تعاون کو مضبوط بنانے اور مشترکہ مفادات کے فروغ کے لیے مل کر کام جاری رکھیں گے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان اور قطر علاقائی امن واستحکام کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان سکیورٹی تعاون کو مزید مستحکم بنانے کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ قطری وزیر داخلہ شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی نے کہا کہ قطر پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان تعاون اور شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں وزارتِ داخلہ کے درمیان تعاون کو مزید مستحکم کیا جائے گا اور داخلی سکیورٹی سے متعلق شعبوں میں باہمی اشتراک کو فروغ دیا جائے گا۔ پاکستان اور قطر کے درمیان سکیورٹی تعاون کو مضبوط بنانے سے دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے اور علاقائی امن واستحکام کے مشترکہ اہداف کے حصول میں مدد ملنے کی توقع ہے۔

بقیہ 11

وزیراعظم ہاس کے باہر یہ دھرنا دیئے بیٹھے تھے، کہہ رہے تھے کہ وزیراعظم کو گھسیٹ کر نکالیں گے، وزیراعظم نے ان کو بھی فون کیا اور قومی مسئلے پر بیٹھنے کا کہا، اس کے بعد ضرب عضب کا آغاز ہوا اور دہشتگردی کا خاتمہ کیا گیا۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ وزیراعظم اب بھی تمام جماعتوں کو مسئلے کا حل نکالنے کیلئے دعوت دینے پر تیار ہیں، دہشتگردی کا مسئلہ پوری قوم کو درپیش ہے، قوم کو یکجا ہونا چاہیے، آج بھی دہشتگردی کے معاملے پر یکجا ہونے کی ضرورت ہے، دہشتگردی کے معاملے پر اپوزیشن کیساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں۔ لیگی رہنما نے کہا کہ حالیہ مذاکرات میں تمام چیزیں طے پا گئی تھیں، مذاکرات میں بانی سے ملاقاتوں کا معاملہ بھی طے پا گیا تھا، خیبر پختونخوا حکومت نے دہشت گردی کیخلاف کارروائی میں ساتھ دینے سے انکار کیا، خیبر پختونخوا میں بڑی مشکل سے وزیر اعلیٰ کو اپیکس کمیٹی میں لایا گیا تھا۔ بلوچستان کی حکومت دہشت گردی کیخلاف ریاست کا ساتھ دے رہی ہے۔ مشیر وزیراعظم کل بھی دہشت گردی میں ایک میجر کی شہادت ہوئی ہے، روز واقعات ہو رہے ہیں، کسی جوان کی 2 ماہ بعد شادی تھی تو کسی کے چھوٹے بچے ہیں، آپ سوشل میڈیا پر پورے ادارے اور اس کے سربراہ کیخلاف بیانیہ بنا رہے ہیں، جب جیل میں بیٹھ کر ایسا بیانیہ بناتے ہیں تو پھر ملاقاتوں پر پابندی لگتی ہے، گالم گلوچ بریگیڈ معاملہ خراب کر رہی ہے، پی ٹی آئی خود بھی اس کا شکار ہوئی۔ انکا مزید کہنا تھا کہ اسپیکر کے دستخط سے بننے والے اپوزیشن لیڈر انہی کے چیمبر میں جانے کو تیار نہیں، اگر اپوزیشن لیڈر اسپیکر کو نہیں مانتے تو پھر مراعات کیوں لے رہے ہیں؟ آپ لوگ تو وزیراعظم سے اسپیکر چیمبر میں بھی ملاقات کو تیار نہیں۔

بقیہ 12

برطانوی نشریاتی ادارے سے انٹرویو میں انہوں نے اقتدار میں حصہ لینے والے تمام افراد کے احتساب کا مطالبہ کیا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ سیاست دانوں کو جیل بھی جانا پڑتا ہے اور ایک دوسرے سے لڑنا بھی پڑتا ہے، جب کہ بیوروکریسی کا اقتدار مختلف حکومتوں میں برقرار رہتا ہے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نئی نسل کو بتایا جانا چاہیے کہ بیوروکریسی نے گزشتہ 78 برسوں میں ملک کے ساتھ کیا کیا وزیر دفاع نے حال ہی میں اپنے سوشل میڈیا اکانٹ پر بیوروکریسی کے حوالے سے ایک پیغام جاری کیا تھا جس میں انہوں نے بیوروکریٹس کی دوہری شہریت اور پیسہ بیرونِ ملک منتقل کرنے سے متعلق سوالات اٹھائے اس پیغام کے پس منظر میں ہی بیوروکریسی کے کردار اور احتساب پر انہوں نے گفتگو کی. خواجہ آصف نے کہا کہ انہوں نے بیوروکریسی کے بارے میں جو بات کی ہے وہ ایک حقیقت ہے، اور اگر کسی کو اس پر شک ہے تو وہ انہیں چیلنج کر سکتا ہے انہوں نے اپنے بیانات کو بھی عملی اقدام قرار دیا اس حوالے سے انہوں نے اپنے اختیارات کی نوعیت واضح کرتے ہوئے کہا کہ میرے پاس براہ راست تو اختیارات نہیں ہیں لیکن میں ایک نظام کے اندر رہ کر، اگر اس نظام میں کچھ چیزیں محسوس کرتا ہوں، تو اس نظام کے اندر بھی آواز اٹھاتا ہوں خواجہ آصف نے کہا کہ جب اس نوعیت کی باتیں سرعام ہونے لگیں تو نظام کو بھی اپنی اصلاح کرنی چاہیے وزیراعظم کے سامنے یہ معاملہ اٹھانے یا ایوان میں بات کرنے کے حوالے سے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وہ یہ معاملہ ضرور اٹھائیں گے اور ایوان میں بھی اس پر بات کرنے کے لیے تیار ہیں بیوروکریسی کے سیاست دانوں سے زیادہ طاقتور ہونے کے سوال پر وزیر دفاع نے اثبات میں جواب دیا اور کہا کہ مستقل حکمرانی اسی کے پاس ہے

بقیہ 13

جبکہ لاش پر تیزاب کے شواہد بھی ملے ہیں، مزید تحقیقات کیلئے آئی ایس آئی، آئی بی، ایف آئی اے اور دیگر اداروں پر مشتمل جے آئی ٹی بنائی جائے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت نے میر رضا کیس علی کے حوالے سے سندھ ہائی کورٹ کے جج جسٹس عمر سیال کے جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ جاری کردیا۔ کمیشن نے لکھا کہ میر رضا کی موت خودکشی نہیں بلکہ قتل ہے اور لاش پر سے تیزاب کے نشانات اور بے ہوشی کی دوا کے شواہد ملے۔ رپورٹ میں پولیس کی ابتدائی تفتیش کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے لکھا گیا ہے کہ خاص طور پر ابتدائی 10 روز میں شواہد جمع کرنے، فرانزک جانچ، سی سی ٹی وی فوٹیج کے حصول اور میڈیکل بورڈ کی تشکیل کے طریقہ کار پر سنگین غفلت کی گئی۔ کمیشن نے کیس کی مزید تحقیقات کے لیے ڈی آئی جی عرفان بلوچ کی سربراہی میں مشترکہ تحقیقاتی ٹیم) جے آئی ٹی (بنانے اور ابتدائی دس روز کی تفتیش میں غفلت برتنے والے پولیس اہلکاروں کے کردار کی ایف آئی اے سے تحقیقات کرانے کی سفارش کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق میر رضا علی کی موت کو خودکشی قرار دینے کا ابتدائی پولیس مقف دستیاب طبی اور دیگر شواہد سے پوری طرح مطابقت نہیں رکھتا۔ حتمی پوسٹ مارٹم رپورٹ میں وجہ موت پیچھے سے لگنے والی گولی کے زخم کو قرار دیا گیا۔ جوڈیشل کمیشن نے رپورٹ میں لکھا کہ میر رضا علی کی لاش پر تیزاب کے زخم پائے گئے، جبکہ خون میں بے ہوشی کے لیے استعمال ہونے والی دوا اینستھیزیا کی موجودگی بھی سامنے آئی۔ رپورٹ میں ان شواہد کی اہمیت اور موت کے حالات سے ان کے تعلق کا جائزہ لینے کی ضرورت اجاگر کی گئی ہے۔ کمیشن نے قرار دیا کہ موت کی وجہ کے تعین میں طبی شواہد کو بنیادی اہمیت حاصل ہے اور پولیس مقف کو حتمی نتیجہ سمجھنے کے بجائے جسمانی، طبی اور فرانزک شواہد کی غیر جانبدارانہ جانچ ضروری تھی۔

بقیہ 14

ایجنسی (سی پی پی اے) نے سال 2027 کیلئے بجلی کی خریداری کی درخواست نیپرا میں جمع کرا دی، اگلا سال بھی بجلی صارفین پر بھاری ہی رہے گا۔ سی پی پی اے کی درخواست کے مطابق سال 2027 میں 3 ہزار 439 ارب بجلی کی خریداری کی قیمت ہوگی جس میں 19 سو 14 ارب روپے کیپیسٹی پیمنٹس کی مد میں ادا کئے جائیں گے، باقی سال 2027 میں بجلی کی فیول کاسٹ کا 12 سو ارب روپے سے زائد کا تخمینہ ہے۔ اس کے علاوہ آپریشن اینڈ مینٹیننس کاسٹ 70 ارب روپے سے زائد اور 248 ارب سے زائد ٹرانسمشن چارجز کی مد میں ادا کیے جائیں گے۔ درخواست میں یکم جنوری 2027 سے بجلی کا نیا ٹیرف 27 روپے 30 پیسے فی یونٹ ہونے کا امکان ہے، آئیڈل کیس میں پاور پرچیز کا فی یونٹ 25 روپے 88 پیسے کی دوسری تجویز ہے، سی پی پی اے نے چھ مختلف تجاویز نیپرا اتھارٹی کے پاس جمع کرائی ہیں، نیپرا اتھارٹی اوسط قیمت کا تعین کرے گی۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی) نیپرا 21 (نومبر کو درخواست پر سماعت کرے گی۔

بقیہ 15

چیت کی گئی۔ وزیراعظم نے وفاقی حکومت کے زیر انتظام ہسپتالوں اور صحت کے اداروں میں طبی سہولیات، علاج معالجے کے معیار اور خدمات کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی وسیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 16

بریفنگ میں کہی۔ انہوں نے امریکا کا معاہدوں اور وعدوں کی خلاف ورزی کے سابقہ ریکارڈ کو اعتماد کے فقدان کی بڑی وجہ بتایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس کے باوجود ایران اب تک سفارتی کوششوں سے دستبردار نہیں ہوا بلکہ مذاکرات کو سراہتا ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ مذاکرات برابری کی بنیاد اور ٹھوس ضمانتوں پر ہونا چاہیے جس کا ثبوت امریکا اپنے کردار سے بھی فراہم کرے۔ ان کے بقول ایران پہلے بھی عملی طور پر ثابت کرچکا ہے کہ کسی حملہ آور کو جواب دیئے بغیر نہیں چھوڑا جائے گا بلکہ ضرورت پڑنے پر اس سے زیادہ سخت ردعمل دیا جائے گا۔ ایرانی ترجمان نے مزید کہا کہ جنگ بندی مذاکرات میں کسی بھی سفارتی پیش رفت میں سب سے بڑی رکاوٹ امریکی مطالبات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے اپنے تحفظات اور شرائط قطر کے ذریعے امریکا تک پہنچا دی ہیں لیکن امریکی جواب ناکافی ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ ایرانی شرائط میں جنگ کا تمام محاذوں پر خاتمہ، منجمد ایرانی اثاثوں کی بحالی اور بحری ناکہ بندی ختم کرنا شامل ہے۔ آبنائے ہرمز کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ایران نے اس اہم بحری راستے کو دوبارہ کھولنے کے لیے سات روزہ منصوبہ بھی پیش کیا ہے تاہم اس پر پیش رفت کے لیے امریکی شرائط میں لچک ضروری ہے۔ اسماعیل بقائی نے خلیجی ممالک پر بھی زور دیا کہ وہ اپنی سرزمین ایران کے خلاف فوجی کارروائیوں کے لیے استعمال نہ ہونے دیں۔ انہوں نے روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف کے حالیہ دورہ تہران کو معمول کی مشاورت قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ اس دورے میں جوہری مذاکرات نہیں ہوئے۔

بقیہ 17

راشد المکتوم کی سرپرستی میں شروع ہوگا۔ اماراتی نیوز ایجنسی کے مطابق دبئی سپریم کونسل آف انرجی، دبئی الیکٹرسٹی اینڈ واٹر اتھارٹی اور ورلڈ گرین اکانومی آرگنائزیشن کے زیر اہتمام 2 روزہ سمٹ دبئی ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں منعقد ہوگی، جس کا موضوع کامیابی سے وسعت تک: گرین اکانومی کا عملی مظاہرہ ہے۔ سمٹ میں دنیا بھر سے وزرا، کاروباری رہنما، سرکاری حکام، فیصلہ ساز، ماہرین اور جدت کاروں سمیت 135 مقررین شرکت کریں گے۔

بقیہ 18

کرتے نظر آئے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی مرکزی قیادت میں شدید اندرونی اختلافات کھل کر سامنے آگئے، اسلام آباد لانگ مارچ کی ناکامی اور خیبر پختونخوا حکومت کے خاتمے کے بعد پارٹی مشکل وقت میں متحد ہونے کے بجائے مختلف دھڑوں اور اندرونی تنقید کی لپیٹ میں آگئی۔ ذرائع نے بتایا کہ پی ٹی آئی کور کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں رہنما ایک دوسرے پر شدید تنقید کرتے نظر آئے۔ اجلاس کے دوران لانگ مارچ سے قبل 20 لاکھ افراد کو اسلام آباد لانے اور مطالبات منوانے کے دعوے کرنے والے سہیل آفریدی کو لانگ مارچ کی ناکامی کا تمام تر ذمہ دار قرار دیا گیا۔ رہنماں کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی کے پاس مارچ کے لیے کوئی واضح حکمت عملی نہیں تھی اور وہ ہیرو سے زیرو بن چکے ہیں۔ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے کردار پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا اور ان پر تنقید کے تیر برسائے گئے۔ سلمان اکرم راجہ کی جانب سے بنائی گئی سیاسی کمیٹی کے قیام اور اس کے طریقہ کار پر بھی پارٹی رہنماں نے کھل کر تحفظات کا اظہار کیا۔ پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ صوبائی حکومت کے جانے اور لانگ مارچ کے بے نتیجہ ختم ہونے کے بعد پی ٹی آئی صفوں میں شدید مایوسی اور اندرونی چپقلش عروج پر پہنچ گئی ہے۔

بعدالت تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر اول صدر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی نور الحق ولد عبدالحق قوم درانی ساکن بھہ بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے۔ جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے۔ جائیداد ہذا بحوالہ انتقال 2055 محال ویالہ آناؤ بحوالہ انتقال نمبر 2389 محال ویالہ ترین شہر محال کوتوال تپہ درانی تحصیل صدر کوئٹہ میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفی نور الحق کے پسماندگان میں بی بی ذاکرہ بیوہ، احتشام الحق درانی، احسان الحق درانی، فضل الرحمٰن درانی، معین خان، جمعہ خان پسران بی بی راحیمہ دختر نور الحق قوم درانی ساکن بھہ جائز وارثاء ہیں۔ لہذا اس بارے میں اگر کسی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار صدر کوئٹہ


THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی
اکرام اللہ خان
کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے
روزنامہ باخبر 21 اکتوبر 2026ء



سوئی، سیکرٹری بلدیات عبدالروف، چیئرمین سی ایم آئی ٹی بشیر احمد بنگلزئی، سیکرٹری پی ایچ ای شاہزیب کاکڑ، سیکرٹری کالجز ہاشم غلزئی ودیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

عوامی شکایات کو سنجیدگی سے لیا جائے، غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے

ڈی سی کوئٹہ

ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے، اور اس سلسلے میں تمام متعلقہ محکموں کی کارکردگی اور اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے گا

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد، شہریوں نے گیس، بجلی، لوکل وڈومیسائل، ریونیو، نادرا اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق درخواستیں پیش کیں

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈی سی آفس کمپلیکس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ کھلی کچہری میں تمام انتظامی افسران سمیت گیس، واپڈا، صفا کوئٹہ، پولیس، ٹریفک پولیس، میٹروپولیٹن کارپوریشن، نادرا، پی ڈی ایم اے، محکمہ

بقیہ نمبر 01 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صوبہ بھر میں کارروائیاں 35 فوڈ پوائنٹس پر بھاری جرمانے، 47 کو نوٹسز جاری

کوئٹہ (خ ن) ناقص خوراک کے خاتمے اور اشیا خوردونوش کے معیار کی بہتری کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں و اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں کوئٹہ، خضدار، کچلاک اور پشین سمیت مختلف علاقوں میں انسپکشن کے دوران ناقص

بقیہ نمبر 03 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

عوامی خدمات ہماری سیاست کی اولین ترجیح ہے

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

عوام کا اعتماد کسی بھی عوامی نمائندے کا سب سے بڑا سرمایہ ہوتا ہے اور اس اعتماد کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ عوامی مفادات کو ہر معاملے میں ترجیح دی جائے

سیاست کا بنیادی مقصد عوام کی خدمت، ان کے مسائل کا حل اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لانا ہے عوامی نمائندگی ایک اہم ذمہ داری ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

کوئٹہ (یو این اے) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ عوامی خدمات ہماری سیاست کی اولین ترجیح ہیں کیونکہ سیاست کا بنیادی مقصد عوام کی خدمت، ان کے مسائل کا حل اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لانا ہے عوامی نمائندگی ایک اہم ذمہ داری ہے جس کا تقاضا ہے کہ عوام کی ضروریات کو سمجھتے ہوئے ان کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کا جذبہ ہی ایک

بقیہ نمبر 05 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

میرٹ پر بھرتیاں نوجوانوں کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، سردارزادہ میر فیصل خان جمالی

شفافیت اور میرٹ کی بالادستی نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرتی ہے

گنداخہ (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے ضلع اوستہ محمد میں شفاف میرٹ کی بنیاد پر بھرتی ہونے والے نوجوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنے فرائض منصبی ایمانداری، دیانت داری اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں اور عوام کی خدمت کو اپنا اولین مقصد بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 04 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کھلی کچہری کے موقع پر عوامی کے مسائل سن رہے ہیں


اڈ پینڈنٹ پینل میں شمولیت کرنے والوں کے اعزاز میں ملک امین اللہ کاکڑ کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ سے ہائی کورٹ بار کے صدر میر عطاء اللہ لانگو، میزبان ملک امین اللہ کاکڑ، سلیم لاشاری، نصیب اللہ ترین، عبداللہ خان کاکڑ، اسد اچکزئی، ملک منیر سکندر نصیر بنگلزئی، خالد مینگل اور قاسم مندوخیل خطاب کر رہے ہیں

پاک چین ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ جامعہ گوادر میں موسم بہار 2027 کے داخلے شروع

گوادر پورٹ اتھارٹی کی جانب سے طلبہ کے لیے اسکالرشپس اور مالی معاونت کی سہولت فراہم کی جائیگی

گوادر (خ ن) پاک چین ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ، جامعہ گوادر میں موسم بہار 2027 کے لیے مختلف فنی، تکنیکی اور پیشہ ورانہ کورسز میں داخلوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور عملی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے تین سالہ

بقیہ نمبر 08 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو سیکرٹری ڈبلیوڈی ڈی شیر شاہ غلزئی محکمہ جاتی امور پر بریفنگ دے رہے ہیں

اوتھل 2022 کے تباہ کن سیلاب کے متاثرین 2 سال گزرنے کے بعد بھی مالی امداد سے محروم

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ ڈویژن کے ہیڈکوارٹر اوتھل میں 2022 کے تباہ کن سیلاب سے متاثر ہونے والے متعدد خاندان تاحال گھروں کی تعمیر کے لیے مالی امداد سے محروم ہیں، جس کے باعث متاثرین شدید مشکلات کا سامنا کرنے پر مجبور ہیں۔ سیلاب متاثرین کے مطابق 2022 کے تباہ کن سیلاب کے بعد ہونے والے سروے میں متعدد گھروں کو مکمل طور پر تباہ جبکہ کئی مکانات کو خستہ حال قرار دیا گیا تھا۔ متاثرین کی بحالی اور گھروں کی دوبارہ تعمیر کے لیے عالمی بینک کی جانب سے فنڈز فراہم کیے گئے، جن کے تحت نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (این آر ایس پی) کے ذریعے بعض متاثرین کو مالی امداد فراہم کی گئی، تاہم اوتھل اور اس کے گردونواح کے دیہی علاقوں میں مستحق خاندان

بقیہ نمبر 07 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

غیر حاضر ڈاکٹرز کی تنخواہیں بند اور کنٹریکٹ منسوخ کرنے کیلئے کمشنر نصیرآباد کو رپورٹ بھیجنے کا فیصلہ

واٹر سپلائی اسکیم تین روز میں فعال بنانے کی ہدایت، غیر حاضر ملازمین کیخلاف بھی کارروائی ہوگی، رمضان پلال

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر کے سرکاری طبی اداروں کی کارکردگی، ڈاکٹرز اور دیگر عملے کی حاضری ادویات کی دستیابی طبی سہولیات کی بہتری اور مختلف

بقیہ نمبر 06 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا بیوٹمز یونیورسٹی اور بلوچستان وویمن پر موٹ ٹیلنٹ کے منتظمین اور ایوارڈز وصول کرنے والوں کیساتھ گروپ

گوادر فری زون میں پاکستانی اور چینی سرمایہ کاروں کے اشتراک سے شہزاد اینڈ شا فارم کا سنگ بنیاد

مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار اور فنی تربیت کے مواقع پیدا ہوں گے، سیکرٹری بحری امور کیپٹن (ر) محمد خرم آغا

گوادر (خ ن) گوادر فری زون میں پاکستانی اور چینی سرمایہ کاروں کے اشتراک سے شہزاد اینڈ شاؤ فارم کا بنیاد رکھا گیا۔ منصوبے کو گوادر میں سرمایہ کاری، زرعی و غذائی شعبے کی ترقی اور مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی

بقیہ نمبر 02 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کو زیر تعمیر چشمہ پل کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان بھی موجود ہیں

ژوب کی یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کو ترقیاتی فنڈز کے تحت سامان فراہم کردیا گیا

ژوب (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے نوجوان ڈسٹرکٹ چیئرمین مولوی مرنوش شمشاد کی جانب سے ژوب کی مختلف یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کو مالی سال 2024-25 اور 2025-26ء کے ترقیاتی فنڈز کے تحت سامان فراہم کیا گیا۔ اس موقع پر یونین کونسلوں کے چیئرمینوں نے ڈسٹرکٹ چیئرمین مولوی مرنوش شمشاد کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ترقیاتی فنڈز کے تحت فراہم کردہ سامان اور وسائل کو شفاف اور منصفانہ طریقے سے استعمال کیا جائے گا، تاکہ علاقے میں عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے۔ یونین کونسلوں کے چیئرمینوں نے اس امید کا اظہار بھی کیا کہ ان اقدامات سے مقامی سطح پر عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر و ترقی میں مدد ملے گی۔

کچرے کے ڈھیر اور گرد و غبار سے زندگی اجیرن

کوئٹہ، صفائی کی ابتر صورتحال شہریوں کیلئے وبالِ جان بن گئی

مولانا عبدالرحمن رفیق

تعفن اور آلودگی کے باعث مختلف بیماریوں کے پھیلاؤ کے خدشات بھی بڑھ رہے ہیں، صفائی ستھرائی کے بنیادی انتظامات کی یہ صورتحال متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ شہر میں ہنگامی بنیادوں پر صفائی مہم شروع کرے، نکاسی آب کی نالیوں کی صفائی اور گرد و غبار پر قابو پانے کے فوری اقدامات کیے جائیں، ضلعی امیر کوئٹہ جے یو آئی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ہتھیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، اختر جان مری، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر اور گردونواح میں صفائی کی ابتر صورتحال شہریوں کے

بقیہ نمبر 09 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

قلعہ عبداللہ میں چرس اور بھنگ کی فصلوں کے خلاف ایکسائز فورس کا کریک ڈاؤن جاری

دوبندی میں انسدادِ منشیات کارروائیاں تیز، ایکسائز فورس کے اے این ایف اور ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ چھاپے

کوئٹہ (آئی این پی) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان نے قلعہ عبداللہ کے علاقے دوبندی میں چرس اور بھنگ کی فصلوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ محکمہ ایکسائز کی جانب سے انسدادِ منشیات مہم کے تحت مختلف مقامات پر گزشتہ تین روز

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

50 اشتہاری اور 279 مفرور ملزمان گرفتار، 12 مغوی بازیاب

بلوچستان پولیس کی 3 ہفتوں میں کارروائیاں

106 منشیات فروشوں سمیت 459 ملزمان گرفتار

صوبے کی 9 رینجز میں جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے

عوامی تحفظ، امن وامان کا قیام اور قانون پسند شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے جرائم کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید تیز کیا جائیگا۔ ترجمان بلوچستان پولیس

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایت پر صوبہ بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران بلوچستان پولیس نے گزشتہ تین ہفتوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرتے ہوئے 50 اشتہاریوں اور 279 مفرور ملزمان کو گرفتار کرلیا، اس دوران 12 مغویوں کو بھی بحفاظت بازیاب کرالیا گیا ہے جبکہ مختلف جرائم میں ملوث 459 افراد کو بھی حراست میں لیا گیا۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق صوبے کی 9 رینجز میں جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور قانون

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق خجک ملازمین کی تاریخ پیدائش اور سیپ ریکارڈ کے فوری درستگی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تفتان پاک ایران سرحد پر امیگریشن گیٹ بند، تجارتی سرگرمیاں معطل

دالبندین (این این آئی) تفتان پاک ایران سرحد پر پاکستانی ایف آئی اے امیگریشن گیٹ عارضی طور پر بند کر دیا گیا، جس کے باعث سرحد پار تجارتی

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

اسسٹنٹ کمشنر خوست کا بازار کا اچانک دورہ، سرکاری نرخ ناموں، تجاوزات اور صفائی کا جائزہ

سرکاری نرخوں سے زائد وصولی اور ناجائز منافع خوری برداشت نہیں کی جائیگی، اسرار احمد شاہوانی

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے ضلع کے عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو جانچنے کے لیے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (DHQ) اسپتال ہرنائی کا ہنگامی اور تفصیلی دورہ کیا۔ اسکول

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ کی باہمت بیٹی نے معذوری کو شکست دے کر خواتین کیلئے مثال قائم کردی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کی باہمت بیٹی پلوشہ شہزادی نے معذوری کو شکست دے کر خواتین کے لیے مثال قائم کر دی۔ تفصیلات کے مطابق 4 سال کی عمر میں پولیو کا شکار ہونے والی پلوشہ شہزادی نے

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی محکمہ خزانے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ویسٹ کوئٹہ محمد حنیف نورزئی محکمہ جنگلات اور نیشنل ہائی وے کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آٹا بحران اور قیمت میں اضافہ عوام کیساتھ ظلم ہے، سید صادق آغا

بلوچستان میں آٹے کا بحران حکومتی نااہلی کا ثبوت ہے، 50 کلو آٹے کا تھیلا 8 ہزار روپے تک پہنچ چکا ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے صوبے میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے اور غذائی بحران پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام پہلے ہی

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

بجلی صارفین کیلئے 22 اکتوبر (بروز جمعرات) آن لائن کچہری منعقد ہوگا: کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مرزا اعزاز 22 اکتوبر 2026 کو (بروز جمعرات) صبح 10 بجے سے دن 12 بجے تک صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات ٹیلی فون پر براہ راست سنیں گے۔ کیسکو کے تمام صارفین ٹیلی فون نمبر 0819204013 پر رابطہ کرکے بجلی سے متعلق اپنے مسائل کے حل کیلئے براہ راست چیف ایگزیکٹو آفیسر سے رابطہ کریں۔ آن لائن کچہری میں تمام آپریشن سرکلو کے صارفین کی شکایات کیسکو کے سینئر افسران کی موجودگی میں معلوم کئے جائیں گے اور موقع پر ہی انکے ازالے کیلئے

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے کلاس فور ملازمین کی ون اسٹیپ ہائر اپ گریڈیشن منظور

ڈیڑھ سال سے زیر التوا معاملہ حل، وزیراعلیٰ، گورنر سیکرٹریٹ سمیت پانچ اداروں کے ملازمین مستفید ہونگے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کی مسلسل جدوجہد اور موثر نمائندگی کے نتیجے میں کلاس فور ملازمین کی ون اسٹیپ ہائر اپ گریڈیشن کی منظوری دے دی گئی۔ اپ گریڈیشن کا معاملہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے زیر التوا

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں



بینظیر انکم سپورٹ پروگرام BISP کی چیئرپرسن روبینہ خالد سے پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں


کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی زیڈ کے الپائن ویلاز کی جانب سے بیوہ مستحق اور یتیم بچوں کیلئے مفت پلاٹ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ٹرانسپورٹرز مسائل کے دلدل میں پھنس چکے ہیں، ظاہر شاہ کاکڑ

مسافر گاڑیوں کو گھنٹوں روکنے سے ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے، رہنماوں کا بیان

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان بس یونین اور پنجاب خیبرپختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، نائب صدر اقبال سرگڑھ، جنرل سیکرٹری وزیر خان اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری عبدالمتین نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹرز اس وقت مختلف

بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

ہنگلاج ماتا استھان میں درگا اشٹمی کی خصوصی پوجا، ملک بھر سے بڑی تعداد میں ہندو یاتریوں کی شرکت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے تاریخی مذہبی مقام ہنگلاج ماتا استھان میں نوراتری کے موقع پر درگا اشٹمی کی خصوصی پوجا مذہبی عقیدت واحترام کے ساتھ ادا کی گئی، جس میں ملک بھر سے بڑی تعداد میں ہندو یاتریوں نے شرکت کی۔ ان میں سینکڑوں پیدل یاتری بھی شامل تھے، جو مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لیے ہنگلاج ماتا استھان پہنچے۔ حکومت بلوچستان کے خصوصی تعاون سے تقریبات کے موقع پر یاتریوں کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے اور

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


اوستہ محمد، اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون مرغیوں کے گوشت کی زائد قیمت وصول کرنے پر جرمانے عائد کر رہی ہیں

عوامی خدمات اور شہریوں کے تحفظ کے لیے جعفرآباد میں کمیونٹی فورم کا قیام

نساء ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام، کمیونٹی اکاؤنٹیبلٹی فورم۔ عوامی احتساب فورم کا انعقاد

جعفرآباد (نامہ نگار) سٹیزن نیٹ ورک فار بجٹ اکاؤنٹیبلٹی کی پارٹنر تنظیم نساء ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام جعفرآباد میں ایک کمیونٹی اکاؤنٹیبلٹی

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

اوتھل، جام کمال خان اسپورٹس کمپلیکس کا منصوبہ سالہا سال سے ادھورا، نوجوان کنکر زدہ گراؤنڈ میں کھیلنے پر مجبور

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ ڈویژن کے ہیڈکوارٹر اوتھل میں واقع جام کمال خان اسپورٹس کمپلیکس کا تعمیراتی منصوبہ کئی سال گزرنے کے باوجود تاحال مکمل نہ ہوسکا، جس کے باعث علاقے کے نوجوان کھیلوں کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ اسپورٹس کمپلیکس کی عدم تکمیل کے باعث نوجوان کھلاڑی بجری اور کنکروں سے بھرے گراؤنڈ میں کھیلنے پر مجبور ہیں، جہاں کھیلوں کی سرگرمیاں جاری رکھنا ان کے لیے مشکلات کا باعث بن رہا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق گراؤنڈ میں بجری اور کنکروں کی موجودگی کے باعث کھیلوں کے دوران متعدد کھلاڑی زخمی ہو چکے ہیں، جبکہ بعض کھلاڑی چوٹیں لگنے کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں روزگار کے دروازے غریب عوام کے لئے بند ہو چکا ہے، علی بخش جمالی

سرکاری ملازمتیں میرٹ پر بیروزگار نوجوانوں کو روزگار دیکر صوبے میں عوام کے مایوسی اور بے چینی کا خاتمہ کریں

کوئٹہ (پ ر) صوبے کے سیاسی و قبائلی رہنما علی بخش جمالی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں روزگار کے دروازے غریب عوام کے لئے بند ہو چکا ہے سرکاری ملازمتیں وزیروں اور بیوروکریسی میں بندر بانٹ کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے صوبے کے غریب اور محنتی لوگوں کو روزگار نہ ملنے کی وجہ سے مایوس پایا جاتا ہے اور صوبے میں جرائم

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر وریندر لعل ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گورنمنٹ پائلٹ سیکنڈری سکول مستونگ کے سالانہ سپورٹس ویک 2026 کا شاندار انعقاد

مستونگ (نامہ نگار) گورنمنٹ پائلٹ سیکنڈری سکول مستونگ میں سالانہ سپورٹس ویک 2026 کا شاندار انعقاد کیا گیا، جس میں طلبا نے بھرپور جوش وخروش اور کھیلوں کے جذبے کے ساتھ حصہ لیا۔ اس موقع پر کھیلوں کے مختلف مقابلوں کا اہتمام کیا گیا، جن میں فٹ بال، کرکٹ، شطرنج اور فٹسال کے دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے شامل تھے۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی جناب سعید سرپرہ تھے، جبکہ ڈی ڈی

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

خدمتِ خلق رضائے الٰہی اور خوشنودیِ ربانی کا بہترین ذریعہ ہے، ذوالفقار طارقی

خون کا عطیہ: ایک انسانی جان بچانا پوری انسانیت کو بچانے کے مترادف ہے، رہنماء اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارقی قادری اٹھا کے ہاں جی عبدالغفور کھیازئی ملک محمد بلال قادری نے صالح بلڈ بینک ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین صالح محمد سے ملاقات کی نیا سال بلڈ بینک کی مبارک باد پیش کی اس موقع

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خضدار کے یوسی جعفرآباد محلہ نوا کے مکین دوہری اذیت میں مبتلا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کے یوسی جعفرآباد کے نواحی محلہ نوا کے مکین دوہری اذیت میں مبتلا ایک طرف واپڈا کی مجرمانہ خاموشی اور دوسری طرف چوروں کا راج رات کی تاریکی میں نامعلوم چور محلہ نوا کی بجلی کی تاریں کاٹ کر اپنے ساتھ لے گئے جس کے بعد پورا علاقہ تاریکی میں ڈوب گیا اہل محلہ کے مطابق یہ پہلا واقعہ نہیں ایک ہفتہ قبل بھی جعفرآباد نوا سی کو بجلی فراہم کرنے والی مین لائن کی تاریں کھتان ایریا سے چوری کر لی گئی تھی تاروں کی چوری کے ساتھ ساتھ علاقے میں موٹرسائیکل چوری اور گھروں میں ڈکیتی کی وارداتوں میں بھی خوفناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے بجلی سے محرومی اور چوری کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے مختلف اضلاع میں من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کا سلسلہ جاری ہے

متاثرہ ٹھیکیداروں کی واجب الادا رقم کی ادائیگی کو فوری طور پر یقینی بنائی جائے، عبدالسلام لانگو

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر میر عبدالسلام لانگو، وائس چیئرمین میر شکیل لہڑی، جنرل سیکرٹری

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین ایریگیشن کے افسران کے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

قائدِ جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف منفی پروپیگنڈا ہضم نہیں کر سکتے، مولانا سید محمود شاہ

ملتان پاور شو کی کامیابی سے حکمران بوکھلاہٹ کا شکار ہیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور بدامنی پر حکومتی ناکامیوں کی شدید مذمت

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل مولانا سید محمود شاہ نے کہا ہے کہ قائدِ جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف منظم طریقے سے منفی پروپیگنڈا کیا جارہا ہے، جسے ملک کا باشعور عوام اور جے یو آئی کے کارکنان سختی سے مسترد کرتے ہیں۔ ایک بیان میں مولانا سید محمود شاہ نے کہا کہ ملتان میں قائدِ جمعیت کے تاریخی اور کامیاب پاور شو کو حکمران طبقہ ہضم نہیں کر پا رہا ہے، جس کی وجہ سے اب جعلی سوشل میڈیا اکانٹس کے ذریعے ان کی کردار کشی کی گھٹیا کوششیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ قائدِ جمعیت کے خلاف

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں


کوئٹہ، اپیکا سول انڈسٹریز یونٹ کے انتخابات کے موقع پولنگ ایجنٹ حبیب اللہ، نازیہ خان، حافظ امان اللہ اور دیگر کی نگرانی میں امان اللہ کاسی، عصمت اللہ کاکڑ، امجد جاوید اور دیگر ملازمین ووٹ کاسٹ کر رہے ہیں

ورکرز ویلفیئر فنڈ کی رقم مستحق کان کنوں اور انکے خاندانوں تک پہنچائی جائے

تعلیمی وظائف، شادی اور وفات گرانٹ کی سخت شرائط آسان کی جائیں، مزدور رہنماوں کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کی مختلف کانوں کی مزدور یونینوں اور فیڈریشنز کے رہنماں نے مطالبہ کیا ہے کہ کان مالکان کی جانب سے ورکرز ویلفیئر فنڈ کے لیے جمع کرائے جانے والے دو فیصد مالی تعاون کے ثمرات حقیقی مستحق کان کنوں اور ان کے خاندانوں

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر6پرملاحظہ فرمائیں

روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرم اللہ خان
روزنامہ "باخبر" کوئٹہ 21 اکتوبر 2026ء

دانش سکول کی تقریب سے وزیراعظم کا خطاب اور سرکاری تعلیمی اداروں کی صورتحال

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں کسی بچے کا مستقبل اس کے والدین کی مالی حیثیت سے طے نہیں ہونا چاہیے بلکہ ہر ذہین بچے کو معیاری تعلیم حاصل کرنے اور اپنی صلاحیتوں کے بل پر آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں۔ اسلام آباد میں دانش سکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ دانش سکولوں کا مقصد غریب اور مستحق خاندانوں کے بچوں کے لیے تعلیم کے دروازے کھولنا اور امیر وغریب کے درمیان تعلیمی فرق کم کرنا ہے۔ دانش سکولز کو اشرافیہ کے سکولوں سے بھی اچھا بنائیں گے۔ شہباز شریف نے خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والی ایک طالبہ کی مثال دی جس نے بچپن میں اپنے والد کو کھو دیا تھا، والد کی وفات کے بعد اس بچی کے خواب بکھر گئے تھے کیونکہ اس کے خاندان کے پاس تعلیم کے لیے مطلوبہ وسائل نہیں تھے لیکن مشکلات کے باوجود اس نے ہمت نہیں ہاری اور ڈاکٹر بن کر انسانیت کی خدمت کے قابل ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایسے بچوں کی کامیابی اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ صلاحیت اور ذہانت کسی مخصوص طبقے کی میراث نہیں۔ شہباز شریف نے اس موقع پر مزید کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ بچوں کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں، خواہ ان کا تعلق ملک کے امیر ترین خاندان سے ہو یا ایسے گھرانے سے جس نے زندگی کی مشکلات میں اپنے والدین کو کھو دیا ہو۔ پاکستان میں لاکھوں بچے ایسے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں جن کے والدین کھیتوں اور کھلیانوں میں شدید گرمی اور سردی کے باوجود محنت کرتے ہیں لیکن ان کی آمدن سے گھر کے اخراجات پورے کرنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں بچوں کی تعلیم اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا ان خاندانوں کے لیے بڑا چیلنج بن جاتا ہے۔ وزیراعظم نے یاد دلایا کہ دانش سکولوں کے قیام کا مقصد پاکستان کے دور دراز علاقوں اور غریب خاندانوں کے ذہین بچوں کو معیاری تعلیم کی سہولت فراہم کرنا تھا تاکہ وہ بھی اپنی قابلیت، محنت اور مسلسل جدوجہد کے ذریعے کامیابی حاصل کرسکیں۔

مذکورہ تقریب میں وزیراعظم نے جو کچھ کہا اس سے اختلاف کی گنجائش نہیں لیکن یہاں بنیادی سوال یہ ہے کہ اعلانات کے باوجود کسی تمیز کے بغیر بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع کیوں نہیں رہے؟ اور وہ کون ہے جو اس سلسلے میں رکاوٹیں کھڑی کر رہا ہے؟ دانش سکولوں کی اپنی جگہ ہے اور ان کی افادیت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا، دور دراز علاقوں کے ذہین مگر نادار بچوں کو رہائش، خوراک اور معیاری تعلیم ایک چھت تلے دینا بلاشبہ قابل تحسین کوشش ہے لیکن ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ لاکھوں بچوں کے مسئلے کا حل چند سو یا چند ہزار نشستوں سے نہیں نکل سکتا۔ اصل امتحان تو اس عام سرکاری سکول کا ہے جو ہر گاؤں اور ہر محلے میں موجود ہے جہاں مزدور، کسان، رکشہ ڈرائیور اور چھوٹے سرکاری ملازم کا بچہ پڑھتا ہے۔ اگر وہ سکول بہتر ہوجائے تو بچوں کو معیاری تعلیم کے لیے گھروں سے دور جانے کی ضرورت ہی پیش نہیں آئے گی۔ اگر وہ سکول ہی عام آدمی کے ہاتھ سے نکل جائے تو چند دانش سکول اس خسارے کا ازالہ نہیں کرسکتے۔ وزیراعظم دانش سکولوں کا منصوبہ ضرور آگے بڑھائیں لیکن سرکاری تعلیمی اداروں کو بہتر بناتے ہوئے عوام کے لیے آسانی پیدا کریں، یہ ان کا بنیادی حق ہے، حکومت کی طرف سے کوئی احسان نہیں۔

کوانٹم کمپیوٹر، ڈیجیٹل دنیا کا نیا خطرہ

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی

آج ہماری دنیا کا ایک بہت بڑا حصہ ایسے ریاضی کے تالوں کے پیچھے محفوظ ہے جنہیں عام کمپیوٹر توڑنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ بینک اکاؤنٹس، آن لائن خریداری، واٹس ایپ پیغامات، سرکاری معلومات اور بٹ کوائن سمیت بے شمار ڈیجیٹل نظام اسی اصول پر اعتماد کرتے ہیں۔

یہ تحفظ بظاہر ایک پیچیدہ ریاضی کا کھیل ہے، لیکن اسے آسان مثال سے سمجھا جاسکتا ہے۔ فرض کریں آپ کے پاس ایسا ریاضیاتی تالا ہے جسے بنانا آسان ہے، مگر الٹا کھولنا انتہائی مشکل۔ یہی بنیادی خیال جدید خفیہ کاری یعنی Encryption کے پیچھے موجود ہے۔

مثلاً اگر کسی کو دو بڑے اعداد دے کر ان کا حاصل ضرب نکالنے کو کہا جائے تو یہ کام کمپیوٹر بہت تیزی سے کرسکتا ہے۔ لیکن اگر صرف حاصل ضرب دیا جائے اور کہا جائے کہ بتا اس کے پیچھے کون سے دو بڑے اعداد تھے، تو یہی کام انتہائی مشکل ہوجاتا ہے۔

آج کے طاقتور ترین روایتی کمپیوٹر بھی ایسے بڑے ریاضیاتی مسائل کو عملی طور پر حل کرنے میں ناقابل تصور وقت لگا سکتے ہیں۔ اسی مشکل کو ڈیجیٹل دنیا اپنے حفاظتی نظام کے فائدے کے لیے استعمال کرتی ہے۔

یہاں ایک اور آسان مثال مددگار ہے۔ آپ کے گھر کا پتا لوگوں کو معلوم ہوسکتا ہے، لیکن گھر کا اصل چابی والا راز صرف آپ کے پاس ہوتا ہے۔ ڈیجیٹل دنیا میں بھی Public Key اور Private Key کا تصور کچھ اسی طرح کام کرتا ہے۔ Public Key ایسی معلومات ہے جسے دوسروں کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے، جبکہ Private Key ایک انتہائی حساس راز ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ دونوں کے درمیان ریاضیاتی تعلق ایسا بنایا گیا ہے کہ Public Key سے Private Key نکالنا عام کمپیوٹر کے لیے تقریباً ناممکن سمجھا جاتا ہے۔

اب کہانی میں کوانٹم کمپیوٹر داخل ہوتا ہے۔ یہ صرف ایک تیز رفتار کمپیوٹر نہیں بلکہ حساب کرنے کا بالکل مختلف طریقہ استعمال کرنے والی مشین ہے۔ اس کی طاقت Quantum Mechanics کے عجیب وغریب اصولوں سے آتی ہے۔

روایتی کمپیوٹر میں بنیادی اکائی Bit ہوتی ہے جو صفر یا ایک کی حالت میں ہوتی ہے۔ کوانٹم کمپیوٹر میں Qubit استعمال ہوتا ہے، جو مخصوص حالات میں صفر اور ایک دونوں کی کوانٹم حالتوں کو بیک وقت ظاہر کرسکتا ہے۔

اسے گھومتے ہوئے سکے سے سمجھا جاسکتا ہے۔ عام کمپیوٹر میں سکہ زمین پر گرے تو یا Heads ہوگا یا Tails، جبکہ کوانٹم دنیا میں حساب کے دوران سکے کی ایسی حالت تصور کی جاسکتی ہے جس میں دونوں امکانات شامل ہوں۔

یہی خصوصیات بعض مخصوص مسائل کو حل کرنے میں کوانٹم کمپیوٹر کو غیر معمولی طاقت دے سکتی ہیں۔ خاص طور پر ایسے مسائل جن پر آج کی Encryption کا بڑا حصہ اپنی حفاظت کے لیے انحصار کرتا ہے۔

اسی وجہ سے ماہرین برسوں سے خبردار کرتے آرہے ہیں کہ اگر ایک مکمل طاقتور Quantum Computer تیار ہوگیا تو آج کے بعض حفاظتی نظام شدید خطرے میں پڑ سکتے ہیں۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسٹینڈرڈز اینڈ ٹیکنالوجی بھی اسی ممکنہ خطرے کے مقابلے کے لیے Post Quantum Cryptography تیار کرنے پر کام کر رہا ہے۔

سب سے حیران کن بات اس خطرے کے لیے درکار مشین کے اندازے میں مسلسل کمی ہے۔ چند سال پہلے یہ تصور کیا جاتا تھا کہ موجودہ Encryption کو توڑنے کے لیے کروڑوں کیوبٹس والی مشین درکار ہوگی، جبکہ نئی تحقیق نے مطلوبہ تعداد کو بہت کم کردیا ہے۔

2019 کے آس پاس بعض اندازوں میں بینکنگ سطح کی Encryption کو توڑنے کے لیے تقریباً 20 ملین Physical Qubits کی ضرورت بتائی گئی تھی۔ بعد کے برسوں میں الگورتھم اور ہارڈویئر کے تخمینوں میں بہتری کے ساتھ یہ تعداد تقریباً دس لاکھ سے کم سطح تک پہنچ گئی۔

مارچ 2026 میں Google Quantum AI کی تحقیق نے بٹ کوائن کے استعمال کردہ Elliptic Curve Cryptography کے خلاف ممکنہ حملے کے لیے 500,000 سے بھی کم Physical Qubits کا تخمینہ پیش کیا۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ ایسی مشین آج موجود ہے، بلکہ یہ مستقبل کی ممکنہ صلاحیت کا حساب ہے۔ Google کی تحقیق میں ایک اور عدد نے دنیا بھر میں خاص توجہ حاصل کی، اور وہ ہے نو منٹ۔ تحقیق کے مطابق ایک مستقبل کا انتہائی طاقتور کوانٹم کمپیوٹر بعض حالات میں بٹ کوائن کی Public Key سے Private Key حاصل کرنے کے آخری مرحلے کو تقریباً نو منٹ میں مکمل کرسکتا ہے۔

یہاں یہ بات سمجھنا ضروری ہے کہ نو منٹ میں بٹ کوائن توڑنا کا مطلب یہ نہیں کہ آج کوئی شخص نو منٹ میں آپ کا بٹ کوائن چرا سکتا ہے۔ ایسی طاقتور کوانٹم مشین ابھی موجود ہی نہیں۔ یہ مستقبل کے ایک ممکنہ حملے کا نظریاتی اور تکنیکی منظرنامہ ہے۔

بٹ کوائن کے معاملے میں خطرہ اس لیے زیادہ دلچسپ ہے کہ تقریباً 6.9 ملین بٹ کوائن ایسے پتوں سے منسلک بتائے جاتے ہیں جہاں Public Key پہلے ہی ظاہر ہوچکی ہے۔ اگر مستقبل میں ایک طاقتور کوانٹم مشین تیار ہوگئی تو ایسے پرانے یا پہلے سے ظاہر شدہ Keys زیادہ آسان ہدف بن سکتے ہیں۔

اسی تناظر میں بٹ کوائن کی دنیا میں یہ بحث بھی جاری ہے کہ کیا مستقبل میں ایسے بٹ کوائنز کو محفوظ بنانے کے لیے انہیں نئے Quantum Resistant نظام میں منتقل کیا جائے، اور اگر مالکان ایسا نہ کریں تو ان کے اثاثوں کے ساتھ کیا کیا جائے۔ یہ صرف ٹیکنالوجی کا نہیں بلکہ ملکیت، آزادی اور اربوں ڈالر کے مالی اثاثوں کا سوال بن سکتا ہے۔

لیکن خطرہ صرف بٹ کوائن تک محدود نہیں۔ دنیا بھر کے سائبر ماہرین Harvest Now, Decrypt Later کے خطرے کی بات کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ کوئی حملہ آور آج حساس encrypted معلومات چوری کر کے محفوظ رکھ سکتا ہے اور مستقبل میں طاقتور کوانٹم کمپیوٹر بننے کے بعد انہیں کھولنے کی کوشش کرسکتا ہے۔

مثلاً کسی حکومت، کمپنی یا فرد کی ایسی معلومات جو آج محفوظ ہیں لیکن دس یا بیس سال بعد بھی اہم رہیں گی، مستقبل کے لیے خطرہ بن سکتی ہیں۔ اسی لیے ماہرین کا کہنا ہے کہ Quantum Threat کے آنے کا انتظار کرنے کے بجائے سیکورٹی کے نظام کو پہلے ہی تبدیل کرنا ضروری ہے۔

سوال یہ بھی ہے کہ کیا WhatsApp محفوظ رہے گا؟ موجودہ دور کی جدید Messaging Security کئی مضبوط خفیہ کاری کے طریقے استعمال کرتی ہے، مگر مستقبل کے کوانٹم خطرے سے نمٹنے کے لیے صرف آج کی Encryption پر ہمیشہ انحصار کرنا کافی نہیں ہوگا۔ اسی لیے پوری ٹیکنالوجی صنعت Post Quantum Security کی طرف بڑھ رہی ہے۔

دنیا اس تبدیلی کے لیے پہلے ہی تیاری شروع کرچکی ہے۔ NIST نے 2024 میں ایسے Post Quantum Cryptography Standards جاری کیے جو مستقبل کے کوانٹم حملوں کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں، جبکہ بعد میں مزید متبادل الگورتھمز پر بھی کام جاری رکھا گیا۔

امریکا کے علاوہ دنیا بھر میں ٹیکنالوجی کمپنیاں، بینک، انٹرنیٹ سروسز اور حکومتیں اپنے موجودہ Encryption نظام کا جائزہ لے رہی ہیں۔ Cloudflare سمیت کئی بڑے ٹیکنالوجی ادارے بھی Quantum Resistant Encryption کی طرف منتقلی پر کام کر رہے ہیں، کیونکہ عالمی انٹرنیٹ کا حفاظتی نظام ایک ہی دن میں تبدیل نہیں ہوسکتا۔

یہی صورتحال بھارت، پاکستان اور دیگر ممالک کے لیے بھی اہم ہے۔ بینکنگ، موبائل ایپس، سرکاری ریکارڈ، دفاعی معلومات اور کاروباری نظام اگر آج Quantum Resistant مستقبل کے لیے تیار نہ کیے گئے تو آنے والے برسوں میں منتقلی زیادہ مشکل اور مہنگی ہوسکتی ہے۔

عام صارف کے لیے فی الحال گھبرانے کی کوئی وجہ نہیں۔ آج کوئی ایسا کوانٹم کمپیوٹر موجود نہیں جو عام بینکنگ Encryption یا بٹ کوائن کے حفاظتی نظام کو اس انداز میں توڑ سکے۔ اصل مسئلہ مستقبل کی تیاری ہے، نہ کہ یہ تصور کہ کل صبح تمام بینک اکاؤنٹس غیر محفوظ ہوجائیں گے۔

ماہرین یہ بھی واضح کرتے ہیں کہ یہ پیش گوئی نہیں کی جاسکتی کہ وہ دن کب آئے گا جب ایک Cryptographically Relevant Quantum Computer حقیقت بن جائے گا۔ اندازے چند برسوں سے کئی دہائیوں تک پھیلے ہوئے ہیں، کیونکہ Qubits کو مستحکم رکھنا، غلطیوں کو کم کرنا اور لاکھوں قابل اعتماد Qubits کو ایک ساتھ چلانا انتہائی مشکل انجینئرنگ کا مسئلہ ہے۔

کوانٹم کمپیوٹر شاید صرف خطرے کی کہانی نہ ہو بلکہ ٹیکنالوجی کی اگلی بڑی تبدیلی بھی ثابت ہو۔ اس سے طب، سائنس، مواد، موسمیاتی تحقیق اور کئی دوسرے شعبوں میں ایسے مسائل حل کرنے کی امید ہے جو آج کے کمپیوٹرز کے لیے انتہائی مشکل ہیں۔

لیکن ڈیجیٹل دنیا کے لیے اصل سبق واضح ہے، جس طرح چور کے آنے کے بعد گھر کا تالا تبدیل کرنا دانش مندی نہیں، اسی طرح Quantum Computer بننے کے بعد Encryption تبدیل کرنا بھی دیر ہوسکتی ہے۔ دنیا آج ہی نئے تالے بنانے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ کل آنے والی مشینیں پرانے تالے کھول بھی لیں تو ہماری معلومات محفوظ رہیں۔

عام صارف کے لیے دو باتیں اہم ہیں، اپنے بینک، موبائل اور دیگر اہم اکاؤنٹس پر مضبوط اور منفرد پاس ورڈز استعمال کریں، Multi Factor Authentication فعال رکھیں اور غیر ضروری طور پر حساس معلومات شیئر نہ کریں۔ دوسری طرف ٹیکنالوجی کمپنیوں اور حکومتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ Post Quantum Security کی طرف منتقلی میں تاخیر نہ کریں۔

کوانٹم کمپیوٹر ابھی مستقبل کی مشین ہے، لیکن اس نے ایک اہم سوال آج ہی ہمارے سامنے رکھ دیا ہے، اگر دنیا کے موجودہ ڈیجیٹل تالے ٹوٹ سکتے ہیں تو کیا ہم نئے تالے وقت پر لگا پائیں گے؟ آنے والے برسوں میں اس سوال کا جواب صرف ٹیکنالوجی نہیں بلکہ ہماری مالی سلامتی، رازداری اور ڈیجیٹل دنیا کے مستقبل کا تعین کرے گا۔

سوشل میڈیا اور بچے

تحریر: رفیع صحرائی

کبھی بچے شام ہوتے ہی گلی، میدان یا گھر کے صحن میں کھیلتے دکھائی دیتے تھے۔ کسی کے ہاتھ میں کرکٹ کا بلا ہوتا، کوئی پتنگ اڑا رہا ہوتا، کوئی سائیکل چلا رہا ہوتا اور کوئی کتاب لیے بیٹھا ہوتا۔ آج منظر بدل گیا ہے۔ بچے کھیل کے میدان سے زیادہ موبائل اسکرین پر نظر آتے ہیں۔ ان کی انگلیاں تیزی سے اسکرول کرتی ہیں، آنکھیں مسلسل اسکرین پر جمی رہتی ہیں اور ذہن ایک کے بعد دوسرے مختصر ویڈیو کے پیچھے بھاگتا رہتا ہے۔

یہ تبدیلی محض ایک نئی عادت نہیں، ایک بڑا سماجی مسئلہ بنتی جا رہی ہے۔ حالیہ دنوں لاہور ہائی کورٹ میں ایک کیس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ کیا متعلقہ ادارے سو رہے ہیں؟ عدالت کی طرف سے یہ ریمارکس دراصل ایک ایسے مسئلے کی طرف توجہ دلاتے ہیں جسے ہم والدین، اساتذہ اور معاشرہ مجموعی طور پر نظرانداز کر رہے ہیں۔

دنیا کے کئی ممالک میں کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال کو محدود کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ آسٹریلیا نے 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا پر پابندی کے حوالے سے قانون سازی کی ہے۔ دیگر ممالک میں بھی عمر کی تصدیق، والدین کی اجازت اور بچوں کے تحفظ کے لیے مختلف ضوابط زیرِ غور یا نافذ ہیں۔ اس بحث کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ بچے ابھی بالغ نہیں ہوتے؛ ان کا ذہن تشکیل کے مرحلے میں ہوتا ہے۔ یہی بات ہمیں پاکستان میں بھی سمجھنے کی ضرورت ہے۔

سوشل میڈیا بذاتِ خود کوئی شیطان نہیں۔ اس کے بے شمار مثبت استعمال ہیں۔ یوٹیوب سے بچہ ریاضی، سائنس، زبان اور کمپیوٹر سیکھ سکتا ہے۔ دنیا بھر کی معلومات تک رسائی حاصل کرسکتا ہے۔ اپنی تخلیقی صلاحیتیں اجاگر کرسکتا ہے۔ مسئلہ ٹیکنالوجی نہیں، اس کا بے قابو اور بے مقصد استعمال ہے۔

مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب بچہ کتاب کے بجائے مسلسل شارٹ ویڈیوز دیکھنے لگے، کھیل کے بجائے موبائل گیمز میں گھنٹوں مصروف رہے، والدین سے بات کرنے کے بجائے اجنبی لوگوں سے آن لائن رابطے میں رہے اور حقیقی زندگی کے بجائے ایک مصنوعی ڈیجیٹل دنیا کو اپنا اصل ماحول سمجھنے لگے۔

بچے کے ذہن کو سب سے زیادہ ضرورت توجہ، مشاہدے، سوال کرنے، سوچنے اور تخلیق کرنے کی ہوتی ہے۔ اگر کم عمری میں اس کی توجہ مسلسل چند سیکنڈ کی ویڈیوز، فوری تفریح اور مسلسل نوٹیفکیشنز کے درمیان بٹتی رہے تو اس کے ارتکاز اور مطالعے کی عادت متاثر ہوسکتی ہے۔

ہمیں یہ بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ انٹرنیٹ پر ہر شخص دوست نہیں ہوتا۔ بچوں کو سائبر بلنگ، ہراسانی، جعلی شناختوں، نامناسب مواد، آن لائن فراڈ اور ایسے افراد سے خطرہ ہوسکتا ہے جو معصوم بچوں کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ والدین کا یہ فرض نہیں کہ وہ صرف بچے کو موبائل خرید کر دیں بلکہ یہ بھی دیکھیں کہ بچہ اس موبائل پر کیا دیکھ رہا ہے، کس سے بات کر رہا ہے اور کیوں دیکھ رہا ہے۔ یہاں والدین کا کردار سب سے اہم ہے۔

بدقسمتی سے ہمارے ہاں اکثر والدین بچے کو مصروف رکھنے کے لیے موبائل اس کے ہاتھ میں دے دیتے ہیں۔ بچہ روتا ہے تو موبائل، کھانا نہیں کھاتا تو موبائل، ضد کرتا ہے تو موبائل اور والدین خود مصروف ہوں تو بھی موبائل۔ یوں وہ آلہ جو کبھی ضرورت کے لیے خریدا گیا تھا، بچے کا مستقل ساتھی بن جاتا ہے۔

ہمیں اس معمول کو بدلنا ہوگا۔

بچوں کے لیے گھر میں ڈیجیٹل اصول بنائے جائیں۔ کھانے کے وقت موبائل نہ ہو، سونے سے پہلے اسکرین کا استعمال محدود ہو، پڑھائی کے دوران غیر ضروری نوٹیفکیشن بند ہوں اور عمر کے مطابق اسکرین ٹائم مقرر کیا جائے۔ سب سے بڑھ کر والدین خود بھی ان اصولوں کی پابندی کریں۔ اگر والدین ہر وقت موبائل میں مصروف ہوں گے تو بچے کو لیکچر دینے کا کوئی فائدہ نہیں۔

یہاں ایک اور اہم پہلو بھی ہے۔ آج ہم اپنے بچوں کو مصنوعی ذہانت سکھانے کی بات کر رہے ہیں۔ یقیناً اے آئی مستقبل کی اہم ترین ٹیکنالوجیز میں شامل ہے اور بچوں کو اس سے روشناس کرانا وقت کی ضرورت ہے۔

لیکن سوال یہ ہے کہ اے آئی سیکھنے سے پہلے بچے کو سوچنا سکھایا جا رہا ہے یا نہیں؟ اگر بچہ ہر سوال کا جواب خود تلاش کرنے کے بجائے مشین سے مانگے گا، مضمون خود لکھنے کے بجائے اے آئی سے لکھوائے گا، حساب خود کرنے کے بجائے کیلکولیٹر پر انحصار کرے گا اور کسی مسئلے پر غور کرنے کے بجائے فوری جواب کا منتظر رہے گا تو ٹیکنالوجی اس کی مدد کرنے کے بجائے اس کی فطری صلاحیتوں کو کمزور بھی کرسکتی ہے۔ ہمیں بچوں کو ٹیکنالوجی سے دور نہیں کرنا، ٹیکنالوجی کا غلام بننے سے بچانا ہے۔

اے آئی ضرور سکھائیں، مگر پہلے بچے کو سوال کرنا، دلیل دینا، کتاب پڑھنا، لکھنا، مشاہدہ کرنا، کھیلنا اور لوگوں سے براہِ راست گفتگو کرنا سکھائیں۔ مشین کو بچے کا متبادل نہیں، معاون بنائیں۔

ہمیں یہ بھی سوچنا ہوگا کہ بچے کو ہر وقت ڈیجیٹل مصروفیت فراہم کرنے کے بجائے اس کے لیے حقیقی دنیا کے دروازے کھولے جائیں۔ اسے کھیل کے میدان میں بھیجا جائے، کتاب دی جائے، پودا لگانے دیا جائے، گھر کے چھوٹے کاموں میں شریک کیا جائے، بزرگوں کے ساتھ بٹھایا جائے اور دوستوں کے ساتھ حقیقی کھیلنے کا موقع دیا جائے۔ ہمیں یہ بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ انٹرنیٹ پر ہر شخص دوست نہیں ہوتا۔ بچوں کو سائبر بلنگ، ہراسانی، جعلی شناختوں، نامناسب مواد، آن لائن فراڈ اور ایسے افراد سے خطرہ ہوسکتا ہے جو معصوم بچوں کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ والدین کا یہ فرض نہیں کہ وہ صرف بچے کو موبائل خرید کر دیں بلکہ یہ بھی دیکھیں کہ بچہ اس موبائل پر کیا دیکھ رہا ہے، کس سے بات کر رہا ہے اور کیوں دیکھ رہا ہے۔ یہاں والدین کا کردار سب سے اہم ہے۔

کیونکہ بچپن صرف امتحان پاس کرنے کا نام نہیں۔ بچپن شخصیت بنانے کا زمانہ ہے۔

سوال یہ نہیں کہ بچوں کو سوشل میڈیا دیا جائے یا نہ دیا جائے؟ اصل سوال یہ ہے کہ کس عمر میں، کتنا، کس مقصد کے لیے اور کس نگرانی میں دیا جائے؟

ہمیں اپنے بچوں کو ٹیکنالوجی سے خوفزدہ نہیں کرنا، مگر انہیں ٹیکنالوجی کے رحم و کرم پر بھی نہیں چھوڑنا۔ بچوں کو ٹیکنالوجی سے نہیں، ٹیکنالوجی کے بے لگام استعمال سے بچانے کی ضرورت ہے۔

سیاسی عدم استحکام، مہنگائی اور عوام کا کڑا امتحان

تحریر: حمید علی

پاکستان اس وقت سیاسی عدم استحکام، معاشی دباؤ، ناقص طرزِ حکمرانی اور عوامی مشکلات کے ایک ایسے دور سے گزر رہا ہے جہاں عام آدمی کے لیے زندگی گزارنا روز بہ روز دشوار ہوتا جا رہا ہے۔ ایک طرف سیاسی محاذ آرائی، غیر یقینی صورتِ حال اور انتظامی کمزوریاں، ملکی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہیں تو دوسری طرف مہنگائی، بجلی کے بھاری بل، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ اور گیس کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے۔ حالات کی ستم ظریفی دیکھیے کہ ابھی سردیوں نے باقاعدہ دستک بھی نہیں دی اور گیس کی طویل بندش نے گھریلو زندگی کو متاثر کرنا شروع کر دیا ہے۔ ایسے میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب موسمِ سرما کی ابتدا ہی میں یہ صورتِ حال ہے تو آنے والے مہینوں میں کم آمدنی والے خاندان کس طرح اپنی بنیادی ضروریات پوری کریں گے؟

سیاسی استحکام کسی بھی ملک کی معاشی ترقی اور انتظامی بہتری کے لیے بنیادی شرط ہوتا ہے۔ جب سیاسی قوتیں قومی مفادات پر اتفاقِ رائے پیدا کرنے کے بجائے ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں مصروف رہیں، تو اس کا نقصان بالآخر عوام کو اٹھانا پڑتا ہے۔ پالیسیوں میں تسلسل کا فقدان، اداروں کے درمیان عدم اعتماد اور حکومتی ترجیحات میں بار بار تبدیلی ملک کے انتظامی ڈھانچے کو کم زور کرتی ہے۔ سرمایہ کار، غیر یقینی صورتِ حال میں محتاط ہو جاتے ہیں، کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی رفتار سست پڑ جاتی ہے۔ نتیجتاً معاشی مشکلات کا بوجھ ان لوگوں پر بھی پڑتا ہے جن کا سیاسی فیصلوں میں کوئی کردار نہیں ہوتا۔

تاہم، سیاسی عدم استحکام کو تمام مسائل کا واحد سبب قرار دے کر حکومتی ذمہ داریوں سے صرفِ نظر نہیں کیا جاسکتا۔ اصل امتحان اچھی حکمرانی، مؤثر منصوبہ بندی، شفافیت اور بروقت فیصلوں کا ہے۔ کسی بھی حکومت کی کارکردگی کا حقیقی پیمانہ بلند بانگ دعوے، پریس کانفرنسیں یا سیاسی بیانات نہیں بل کہ عام شہری کی زندگی میں آنے والی آسانی ہوتی ہے۔ اگر شہری کو صاف پانی میسر نہیں، علاج مہنگا ہے، تعلیم عام آدمی کی پہنچ سے دور ہے، روزگار کے مواقع محدود ہیں اور بنیادی سہولتیں مسلسل بحران کا شکار ہیں تو حکمرانی کے دعووں کا ازسرِنو جائزہ لینا ضروری ہو جاتا ہے۔

گیس کی صورتِ حال اس انتظامی ناکامی کی ایک نمایاں مثال ہے۔ سردیوں میں گیس کی طلب بڑھنا کوئی نئی بات نہیں۔ ہر سال موسمِ سرما آتا ہے اور ہر سال گیس کی قلت کے خدشات سامنے آتے ہیں۔ اس کے باوجود مستقل اور دیرپا منصوبہ بندی کیوں نظر نہیں آتی؟ اگر گیس کی طلب اور رسد کے فرق کا علم پہلے سے موجود ہے تو اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے مؤثر انتظامات کیوں نہیں کیے جاتے؟ سردیوں کی آمد سے قبل ہی طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ کا آغاز، گھریلو صارفین کے لیے شدید پریشانی کا باعث بنتا ہے۔

ایک عام مزدور، دیہاڑی دار یا کم آمدنی والے ملازم کی زندگی کا تصور کیجیے۔ وہ صبح سویرے روزگار کے لیے گھر سے نکلتا ہے، شام کو تھکا ہارا واپس آتا ہے اور توقع کرتا ہے کہ گھر میں گرم کھانا ملے گا، بچے سکون سے بیٹھ کر پڑھ سکیں گے اور خاندان کے افراد سردی سے محفوظ رہیں گے مگر جب چولہا جلانے کے لیے گیس دستیاب نہ ہو تو یہ معمولی سی خواہش بھی ایک مشکل بن جاتی ہے۔ متبادل کے طور پر سلنڈر خریدنا یا بجلی کے آلات استعمال کرنا ہر خاندان کے لیے ممکن نہیں۔ یوں گیس کی قلت محض توانائی کا مسئلہ نہیں رہتی بل کہ غریب گھرانوں کے بجٹ، صحت، تعلیم اور روزمرہ زندگی کو متاثر کرنے والا بحران بن جاتی ہے۔

دوسری طرف پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا اثر صرف گاڑی چلانے والوں تک محدود نہیں رہتا۔ پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو ٹرانسپورٹ کے اخراجات بڑھتے ہیں، سامان کی ترسیل مہنگی ہوتی ہے اور اشیائے خورونوش سمیت روزمرہ استعمال کی متعدد چیزوں کی قیمتوں پر دباؤ پڑتا ہے۔ ایک مزدور جو روزانہ عوامی ٹرانسپورٹ کے ذریعے کام پر جاتا ہے، اسے اپنے محدود بجٹ میں سفر کے بڑھتے ہوئے اخراجات بھی برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ چھوٹا کاروباری شخص اپنے اخراجات پورے کرنے کے لیے قیمتیں بڑھانے پر مجبور ہوتا ہے جب کہ صارف کی قوتِ خرید پہلے ہی کم زور ہو چکی ہوتی ہے۔ اس طرح مہنگائی کا ایک ایسا سلسلہ جنم لیتا ہے، جس میں سب سے زیادہ نقصان غریب اور متوسط طبقے کو پہنچتا ہے۔

بجلی کی صورتِ حال بھی کچھ مختلف نہیں۔ بھاری بلوں نے گھریلو بجٹ کو بری طرح متاثر کیا ہے جب کہ لوڈشیڈنگ کاروبار، صنعت، تعلیم اور گھریلو معمولات میں خلل ڈالتی ہے۔ ایک طرف شہری مہنگے نرخوں پر بجلی کے بل ادا کرتے ہیں اور دوسری طرف انھیں بلاتعطل فراہمی کی سہولت بھی میسر نہیں آتی۔ سوال یہ ہے کہ صارف آخر کس چیز کی قیمت ادا کر رہا ہے؟ اگر بجلی کے نرخ بڑھانے کا جواز پیداواری لاگت اور نظام کے اخراجات ہیں تو پھر ترسیلی نقصانات، بجلی چوری، انتظامی بدعنوانی اور غیر مؤثر منصوبہ بندی پر قابو پانا بھی ناگزیر ہے۔ عوام سے مسلسل قربانیوں کا مطالبہ کرنے سے پہلے نظام کی خامیوں کو دور کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔

اس تمام صورتِ حال کا سب سے افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ مہنگائی کے مقابلے میں عام آدمی کی آمدنی میں اسی تناسب سے اضافہ نہیں ہوتا۔ تنخواہ دار طبقہ اپنی محدود آمدنی میں کرایہ، راشن، بچوں کی فیس، علاج، بجلی، گیس اور سفری اخراجات پورے کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مہینے کے آخری دنوں میں اکثر گھرانوں کے لیے بنیادی ضروریات پوری کرنا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ سفید پوش طبقہ اپنی پریشانیاں کسی کے سامنے بیان نہیں کرتا مگر اس کی خاموشی کو اطمینان سمجھنا ایک بڑی غلطی ہے۔ غربت صرف خالی جیب کا نام نہیں بل کہ اس بے بسی کا نام بھی ہے جب ایک باپ اپنے بچوں کی جائز ضروریات پوری کرنے کے لیے مسلسل حساب لگاتا ہے اور ہر بار کسی نہ کسی ضرورت کو قربان کرنا پڑے۔

حکومت کو چاہیے کہ وہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر عوامی مسائل کو اپنی اولین ترجیح بنائے۔ گیس کی منصفانہ تقسیم، سردیوں کے لیے پیشگی منصوبہ بندی، بجلی کے نظام میں اصلاحات، توانائی کے متبادل ذرائع کا فروغ، پٹرولیم قیمتوں کے اثرات کو کم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات اور کم آمدنی والے طبقے کے لیے ہدفی ریلیف ناگزیر ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے، غیر ضروری اخراجات کم کرنے، ٹیکس نظام میں انصاف پیدا کرنے اور توانائی کے شعبے میں شفافیت یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ محض عارضی سبسڈی یا وقتی اعلانات مسئلے کا مستقل حل نہیں، اصل ضرورت ایسی پالیسیوں کی ہے جن کے ثمرات عام شہری تک پہنچیں۔

سیاسی جماعتوں کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ عوامی مسائل کسی ایک جماعت یا حکومت تک محدود نہیں ہوتے۔ حکومت اور حزبِ اختلاف کی ذمہ داری ہے کہ قومی اہمیت کے معاملات پر سنجیدہ مکالمہ کریں اور توانائی، معیشت، تعلیم اور صحت جیسے شعبوں میں طویل المدت قومی حکمتِ عملی تشکیل دیں۔ ملک کو سیاسی استحکام کے ساتھ ایسی حکمرانی درکار ہے جو فیصلوں میں سنجیدہ، وسائل کے استعمال میں شفاف اور عوامی ضروریات کے حوالے سے جواب دہ ہو۔

کسی بھی ریاست کی کامیابی کا اندازہ اس کے عام شہری کے معیارِ زندگی سے لگایا جاتا ہے۔ اگر عوام کو روٹی، بجلی، گیس اور روزگار جیسی بنیادی ضروریات کے حصول کے لیے مسلسل جدوجہد کرنا پڑے تو ترقی کے دعوے اپنی معنویت کھو دیتے ہیں۔ سردیاں ابھی پوری طرح شروع نہیں ہوئیں، مگر عوام کی مشکلات نے پہلے ہی شدت اختیار کرلی ہے۔ آنے والا موسم غریب خاندانوں کے لیے محض سردی کا نہیں، بل کہ مہنگائی، توانائی کی قلت اور معاشی بے یقینی کا بھی امتحان بن سکتا ہے۔

حکمرانوں کو یاد رکھنا چاہیے کہ عوام کی برداشت لامحدود نہیں ہوتی۔ ریاست کی اصل طاقت اس کے شہریوں کا اعتماد ہے اور یہ اعتماد نعروں سے نہیں، عملی اقدامات سے حاصل ہوتا ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ سیاسی محاذ آرائی کے شور سے نکل کر عوام کی آہ و پکار سنی جائے کیوں کہ جب چولہا ٹھنڈا پڑ جائے، بل ادا کرنا ناممکن ہو جائے اور محنت کے باوجود گھر کا خرچ پورا نہ ہو تو عام آدمی کے لیے سیاسی وعدوں کی کوئی اہمیت باقی نہیں رہتی۔ عوام کو نعروں کی نہیں، ریلیف کی ضرورت ہے اور حکمرانی کا اصل امتحان اقتدار حاصل کرنا نہیں، عوام کی زندگی آسان بنانا ہے۔

کمر توڑ مہنگائی، عوام کو ریلیف کب ملے گا

تحریر: مشتاق الرحمٰن

کمر توڑ مہنگائی نے غریب عوام کی زندگی اس حد تک اجیرن کردی ہے کہ اب بنیادی انسانی ضروریات کی فراہمی بھی ایک ناممکن خواب بن کر رہ گئی ہے۔ ایک طرف اشیائے خوردونوش کی قیمتیں مسلسل آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، تو دوسری طرف پٹرولیم مصنوعات کے متواتر اضافے اور اس کے نتیجے میں پھیلنے والی گرانی نے ملک بھر میں تعمیراتی سلسلے کو بھی بالکل روک کر رکھ دیا ہے۔ سریا، سیمنٹ اور دیگر تمام تعمیراتی مٹیریل کی قیمتیں تقریباً دگنی ہو چکی ہیں، جس کے باعث عوام شدید مالی بدحالی، ذہنی تناؤ اور بے پناہ پریشانی کا شکار ہو چکے ہیں۔

حکومت کی جانب سے سو روپے فی لیٹر پٹرول ریلیف کا جو اعلان کیا گیا ہے، وہ اپنی جگہ ایک اقدام سہی، لیکن یہ سہولت بھی صرف اور صرف موٹر سائیکل اور آٹھ سو سی سی انجن والی گاڑیوں کے مالک افراد تک محدود رکھی گئی ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا صرف فیول کی مد میں یہ محدود ریلیف دینے سے مہنگائی کے مجموعی اور بھیانک اثرات ختم ہو سکتے ہیں اور پھر ان بے شمار لوگوں کا کیا بنے گا جنہیں یہ ریلیف بھی نہیں مل رہا ان پر تو گویا دگنا عذاب نازل ہو چکا ہے۔ اگر پٹرول کی اس ریلیف کی بات کی جائے، تو اس سے صرف پٹرول کی حد تک تو موٹر سائیکل یا آٹھ سو سی سی والوں کو سو روپے کی بچت مل جائے گی، لیکن کیا اس ایک اقدام سے باقی تمام روزمرہ کی اشیا کی قیمتیں کم ہو جائیں گی ایسا بالکل اور ہرگز نہیں ہے

اگر ہم کھانے پینے کی بنیادی اشیا کا جائزہ لیں، تو اس وقت آٹے کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔ بیس کلو آٹے کا تھیلا اس وقت کم از کم پینتیس سو روپے میں مل رہا ہے، جبکہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے قبل دس اور بیس کلو کی بوریوں کی قیمت ساڑھے سات سو، آٹھ سو اور پندرہ سو روپے کے لگ بھگ ہوا کرتی تھی، جو اب بڑھ کر پینتیس سو روپے سے بھی تجاوز کرچکی ہے۔ اسی طرح ٹماٹر کی قیمت پر نظر ڈالیں، تو جو ٹماٹر پہلے چالیس سے پچاس روپے فی کلو آسانی سے مل جاتا تھا، وہ اب سو روپے سے اوپر جا چکا ہے۔ گھی اور برانڈڈ تیل کی قیمتیں چھ سو روپے فی لیٹر سے بھی زائد ہو چکی ہیں، جس نے عام آدمی کے لیے دو وقت کا کھانا پکانا بھی محال کر دیا ہے۔

دوسری طرف اگر تعمیراتی شعبے اور مکان کی تعمیر پر آنے والے اخراجات کو دیکھا جائے، تو جو سریا پہلے دو لاکھ سے ہزار روپے فی ٹن ملتا تھا، وہ اس وقت بڑھ کر ڈھائی لاکھ روپے فی ٹن تک پہنچ چکا ہے۔ سیمنٹ کی جو بوری ساڑھے گیارہ سو روپے کی ہوا کرتی تھی، اب اس کی قیمت پندرہ سو روپے تک جا پہنچی ہے۔ یہی ابتر حال مٹی، ریتی اور دیگر بنیادی تعمیراتی سامان کا ہے۔ مزید برآں، مستری اور مزدور کی روزانہ کی مزدوری جو پہلے تین ہزار کے قریب تھی، اب بڑھ کر پانچ ہزار روپے تک پہنچ چکی ہے۔

اس کمر توڑ اور بے لگام مہنگائی کے باعث حالات اس ڈرانے موڑ پر آ پہنچے ہیں کہ عوام نہ تو صحیح طریقے سے پیٹ بھر کر روٹی کھا سکتے ہیں اور نہ ہی اپنے لیے ایک چھوٹا سا چھت یا مکان بنانے کا سوچ سکتے ہیں۔ جو لوگ اپنی زندگی کی تمام جمع پونجی لگا کر اپنا ایک ذاتی مکان بنانے کا خواب دیکھ رہے تھے، وہ قیمتوں میں اس غیر معمولی اور اچانک اضافے کی وجہ سے انتہائی پریشانی اور کسمپرسی کی حالت میں مبتلا ہو چکے ہیں۔ اب ان حالات میں وہ نیا مکان بنانے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔

حقیقت یہ ہے کہ ان تمام چیزوں کی مہنگائی از خود نہیں ہوئی، بلکہ اس میں کم و بیش اسی فیصد بنیادی کردار پٹرولیم مصنوعات کی مسلسل بڑھتی ہوئی قیمتوں کا ہے۔ کیونکہ جب بھی پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں بڑھتی ہیں، تو اس کا اثر سیدھا ٹرانسپورٹ اور مال برداری کے کرایوں پر پڑتا ہے، جس سے ہر چیز کی قیمت فوراً دگنی ہو جاتی ہے اور آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہیاور مارکیٹ میں اس من مانی کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہوتا۔

سب سے بڑا اور دسرا اور ستم ظریفی عوام کے لیے یہ ہے کہ جب پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو تمام اشیا پر اس کا تمام تر بوجھ فوراً ڈال دیا جاتا ہے، لیکن اگر عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں واپس نیچے آ بھی جائیں، تب بھی مقامی سطح پر اضافہ شدہ قیمتیں ہرگز واپس نہیں آتیں۔ عوام مسلسل اس بوجھ تلے پستے چلے جا رہے ہیں اور کوئی ان کی دادرسی کرنے والا نہیں ہے۔

اس تمام تر صورتحال میں، حکومت کی جانب سے سو روپے فی لیٹر کی ریلیف بظاہر ایک خوش آئند اور مستحسن اقدام ضرور ہے، لیکن عوام اس حوالے سے سخت پریشان ہیں کہ اس سے ان کی مہنگائی کی تمام تر مشکلات ختم نہیں ہو سکتیں۔ عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف تبھی ملے گا جب حکومت ہر سطح پر تمام چیزوں کی قیمتوں کو کنٹرول کرے اور انہیں ارزاں بنائے خواہ وہ کھانے پینے کی اشیا ہوں، پہننے کا کپڑا ہو یا تعمیرات کا سامان۔ حکومت کو ہر حوالے سے اس پر خصوصی اور ہنگامی اقدامات کرنے ہوں گے تاکہ پٹرول کی قیمتوں کا بہانا بنا کر عوام کو مزید پریشانی میں نہ مبتلا کیا جائے۔

اس کا سب سے بہترین اور پائیدار حل یہ ہے کہ حکومت مخصوص آٹھ سو سی سی گاڑیوں یا موٹر سائیکل والوں کو سبسڈی یا ریلیف دینے کے بجائے براہ راست پٹرولیم مصنوعات ہی کی عمومی قیمت میں سو روپے کی کمی کر دے۔ اس کا فائدہ پورے ملک کے تمام شہریوں کو بلاتفریق پہنچے گا، کرایوں میں کمی آئے گی، اشیائے خورد و نوش اور تعمیراتی مٹیریل سستا ہوگا، اور یہ حکومت کی طرف سے ایک انتہائی زبردست، مفید اور مستحسن اقدام ثابت ہوگا۔

اگر عالمی منڈی کا جائزہ لیا جائے تو فی بیرل تیل کی قیمت اس وقت ایک سو سات ڈالر کی اونچی سطح تک پہنچ چکی ہے، تاہم معاشی تجزیہ کاروں اور ماہرین کے نزدیک آنے والے ایک دو مہینوں میں یہ قیمتیں گھٹ کر لگ بھگ پچانوے ڈالر فی بیرل تک آ سکتی ہیں۔ اس وقت پاکستان میں پٹرول کی قیمت 386 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 396 روپے فی لیٹر کے قریب فروخت ہو رہا ہے۔ لہٰذا، اگر حکومت عالمی مارکیٹ کے ان متوقع رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری طور پر مقامی سطح پر پٹرولیم قیمتوں میں براہ راست نمایاں کمی کرے، تو اس سے نہ صرف مہنگائی کا اثر کم کرنے میں فوری مدد ملے گی بلکہ غریب اور متوسط عوام کو سانس لینے کا موقع ملے گا اور یہ فیصلہ حکومت کے لیے بھی سیاسی اور معاشی طور پر انتہائی مفید ثابت ہوگا

ادارتی صفحے پر شائع ہونے والے کالم اور مضامین کالم اور مضمون نگاروں کی ذاتی آراء ہیں ادارے کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ ادارہ

BAAKHABAR

مختصر اشتہارات

CLASSIFIED

اطلاع عام

عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ملک خورشید خواجہ خیل نے اپنے ذمے واجب الادا قرض اور مالی لین دین کے حساب کتاب کے سلسلے میں مکان نمبر 786 منو جان روڈ کوئٹہ کل رقبہ 4356 مربع فٹ انتقال نمبر 197 مورخہ 19/8/2026 کے تحریری اقرار نامہ / معاہدے کے تحت ہمارے حوالے جس کا قبضہ بھی ہمیں دے دیا گیا مذکورہ مالی لین دین کے سلسلے میں چیک بھی دیئے گئے ہیں تاہم ہمارے موقف کے مطابق مذکورہ مکان کی قانونی منتقلی اور انتقال ہمارے نام کروانے کے معاملے میں اب ٹال مٹول کی جارہی ہے لہٰذا تمام عوام الناس، خریداروں، ڈیلروں اور متعلقہ افراد کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مذکورہ مکان کے متعلق کسی بھی قسم کی خرید و فروخت، بیعانہ، معاہدہ، رہن یا دیگر مالی لین دین کرنے سے قبل اصل دستاویزات اور متعلقہ قانونی ریکارڈ کی مکمل تصدیق کرلیں اشتہار مشتہر ہے المشتہر:۔ ذوالفقار علی ولد عنایت اللہ، میر احمد ولد میر مدت خان

تلاش گمشدہ

میرے دو عدد چیک بک کاپی چیک نمبر 5452825 مبلغ 16394 روپے بنام جلال الدین ولد نجیب الدین اور چیک نمبر 54522830 مبلغ 8208 بنام امیر بی بی قلعہ سیف اللہ بازار میں کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر متعلقہ برانچ پہنچا دیں المشتہر:۔ جلال الدین ولد نجیب الدین و امیر بی بی

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54201-6087619-6 بنام بی بی رقیہ زوجہ عصمت اللہ چمن میں کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر شہید حاجی محمد رفیق نیوز ایجنسی پہنچا دیں

تلاش گمشدہ

میرے بینک الحبیب کا سی ڈی آر نمبر 00952986 بنام میونسپل کمیٹی خانوزئی گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03332853555 پر اطلاع دیں المشتہر:۔ محبوب خان جلال زئی ولد حاجی محمد اسلم

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 5160283314069 بنام نورشاہ ولد عبدالسلام تحصیل دشت سپر نڈ کے ایریا میں گر کر گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03363535239 پر مطلع کریں

اطلاع عام

محمد عاصم آغا ولد اسماعیل آغا ایک عدد موٹر سائیکل نمبر MAV0696 جو کہ میرے نام پر ہے میرا ملکیت نہیں ہے لہٰذا اس موٹر سائیکل کو میرے نام سے منسوخ کیا جائے المشتہر:۔ محمد عاصم آغا ولد اسماعیل آغا

اطلاع عام

سید عبدالحکیم ولد سید عبدالباری دو عدد موٹر سائیکل نمبر MH6125 اور MC8510 جو کہ میرے نام پر ہے میرا ملکیت نہیں ہے لہٰذا ان موٹر سائیکلوں کو میرے نام سے منسوخ کیا جائے المشتہر:۔ سید عبدالحکیم ولد سید عبدالباری

اطلاع عام

میرے والد کا پرانا شناختی کارڈ 60418028969 اور نیا شناختی کارڈ نمبر 5430270324585 بنام محمد حسن ولد محمد ایوب اور میری والدہ کا پرانا شناختی کارڈ نمبر 60430025970 اور نیا شناختی کارڈ 5430333513256 بنام رحم بی بی گاڑی سے چوری ہوگئے ہیں ملنے پر موبائل نمبر 03108248936 پر مطلع کریں

درستگی نام ولدیت

میرے والد کا اصل نام حبیب اللہ ہے جبکہ غلطی سے قومی شناختی کارڈ میں والد کا نام حبیب اللہ لکھا گیا ہے لہٰذا درستگی کی جائے المشتہر:۔ عبدالواجد ولد حبیب اللہ شناختی کارڈ نمبر 55401-3928820-3

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل نمبر MZ5166 چیسز نمبر DSC2855475 انجن نمبر 1853568 کے کاغذات ائیر پورٹ روڈ کلی الماس میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03168296844 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا پاسپورٹ نمبر LE0163421 بنام امیر محمد ولد لعل محمد پشتون آباد میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03188000710 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل نمبر MAM2942 کے کاغذات بنام سید شجاعت ولد سید حسین شاہ کوئٹہ شہر میں گم ہوگیا ہے ملنے پر ایکسائز آفس پہنچا دیں

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل نمبر MK4278 کے کاغذات بنام یاسر رضا ولد حاجی احمد حسین گم ہوگیا ہے ملنے پر ایکسائز آفس پہنچا دیں

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل نمبر MF5975 انجن نمبر HKFOKE4101 فریم نمبر HKFOEF1301 کے کاغذات بنام احسام الدین ولد جمال الدین خان کاکڑ کوئٹہ شہر میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03138079569 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل نمبر MAM3810 کے کاغذات گم ہوگئے ہیں ملنے پر موبائل نمبر 03315501778 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا یو بی ایل بینک کا تین عدد CDR نمبر 1۔ 00233903 مالیت 74,6300، نمبر 2۔ 00233906 مالیت 191100 نمبر 3۔ 00233905 مالیت 586300 کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03353254621 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا موٹر سائیکل انجن نمبر DSE2322277 چیسز نمبر DSC3323996 اصل کمپنی اوچر بمعہ انوائس کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر یونیک سینٹر پہنچا دیں المشتہر:۔ محمد سلطان ولد عبدالقیوم

تلاش گمشدہ

میرا ہنڈا موٹر سائیکل انجن نمبر 905472 چیسز نمبر C265767 ماڈل 2021 اصل کمپنی اوچر بمعہ انوائس کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر ہنڈا سینٹر پہنچا دیں المشتہر:۔ داد محمد ولد یار محمد

تبدیلی پتہ

میرا پاکستان انجینئرنگ کونسل C-3/2593 میں پرانا پتہ ہراہ ہاوس وارڈ نمبر 2 کالونی روڈ ڈیرہ مراد جمالی سے تبدیل کر کے نیا پتہ ہاوس نمبر 240 گلی نمبر 3 ریلوے ہاوس سوسائٹی نزد ایس بی کے یونیورسٹی بروری روڈ کوئٹہ رکھ لیا ہے آئندہ اسی نام کو لکھا اور پڑھا جائے المشتہر:۔ محمد ابراہیم

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ میں نے ایک عدد موٹر سائیکل انجن نمبر DSE2173335 چیسز نمبر DSC3175279 ماڈل 2020 رجسٹریشن نمبر MAG3696 یہ موٹر سائیکل میں نے بابر درانی ولد عبدالرب درانی کو سال 2021 کو فروخت کیا تھا اب میں اس موٹر سائیکل کا ذمہ دار نہیں ہوں المشتہر:۔ محمد جہاں زیب ولد محمد عظیم شناختی کارڈ نمبر 54302-79231093

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54302-7706578-1 بنام عصمت اللہ ولد حضرت علی کچلاک بازار میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03067640007 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میری گاڑی نمبر TLW296 کی روٹ پرمٹ A,B پارٹ کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر PTA آفس پہنچا دیں المشتہر:۔ ہائے وے ٹرہنگ اسٹیشن حب

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54101-5977345-0 بنام بی بی مسلمہ زوجہ گل احمد سٹیلائٹ ٹاؤن میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03341835434 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا پاسپورٹ نمبر AA5795661 بنام ثناء اللہ ولد احمد جان بی ایم سی بروری روڈ میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03158844639 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 5310141261031 بنام رحیم بخش ولد محمد بخش قوم قریشی دوران سفر بھاگ تا کوئٹہ ویگن میں کہیں گر کر گم ہوگیا ہے ملے موبائل نمبر 03317922712 پر مطلع کریں المشتہر:۔ رحیم بخش ولد محمد بخش قوم قریشی سکنہ حیدر شاہ وارڈ بھاگ تحصیل بھاگ ضلع کچھی

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی نمبر 54201-0337613-3 ڈرائیونگ لائسنس نمبر 1920003029 بنام سید ولی ولد شائستہ خان اور شناختی کارڈ نمبر 54201-2090180-7 ڈرائیونگ لائسنس نمبر 36284 بنام روزی احمد ولد عبدالغنی میرا ٹرک رجسٹریشن نمبر TKX956 چیسز نمبر 13737 ماڈل 1996 بنام محمد اسماعیل ولد عبداللہ جان کے کاغذات کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر موبائل نمبر 03118398009 پر مطلع کریں

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اخباری اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمات طاہرہ بی بی بنت خان محمد سکنہ کلی قادر آباد نوشکی جن کے نام واقع قاضی آباد نوشکی 4000 مربع فٹ ہے خسرہ نمبر 331 مسماۃ طاہرہ بی بی بنت خان محمد جو کہ حیات ہیں اپنے ہوش و حواس میں مورخہ 13/10/2026 کو بدست حبیب اللہ ولد عطا محمد سکنہ جمالدینی نوشکی فریق دوئم بیع قطعی کردی گئی ہیں اگر کسی حقیقی رشتدار مالک وغیرہ کو کوئی اعتراض ہے تو اپنا تحریری اعتراض درخواست ایک ہفتہ کے اندر اندر دفتر ہذا میں پیش کیا جائے اخباری اشتہار کے میعاد مدت ختم ہونے کے بعد کسی قسم کے عزر اعتراضات قابل قبول نہ ہوگا اور یہ پلاٹ حبیب اللہ ولد عطا محمد کے نام منتقل کیا جائے گا

چیئرمین میونسپل کمیٹی نوشکی

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اخباری اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مرحوم ماسٹر علی خان ولد نظر محمد قوم مینگل سکنہ قاضی آباد نوشکی جن کے نام ایک عدد پلاٹ تعدادی رقبہ 2400 مربع فٹ واقع قاضی آباد نوشکی اس پلاٹ کو مرحوم ماسٹر علی خان ولد نظر محمد نے اپنے حیات زندگی میں اس اس کے متذکرہ پلاٹ واقع قاضی آباد نوشکی تعدادی رقبہ 2400 مربع فٹ کو اپنے بھتیجا مسمی ظہور احمد ولد خلیل احمد مینگل کو بطور بخشش حبہ کردی ہے برائے آئندہ متذکرہ پلاٹ کے مالک مسمی ظہیر احمد تصور ہوگا اگر کسی حقیقی مالک رشتہ دار وغیرہ کو کوئی اعتراض ہے اس پٹہ کے منتقلی پر تو ایک ہفتہ کے اندر اندر اپنا اعتراض تحریری درخواست دفتر ہذا میں پیش کیا جائے اخباری اشتہار کے میعاد مدت ختم ہونے کے بعد کسی قسم کے عزر اعتراضات قابل قبول نہ ہوگا اور یہ پٹہ مسمی ظہور احمد ولد خلیل احمد کے نام منتقل کیا جائے گا۔ 20/10/2026

چیئرمین میونسپل کمیٹی نوشکی

تلاش گمشدہ

میری گاڑی نمبر PAH975 کار رجسٹریشن بک کا پہلا صفحہ گم ہوگیا ہے ملنے پر ایکسائز آفس پہنچا دیں المشتہر:۔ احسان اللہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اخباری اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مرحوم بولچند ولد چوہدری جھالنداس قوم ہندو سکنہ ہندو محلہ بازار نوشکی جن کے نام واقع جناح روڈ بازار نوشکی میں دوکان ہے رقبہ 900 مربع فٹ ہے خسرہ نمبر 145 ہے مرحوم کے بیٹے سنجے لعل ولد چوہدری بول چند سکنہ ہندو محلہ بازار نوشکی نے اسٹام پیپر درخواست بھی گزاری ہے 900 مربع فٹ میں سے 270 مربع فٹ خدا بخش ولد محمد حلیم ابابکی سکنہ کلی غریب آباد نوشکی پر فروخت کی ہے ان کے نام پٹہ ٹرانسفر کرانا چاہتے ہے لہٰذا اگر کسی حقیقی مالک رشتدار وغیرہ کو اس پٹہ رقبہ جات پر اعتراضات ہے تو سات 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا میں پیش کیا جائے اخباری اشتہار کے میعاد مدت ختم ہونے کے بعد کسی قسم کے عزر و اعتراضات قابل قبول نہ ہوگا اور یہ پٹہ ٹرانسفر کیا جائے گا بتاریخ 09/09/2026 کو جاری ہوا

چیئرمین میونسپل کمیٹی نوشکی

بعدالت تحصیلدار / درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ مسمی محمد نواز ولد محمد افسر خان مرحوم قوم ترتولی ساکن کندبھ درخواست پیش کیا گیا کہ میرا والد محمد افسر مرحوم ولد نور عالم قوم تنولی ساکن کندبھ وفات پاچکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان ملک اعجاز احمد، شہزاد احمد، محمد نواز پسران رخسانہ بی بی، انیلہ بی بی، فرزانہ بی بی، شہناز بی بی، ریحانہ بی بی دختران محمد افسر خان قوم تنولی ساکن کندبھ ہیں۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سریاب کوئٹہ

بعدالت تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر اول صدر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد ولد تختی قوم علیزئی ساکن کندبھ بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے۔ جائیداد ہذا بحوالہ انتقال 65 محال کاریز لنڈی موضع کلی گل محمد تپہ درانی میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفی محمد کے پسماندگان میں بی بی حمیدہ بیوہ، عبدالخالق، عبدالمالک، عبدالرزاق، عبدالرازق، محمد یعقوب، حمزہ، حنظلہ پسران بی بی، نرگس، معصومہ، فوزیہ دختران محمد قوم علیزائی ساکنان کندبھ جائز ورثاء ہیں۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کسی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار صدر کوئٹہ

VACANCY ANNOUNCEMENT

The Divisional Director Health Services, Sevi Division invites applications from eligible and qualified candidates for the following posts purely on contract/ad-hoc basis for services on a temporary basis initially for a period of 01 year, extendable on the basis of satisfactory performance:-

S#	Name of Post	Sibi	South Dera Bugti	Kachhi
1	Assistant Professor Surgery (B-18)	1	0	0
2	Assistant Professor Anesth (B-18)	1	0	0
3	Consultant Psychiatrist (B-18)	1	0	0
4	Anesthetist (B-18)	2	0	4
5	Cardiologist (B-18)	1	0	0
6	ENT Specialist (B-18)	1	0	0
7	Eye Specialist (B-18)	1	0	1
8	Gynecologist (B-18)	1	1	1
9	Pathologist (B-18)	1	0	1
10	Pediatrician (B-18)	2	0	0
11	Surgeon (B-18)	0	1	2
12	Senior Registrar (Radiology) (B-18)	1	0	0
13	Senior (Psychiatry) (B-18)	1	0	0
14	Senior Registrar (Pulmonology) (B-18)	1	0	0
15	Chest Specialist (B-18)	0	0	1
16	Physician (B-18)	0	0	1
17	Medical Officer (B-17)	17	6	13
18	Medical Officer ICU (B-17)	1	0	0
19	Lady Medical Officer (B-17)	3	5	0
20	Lady Medical Officer ICU (B-17)	0	1	0
21	Dental Surgeon (B-17)	0	0	3
22	Staff Nurse (B-16)	2	0	2
23	Staff Nurse ICU B-16	1	0	0

Walk in Interviews will be conducted on 4th November, 2026 at 10:00 AM in the Office of the Commissioner, Sevi Division at Sevi.

Eligibility Criteria for the post of Senior Registrar & Assistant Professor:

- MBBS degree from an institute recognized by FMDC/FCPS/MS/MD/MDS
- Permanent PMDC Registration with Post-Graduate Qualification mentioned therein
- Permanent employment in Government of Balochistan as Medical Officer (B-17), Lady Medical Officer (B-17), or Specialist (B-18).

Eligibility Criteria for the post of Medical Officer, Lady Medical Officer

- MBBS degree from an institute recognized by the PMDC
- Permanent PMDC registration

Eligibility Criteria for the post of Dental Surgeon:

- BDS degree from any institute recognized by the PMDC
- Permanent PMDC registration

Eligibility Criteria for the post of Staff/Male Nurse:

- BSN or Nursing Diploma
- PNC Registration Card

Terms and Conditions:

1. Age limits will be in accordance with the Government of Balochistan's current policy.
2. Candidates from all over Pakistan are eligible to apply, though preference will be given to the Local / Domicile of Balochistan, subject to the satisfaction of the interview Committee.
3. Candidates shall not be regularized under any circumstances; however, their contractual service may be extended based on a satisfactory performance certificate issued by the concerned DDO.
4. Candidates will be entitled to receive pay in the respective basic scale, alongwith applicable allowances.
5. Government, semi-government, and autonomous organization employees must apply through the proper channel with a NOC from their employer/parent department.
6. Number of available positions can be increased or decreased at any time during the process.
7. No TA/DA will be provided for attending the interview.
8. Selection will be just based on the recommendations of the Divisional Health Committee thus any form of stumping will lead to disqualification.
9. Candidates who have been terminated or dismissed from any government or non-government position due to disciplinary action, moral misconduct, or offenses are not eligible to apply.
10. Concealment of facts or submission of forged documents will lead to immediate dismissal from the post position, alongwith legal and disciplinary consequences.
11. Selections will be at the sole discretion of the Divisional Health Committee, Sevi which reserves the right to cancel interview at any stage without providing any reasons.

HOW TO APPLY

1. Eligible interested candidates should submit their applications to the Office of Commissioner Sevi Division at Sevi, along with one set of attested copies of all relevant documents, including latest PMDC/PNMC registration, Educational Certificates, Professional Experience, Local/Domicile Certificate, CNIC, Two passport-size photographs, and an updated CV. Please note that incomplete or late applications will not be considered.
2. Applications must be submitted in person or via courier to the office of the Divisional Director Health Services, Sevi Division at Sevi, by or before 30th October, 2026.

PRQ No.1964/20-10-2026

Divisional Director Health Services Sevi Division at Sevi

بعدالت جناب سینئر سول جج صاحب چمن

رجسٹر نمبر 36/2026 آئندہ تاریخ پیشی 2/11/2026

1۔ عبدالقادر ولد پستہ خان قوم عثمانزئی پتہ ہزار گنجی گلستان تحصیل چمن ضلع چمن **بنام**:۔ 1۔ ڈائریکٹر جنرل نادرا بلوچستان کوئٹہ بذریعہ NRC گلستان 2۔ احمد شاہ 54203-7566824-7، 3۔ شاہ ولی 107491004740، 4۔ حضرت بی بی 54203-5927334-0، 5۔ بی بی گل غوثی 54202-2941430-8

دعویٰ دیوانی منسوخی CNICS مدعا علیہان نمبر 2 تا 5 Intruders

اشتہار برائے حاضری مدعا علیہان 2 تا 5:۔ ہرگاہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعی نے مدعا علیہان کے خلاف دعویٰ عدالت ہذا میں دائر کیا گیا ہے جس پر مدعا علیہان 2 تا 5 کو بار بار نوٹس عدالت ہذا سے جاری کئے جاچکے ہیں لیکن تعمیل نہیں ہورہا ہے اور مدعا علیہان 2 تا 5 روپوش ہیں لہٰذا مدعا علیہان 2 تا 5 کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 2/11/2026 کو حاضر عدالت ہو کر پیروی دعویٰ کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عدالت ہذا سے عمل میں لائی جائیگی۔ بعداز کارروائی کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگی آج مورخہ 19/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج چمن

بعدالت جناب سینئر سول جج صاحب II با اختیارات ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کوئٹہ

مثل نمبر 39/2026 آئندہ تاریخ پیشی 28/10/2026

سائلان بی بی یاسمین بیوہ مرحوم غلام الدین سکنہ کوئٹہ 2۔ بی بی خدیجہ دختر مرحوم غلام الدین 3۔ بی بی رشیدہ دختر غلام الدین 4۔ بی بی کلثوم 5۔ بی بی حوریا 6۔ بی بی آسیہ 7۔ بی بی جویریا دختران مرحوم غلام الدین 8۔ محمد عبداللہ ولد مرحوم غلام الدین ساکنان کوئٹہ سائلہ نمبر 1 تا 7 بذریعہ سائلہ نمبر 1 **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست جانشینی / لیٹر آف ایڈمنسٹریشن

اشتہار بنام ہر خاص و عام:۔ ہرگاہ درخواست جانشینی عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے تاریخ پیشی 28/10/2026 کیلئے مقرر ہے۔ بذریعہ اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کے نسبت کسی کو کسی بھی قسم کا عذر ہو تو مقررہ تاریخ سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی درخواست کریں بصورت دیگران کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 19/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج II کوئٹہ

بعدالت جناب ڈسٹرکٹ جج خضدار

1۔ مسماۃ راشدہ بیوہ نذیر احمد 2۔ مہوش 3۔ حمدان پسر و دختر مرحوم نذیر احمد اقوام مینگل ساکنان کٹھان خضدار بذریعہ پٹیشنر نمبر 1 / مختیار پٹیشنر نمبر 2 تا 3 سائلان / درخواست گزاران **بنام**:۔ عوام الناس رسپانڈنس

درخواست حصول جانشینی سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 372 ایکٹ مجریہ 1925

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ عنوان بالا درخواست سائلان نے برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت محکمہ واجبات و ماہانہ پنشن مرحوم نذیر احمد مبلغ /-Rs:-1742189.12 روپے گزاری ہے۔ مرحوم نذیر احمد ولد محمد حیات مورخہ 20/8/2023 کو بقضائے الٰہی فوت ہوچکے ہیں۔ درخواست ہذا کی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 30/10/2026 کو مقرر ہوئی ہے اگر کسی شخص کو درخواست ہذا پر اعتراض ہے تو مقررہ تاریخ کو بوقت 8:30 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا کے روبرو حاضر ہو کر اپنے عذرات پیش کریں بصورت دیگر ضابطہ کے تحت یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگی آج مورخہ 14/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

ڈسٹرکٹ جج خضدار

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ ون / سول جج پشین

درخواست گارڈین نمبر 2/2026 1۔ شراف الدین 2۔ محمد یوسف نابالغ 3۔ بی بی عاصمہ نابالغ 4۔ بی بی سعدیہ نابالغ 5۔ بی بی کلثوم نابالغ 6۔ بی بی نائلہ نابالغ پسران و دختران صلاح الدین مرحوم اقوام ترین ساکن کلی ملکیار تحصیل و ضلع پشین **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 10 گارڈین اینڈ وارڈز ایکٹ 1890 برائے تعیناتی گارڈین و جاری کرنے گارڈین سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مندرجہ عنوان بالا میں سائلان / درخواست گزاران نے ایک درخواست زیر دفعہ 10 آف گارڈین اینڈ وارڈز ایکٹ 1890 برائے تعیناتی گارڈین و جاری کرنے گارڈین سرٹیفکیٹ عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ جسکی آئندہ تاریخ سماعت 2/11/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت مورخہ 2/11/2026 پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی درخواست کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 19/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

جوڈیشل مجسٹریٹ I / سول جج پشین

بعدالت سول جج با اختیارات ڈسٹرکٹ جج دکی

دعویٰ نمبر 24/026 ڈائریکٹر جنرل مائنز و منرل بنام:۔ ایم ایس سید خیر محمد

ڈویلپمنٹ بلوچستان لنک سریاب روڈ دعویٰ برائے ریکوری مبلغ =/7049998 بمع انکم ٹیکس و مارک اپ

اشتہار بنام ایم ایس سید خیر محمد شناختی نمبر 543032049195 C/O عبدالرحیم بندر روڈ پشین۔

ہرگاہ آپ مدعا علیہم ایس ایم ایس سید محمد خیر بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ کو بار بار نوٹیز برائے پیروی مقدمہ مذکورہ بالا جاری کئے جاچکے ہیں تاہم تم دانستہ / غیر دفتر طور پر پیش ہونے سے گریزاں ہو لہٰذا آپ کو بذریعہ اشتہار ہذا آپ مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مذکورہ 27-10-2026 کو اصالتاً / وکالتاً پیش ہو کر عذر یا اعتراض داخل کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

سول جج با اختیارات ڈسٹرکٹ جج دکی

PRQ No1979/20-10-2026

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی سبی ڈویژن سبی

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19، انسداد دہشتگردی ایکٹ

AT نمبر 04/2026 FIR نمبر 53/2026 سرکار بنام:۔ عبدالسعید وغیرہ

جرم زیر دفعہ 5 Exp ,Act 7 (1) (ff) 11N ATA CTD سبی ہرگاہ ہمارے روبرو نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان (1) جہانزیب ولد سردار قوم رائیجہ سکنہ آب گم (2) حسنین ولد عظمت خان قوم کرد سکنہ مچھ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہوسکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہوگئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ بتاریخ 26-10-2026 عدالت ہذا بمقام سبی نالش مذکور کی قلمبندی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ سبی

PRQ No1977/20-10-2026

TENDER NOTICE

TSE-2627101211533 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Chief Minister Development Package for Dera Bugti invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Sewerage, Drainage Road Network, Roundabout & Monuments, Drip Irrigation and Chain Link Fence Under Area Development Programme	759,723,800

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 530,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-2 and above (Upto 1000 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE04(ii) (Irrigation & Flood Control Systems), CE09(i) (Sewerage Works), CE10(i) (General Civil Engineering Works) , CE10(v) (Landscaping & Horticulture), CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining Structure). Bid Security of 2% of estimated cost Tender processing fee of amount Rs. 1000 in account No. C02716 having head, PD,CMDPDB. All bidders are required to provide their complete postal address, email address, WhatsApp number, and contact number for the purpose of official correspondence and communication **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **05 November, 2026** till **11:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same date at **12:00 PM on EPPS System Address:** 81-A, Chaman Housing Scheme, Quetta

Phone no: 0812864466 Email: dpquettacity@gmail.com

Project Director Chief Minister Development Package for Dera Bugti

DAB/AB No.447/20-10-2026

بعدالت جناب سول جج VI کوئٹہ

مثل نمبر 34/2026 آئندہ تاریخ سماعت 27/10/2026

بمقدمہ:۔ امان اللہ **بنام**:۔ شیر خان وغیرہ **دعویٰ دیوانی**

اشتہار بنام ملک امیر حمزہ ولد ملک لعل گل خان قوم کاکڑ سکنہ ہنہ اوڑک کوئٹہ:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا مورخہ 27/10/2026 کیلئے عدالت ہذا میں مقرر ہے۔ مقدمہ ہذا متعدد نوٹسز بنام مدعا علیہ نمبر 3 جاری کئے گئے ہیں جو کہ تعمیل نہ ہوسکے لہٰذا اس بابت اشتہار بنام ملک امیر حمزہ جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ مقررہ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 20/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سول جج VI کوئٹہ

بعدالت جناب سول جج IV کوئٹہ

مثل نمبر 50/2026 گل احمد **بنام**: نادرا **دعویٰ دیوانی**

اشتہار بنام مدعا علیہ نمبر 2 اجمل خان ولد گل احمد سکنہ جمعیت کالونی نواں کلی کوئٹہ:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ سماعت 28/10/2026 مقرر ہوچکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا مدعا علیہ 2 عنوان بالا کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کرے بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 20/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سول جج IV کوئٹہ

بعدالت جناب سینئر سول جج با اختیارات ڈسٹرکٹ جج چمن

رجسٹر نمبر 23/2026 محررہ 2/11/2026

مسماۃ محمد طفیل، محمد صابر، تاج محمد، محمد افضل، بی بی مسکین جان پسران و دختر مرحوم جان محمد مرحوم، فرحان مشتاق، محمد صائم لائبہ مشتاق، ثاقبہ مشتاق پسران و دختران مشتاق اقبال مرحوم، اظہر اقبال، نوید اقبال، جعفر اقبال، آسیہ اقبال پسران و دختر محمد اقبال مرحوم اقوام شیخ ساکنان خوشی محمد اسٹریٹ چمن ضلع چمن درخواست گزاران **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 278 / 2 آف سکیشن ایکٹ 1925 برائے عطائیگی لیٹر آف ایڈمنسٹریشن

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مسمیان محمد طفیل، محمد صابر، تاج محمد، محمد افضل، بی بی مسکین جان پسران و دختر مرحوم جان محمد مرحوم، فرحان مشتاق، محمد صائم لائبہ مشتاق، ثاقبہ مشتاق پسران و دختران مشتاق اقبال مرحوم، اظہر اقبال، نوید اقبال، جعفر اقبال، آسیہ اقبال پسران و دختر محمد اقبال مرحوم اقوام شیخ ساکنان خوشی محمد اسٹریٹ چمن ضلع چمن (درخواست گزاران) نے بذریعہ اپنا کونسل ایڈووکیٹ حاجی غلام محمد اچکزئی درخواست عنوان بالا معزز عدالت ہذا میں گزاری ہے کہ درخواست گزاران نے مرحوم جان محمد ولد نذر محمد جن کی وفات مورخہ 26/5/1991 کو ہوئی کی ملکیتی جائیداد، دکان خسرہ نمبر 205 کل رقبہ تعدادی 242 مربع فٹ واقع موضع آبادی بازار شہر چمن ضلع چمن کے متعلق لیٹر آف ایڈمنسٹریشن کے اجراء کیلئے اس معزز عدالت میں درخواست دائر کر رکھی ہے۔ لہٰذا تمام متعلقہ اشخاص، قانونی ورثاء اور دیگر افراد جنہیں مذکورہ جائیداد یا درخواست کے متعلق کوئی قانونی اعتراض یا دعویٰ ہو انہیں بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے اعتراضات اگر کوئی ہوں ہمراہ متعلقہ دستاویزات عدالت ہذا میں مورخہ 2/11/2026 کو پیش ہو کر یا بذریعہ مجاز وکیل داخل کریں بصورت عدم حاضری یا عدم پیشی اعتراضات مقدمہ کی کارروائی دستیاب ریکارڈ اور قانون کے مطابق یکطرفہ طور پر آگے بڑھائی جاسکے گی۔ آج مورخہ 20/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

ڈسٹرکٹ جج چمن

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ VII با اختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

مثل نمبر 7/2026 آئندہ تاریخ سماعت 30/10/2026

گل باران ولد بائی قوم خلجی سکنہ نواں کلی کوئٹہ **بنام**:۔ رضوان اقبال وغیرہ

اشتہار دعویٰ دیوانی

اشتہار بنام 1۔ رضوان اقبال ولد جاوید اقبال قوم چغتائی سکنہ مدرسہ روڈ شالدرہ کاسی روڈ کوئٹہ:۔ ہرگاہ ایک دعویٰ دیوانی مدعی نے تمہارے خلاف دائر کیا ہے جو کہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس کی تاریخ سماعت 30/10/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ جس میں تم مدعا علیہان عدالتی نوٹس لینے سے دیدہ و دانستہ گریزاں ہو اور ٹال مٹول سے کام لے رہے ہو۔ لہٰذا تمہیں بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ / دعویٰ دیوانی کی پیروی کریں بصورت دیگر تمہارے خلاف یکطرفہ قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی اور یکطرفہ فیصلہ دیا جائے گا اس بابت تاکید جانیں۔ آج مورخہ 17/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

جوڈیشل مجسٹریٹ VIII کوئٹہ

بعدالت جناب بشیر احمد بازئی سول جج صاحب سنجاوی

درخواست جانشینی نمبر 15/2026 متدائرہ 16/10/2026

1۔ نظام الدین 2۔ سعدیہ زرکون 3۔ مجیب اللہ 4۔ گل بشرہ 5۔ قدرت اللہ 6۔ عین الدین پسران و دختران بی بی سائرہ ساکن تحصیل سنجاوی **بنام**:۔ عوام الناس مسول علیہم

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925ء برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ بذریعہ اشتہار ہذا خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا درخواست گزاران نے بذریعہ مختار نظام الدین ولد سید محمد سکنہ سنجاوی تحصیل سنجاوی ضلع زیارت درخواست ہذا بغرض حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بدیں مضمون گزاری ہے کہ مسمی بی بی سائرہ ولد جمال خان سکنہ سنجاوی مورخہ 27/8/2026 کو بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے اور یہ کہ متوفی کے مبلغ 1879,821.25 روپے بینک UBL اکاؤنٹ نمبر 0692-246715764 میں جمع شدہ ہیں اور سائلان بالا متوفی کے جائز ورثاء ہیں۔ چونکہ درخواست ہذا کی تاریخ پیشی مورخہ 26/10/2026 کو عدالت ہذا بمقام سنجاوی مقرر ہوچکی ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو وہ اصالتاً حاضر عدالت ہذا ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 20/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سول جج سنجاوی — بشیر احمد بازئی

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف) (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997ء

FIR نمبر 87/026 پولیس تھانہ صدر مسمی (1) مسماۃ بختاور ولد زوجہ عبدالرحمٰن قوم قمبرانی سکنہ بائی پاس کوئٹہ (2) رضوانہ زوجہ احسان اللہ قوم قمبرانی سکنہ بائی پاس کوئٹہ (3) ارنی بی زوجہ رحمت اللہ قوم قمبرانی سکنہ بائی پاس کوئٹہ (4) رحمت اللہ ولد عبدالرحمٰن قوم سکنہ بائی پاس کوئٹہ (5) عبدالرحمٰن قوم قمبرانی سکنہ بائی پاس کوئٹہ (6) زیب ولد بیبت خان قوم نقیب سکنہ کوئٹہ (7) محمد شریف ولد بیبت خان نقیب سکنہ کوئٹہ (8) صحبت ولد بیبت خان قوم نقیب سکنہ کوئٹہ (9) شاہ بی بی زوجہ بیبت خان قوم نقیب سکنہ کوئٹہ (10) سلیمہ بنت بیبت خان قوم نقیب سکنہ کوئٹہ جرم زیر دفعہ A- 34,365 AF/ 337 ت پ کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران دستیاب نہیں ہوسکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہوگئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان (1) عبدالخالق (2) عبدالغفار (3) عبدالمنان کو لازم ہے بتاریخ 26-10-2026 کو عدالت انسداد دہشتگردی خضدار بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہوجائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No1968/20-10-2026

LAND ACQUISITION

NOTIFICATION UNDER SECTION 5 OF THE LAND ACQUISITION ACT 1894.

Whereas, a notification No. SRB/SK/256 dated, 10th August, 2026 under section 4 of the Land Acquisition Act 1894 was issued by the office of the Deputy Commissioner Zhob, to announce that the land, measuring 36 Acres 0 Rood 0 Pol is required and is likely to be taken by the **Pakistan Air Force/Ministry of Defense (Government of Pakistan)** at the public expense for the **defense purpose**, in Mouza Hassanzai, Halqa Saddar Mandokhail, in Tehsil and District Zhob.

2. And, whereas, the Deputy Commissioner/Collector Zhob through his letter No. Admin. Br. /SK/210 dated 16th September 2026 has conveyed that subsequent to the publication of Notification under section 4 necessary survey of land has been conducted and necessary record has been prepared, and has requested for further proceedings under section 5 of the Land Acquisition Act 1894.

3. Now, therefore in exercise of powers conferred under section 5 of the Land Acquisition Act 1894, I, Commissioner Zhob Division, hereby declare that the land described in the below Schedule is required for the public purpose.

SCHEDULE

Sr.#	Name of Mouza	Halqa	Tehsil	Khasra No	Affected Area (Acre)
01.	Hassanzai	Saddar Mandokhail	Zhob	19 (min) Total	A-R-P 36-0-0 36-0-0

4. The plan of the land being acquired for the purpose in the said Mouza of District Zhob may be inspected in the office of the Deputy Commissioner / Collector District Zhob.

5. Furthermore, the Deputy Commissioner / Collector Zhob District shall cause a public notice comprising the substance of this very Notification at convenient places, on or near the land to be acquired.

6. Whereas, the land owners or the persons interested in the land as indicated above, as the case may be, having any objection to the acquisition of the said land by the acquiring authority, under section 5-A of the Land Acquisition Act 1894, may file objection in writing, within 30 days of the publication of this Notification, before the Deputy Commissioner/Collector, District Zhob.

Commissioner Zhob Division

PRQ No.1959/20-10-2026



کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی، میر قدیم محمد حسنی، حافظ ادریس مغل، پیر حبیب اللہ شاہ چشتی، ہدایت اللہ، علاؤالدین خلجی، ذوالفقار طارق، فاطمہ خان، فردوس و دیگر بچوں کیلئے ملت پلاٹ تقسیم کر رہے ہیں

بقیہ 01

صحت، تعلیم، واسا، پی ایچ ای، اریگیشن، اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلداران اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران شریک ہوئے۔ شہریوں نے گیس، بجلی، لوکل وڈویسائل، ریونیو، نادرا اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق درخواستیں پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے موقع پر حل ہونے والے مسائل کے فوری ازالے کے احکامات جاری کیے، جبکہ دیگر شکایات کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات دیتے ہوئے ان پر عملدرآمد یقینی بنانے کی تاکید کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کرنا، سرکاری محکموں تک شہریوں کی رسائی آسان بنانا اور ان کے مسائل کا بروقت حل یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو سنجیدگی سے لیا جائے، غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے اور تمام درخواستوں پر میرٹ کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے، اور اس سلسلے میں تمام متعلقہ محکموں کی کارکردگی اور اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے گا۔

بقیہ 02

جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ سنگِ بنیاد تقریب میں سیکرٹری وزارت بحری امور کیپٹن (ر) محمد خرم آغا، چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ، پارلیمانی سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان نسیم الحق ملاخیل، رکن پنجاب اسمبلی تحسین فواد، چیئرمین چائنا اوورسیز پورٹ ہولڈنگ کمپنی مسٹر یوبو، چیئرمین ضلع کونسل گوادر شے مختار بلوچ، کاروباری شخصیات، وکلا، صحافیوں، طالبات، اساتذہ اور چینی شہریوں نے شرکت کی۔ سنگِ بنیاد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری وزارت بحری امور کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے شہزاد اینڈ شاہ فارم کی انتظامیہ کو مبارک باد پیش کی اور کہا کہ پاکستانی اور چینی سرمایہ کاروں کی یہ شراکت داری دونوں ممالک کی دوستی کا عملی مظہر ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ منصوبے سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، مقامی افراد کی فنی مہارتوں میں اضافہ ہوگا اور نئی مصنوعات کو بین الاقوامی منڈیوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی، انہوں نے کہا کہ گوادر فری زون کا بنیادی مقصد بندرگاہ کے قریب صنعتی و پیداواری سرگرمیوں کو فروغ دینا اور سرمایہ کاروں کو متعلقہ قوانین کے تحت ٹیکس و کسٹمز کی مراعات کے ساتھ کاروبار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ زراعت اور فوڈ پراسیسنگ کے شعبوں میں بلوچستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں وسیع امکانات موجود ہیں، جن سے بہتر پراسیسنگ، پیکنگ اور ذخیرہ کرنے کی سہولیات کے ذریعے معاشی فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ سیکرٹری میری ٹائم افیئرز نے اس امر پر زور دیا کہ سرمایہ کاری کے ثمرات مقامی آبادی تک پہنچنے چاہئیں، اس لیے منصوبے کی انتظامیہ مقامی افراد کو ملازمتیں فراہم کرنے، انہیں تربیت دینے اور مقامی سپلائرز و خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے ساتھ کاروباری روابط قائم کرنے کو ترجیح دے۔ انہوں نے کہا کہ وزارتِ بحری امور اور گوادر پورٹ اتھارٹی، حکومتِ بلوچستان اور متعلقہ وفاقی اداروں کے تعاون سے سرمایہ کاروں کو درپیش مسائل، بالخصوص پانی، بجلی، ذرائع آمدورفت اور انتظامی امور سے متعلق مشکلات کے حل کے لیے کام جاری رکھیں گے۔ چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ گوادر فری زون کا بنیادی تصور صنعت اور بندرگاہ کو ایک دوسرے سے منسلک کرنا ہے، تاکہ کاروباری ادارے مصنوعات کی پراسیسنگ، پیکنگ اور ذخیرہ کرنے کے بعد گوادر پورٹ کے ذریعے بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی فری زون تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے بنیاد فراہم کرتا ہے، جبکہ شمالی فری زون میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے ساتھ بڑے صنعتی منصوبوں کے قیام کے امکانات موجود ہیں۔

بقیہ 03

خوراک، ملاوٹ، زائد المیعاد اشیا اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر 35 مراکز پر جرمانے عائد جبکہ 47 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ ترجمان بی ایف اے کا کہنا ہے کہ کارروائیوں کا مقصد اشیا خورد و نوش کے معیار کو بہتر بنانا اور عوام کو محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ ترجمان کے مطابق کوئٹہ کے علاقے ہزارہ ٹاؤن میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیم نے ریسٹورنٹس اور بیکریوں کا معائنہ کرتے ہوئے 3 ریسٹورنٹس اور ایک بیکری کو جرمانہ کیا۔ کارروائی کے دوران صفائی کی ابتر صورتحال، ورکرز کی ذاتی صفائی میں غفلت، کھلے کوڑے دان، نکاسی آب کے ناقص انتظامات، مکھیوں کی بھرمار اور زنگ آلود ریفریجریٹرز سمیت متعدد خلاف ورزیاں سامنے آئیں۔ مراکز سے زائد المیعاد بریڈ، مشروبات، کافی، دیسی گھی، جوسز، اسنیکس، بسکٹ، کیکس اور فریش کریم بھی برآمد ہوئی، جبکہ بعض اشیا پر تیاری اور میعاد ختم ہونے کی تاریخیں درج نہیں تھیں۔ مصالحوں میں ممنوعہ چائنیز نمک کے استعمال پر بھی کارروائی کی گئی۔ علاوہ ازیں دودھ میں ملاوٹ کے تدارک کے لیے بی ایف اے ملک سیفٹی ٹیموں نے کوئٹہ کے علاقے مٹھا چوک، پشتون آباد اور فقیر محمد روڈ پر ملک شاپس کی انسپکشن کی۔ دودھ اور دہی کے نمونوں کی موقع پر جانچ کے دوران سکمڈ ملک پاؤڈر اور پانی کی وافر مقدار ملانے پر 3 دودھ فروشوں کو جرمانہ کیا گیا جبکہ معمولی نقائص پر 2 ملک شاپس کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ اسی طرح خضدار میں زونل انسپکشن ٹیم نے آغا مارکیٹ، عمر فاروق چوک، میر چاکر خان روڈ اور مختلف مضافاتی علاقوں میں فوڈ پوائنٹس کی جانچ پڑتال کی۔ فوڈ بزنس لائسنس کے بغیر کاروبار کرنے پر 2 مراکز کے مالکان پر جرمانے عائد کیے گئے۔ کچلاک بازار، زیارت روڈ اور چمن روڈ پر کارروائیوں کے دوران بارہا تنبیہ و نوٹسز کے باوجود فوڈ بزنس لائسنس کے بغیر اشیا خورد و نوش کا کاروبار کرنے والے 20 مراکز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ اس کے علاوہ معمولی نوعیت کی خلاف ورزیوں پر متعدد مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کرتے ہوئے مقررہ ضوابط پر عمل درآمد کی ہدایت کی گئی۔ مزید برآں پشین کے علاقے قلعہ بٹیزئی میں خصوصی انسپکشن کے دوران صفائی کے ناقص انتظامات، حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی اور زائد المیعاد اشیا خورد و نوش کی موجودگی پر 5 فوڈ یونٹس پر جرمانے عائد کیے گئے۔ دوران معائنہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے متعلقہ مراکز کے مالکان کو فوڈ سیفٹی قوانین اور اتھارٹی کے وضع کردہ ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ خوراک کے معیار، صفائی ستھرائی اور عوامی صحت سے متعلق ضوابط کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 04

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے میں تعلیم، صحت، زراعت، لائیو اسٹاک اور پولیس سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں اقدامات کیے ہیں، جو بلوچستان کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے اہمیت کے حامل ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں میرٹ کی بنیاد پر تقرریوں کا عمل خوش آئند ہے، جس سے نوجوانوں میں اعتماد پیدا ہوا ہے۔ سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے کہا کہ دہشت گردی ایک عالمی مسئلہ ہے، جس کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اور مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے صوبے سے دہشت گردی کے خاتمے اور امن و امان کے قیام کے لیے عزم کا اظہار کیا ہے، جبکہ اس سلسلے میں حاصل ہونے والی پیش رفت حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری ملازمتوں میں شفافیت اور میرٹ کی بالادستی نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرتی ہے۔ امید ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت میں بلوچستان میں میرٹ پر بھرتیوں، عوامی خدمت اور ترقیاتی اقدامات کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ انہوں نے نو تعینات نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے عہدوں کو قومی امانت سمجھتے ہوئے دیانت داری سے فرائض انجام دیں، عوام کے مسائل حل کرنے میں اپنا کردار ادا کریں اور اپنے عمل سے اداروں کا وقار بلند کریں

بقیہ 05

کامیاب اور مثر سیاسی طرزِ عمل کی بنیاد ہے، جبکہ عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدگی، خلوص اور مسلسل محنت ضروری ہے انہوں نے کہا کہ عوام کا اعتماد کسی بھی عوامی نمائندے کا سب سے بڑا سرمایہ ہوتا ہے اور اس اعتماد کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ عوامی مفادات کو ہر معاملے میں ترجیح دی جائے عوام کو درپیش مشکلات کے حل بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معاشرتی مسائل کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لانا وقت کی اہم ضرورت ہے ان کا کہنا تھا کہ عوامی خدمت محض دعوؤں تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اس کے مثبت اثرات عام آدمی کی زندگی میں بھی نظر آنے چاہئیں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مزید کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات کی بہتری عوام کی اہم ضروریات میں شامل ہیں ان شعبوں میں بہتری لانے کے لیے اجتماعی کوششوں مؤثر منصوبہ بندی اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ضروری ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام باصلاحیت محنتی اور باہمت ہیں جنہیں ترقی کے یکساں مواقع فراہم کر کے صوبے میں خوشحالی اور استحکام کی راہیں مزید ہموار کی جا سکتی ہیں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اور فلاحی اقدامات کو ترجیح دینا وقت کا اہم تقاضا ہے انہوں نے کہا عوامی فلاح و بہبود، ملکی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مثبت سوچ اور خدمت کے جذبے کو فروغ دینا ناگزیر ہے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ ایک خوشحال مستحکم اور ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل کے لیے عوامی خدمت، باہمی تعاون اور اجتماعی ذمہ داری کے احساس کو مضبوط بنانا ہوگا کیونکہ عوام کی خوشحالی ہی حقیقی ترقی کی علامت ہے۔

بقیہ 06

انتظامی و مالی مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کا مقصد عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے سرکاری اسپتالوں میں نظم و ضبط برقرار رکھنے اور فرائض میں غفلت برتنے والے اہلکاروں کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لانا تھا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹی ایچ کیو اسپتال ڈاکٹر سید زین میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو اسپتال ڈاکٹر احمد گوپانگ ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر عبدالحئی کھوسو اور محمد طاہر سب اکاؤنٹنٹ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس اُستا محمد نے شرکت کی اجلاس کے دوران صحت کے شعبے سے متعلق مختلف امور پر غور و خوض کیا گیا اور عوامی مفاد میں متعدد اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں کنٹریکٹ پر تعینات ان ڈاکٹرز کی مسلسل غیر حاضری کا سخت نوٹس لیا گیا جو اپنے فرائض انجام نہیں دے رہے۔ فیصلہ کیا گیا کہ متعلقہ غیر حاضر ڈاکٹرز کی تنخواہیں بند کرنے اور ان کے کنٹریکٹ منسوخ کرنے کے لیے کمشنر نصیرآباد کو باقاعدہ رپورٹ ارسال کی جائے گی تاکہ ضابطے کے مطابق مزید کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ اسی طرح مستقل طور پر غیر حاضر رہنے والی ڈاکٹر کلثوم کے معاملے کا بھی جائزہ لیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ان کی تنخواہ بند کرنے کے ساتھ محکمانہ کارروائی کے لیے متعلقہ محکمے کو رپورٹ بھیجی جائے گی ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ سرکاری ملازمین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹی باقاعدگی سے انجام دیں اور عوام کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت کا مظاہرہ نہ کریں۔ ٹی ایچ کیو اسپتال اُستا محمد میں دو غیر حاضر ملازمین کے خلاف بھی کارروائی کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں طے پایا کہ مذکورہ ملازمین کو معطل کر کے ان کے خلاف انکوائری کی جائے گی تاکہ غیر حاضری کی وجوہات کا تعین کرتے ہوئے ذمہ داری کا تعین کیا جا سکے اور مستقبل میں اس طرح کی کوتاہیوں کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔ ڈی ایچ کیو اسپتال میں ادویات کی فراہمی اور فنڈز سے متعلق درپیش مسائل پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ مریضوں کو ضروری ادویات کی بروقت فراہمی اور اسپتال کے انتظامی و مالی مسائل کے حل کے لیے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کے دفتر سے مسلسل رابطہ رکھا جائے گا

بقیہ 07

اب بھی امداد کے منتظر ہیں۔ متاثرین کے مطابق اس منصوبے کو شروع ہوئے دو سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے، لیکن اس کے باوجود متعدد متاثرین کو گھروں کی تعمیر کے لیے مالی امداد فراہم نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ خاندان آج بھی مشکلات میں زندگی گزار رہے ہیں اور اپنے تباہ شدہ گھروں کی تعمیر نو کے لیے حکومتی امداد کے منتظر ہیں۔ انہوں نے وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مطالبہ کیا کہ اوتھل اور لسبیلہ کے دیگر متاثرہ علاقوں میں ایسے تمام مستحق خاندانوں کی فہرستوں اور امدادی رقوم کی فراہمی کا جائزہ لیا جائے، جنہیں تاحال گھروں کی تعمیر کے لیے مالی امداد نہیں ملی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ محروم رہ جانے والے سیلاب متاثرین کو فوری طور پر مالی امداد فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنے تباہ شدہ مکانات دوبارہ تعمیر کر کے اپنے اہل خانہ کے ساتھ باعزت اور پرسکون زندگی گزار سکیں۔

بقیہ 08

ایسوسی ایٹ ڈپلومہ، ایک سالہ ڈپلومہ اور چھ ماہ کے ڈپلومہ و شارٹ سرٹیفکیٹ پروگرامز پیش کیے گئے ہیں تین سالہ ایسوسی ایٹ ڈپلومہ پروگرامز سافٹ ویئر انفارمیشن ٹیکنالوجی، میری ٹائم اینڈ پورٹ مینجمنٹ لاجسٹکس اور سپلائی چین مینجمنٹ میں تخصص، ای کامرس، روبوٹکس انجینئرنگ، ٹورازم مینجمنٹ، ایک سالہ ڈپلومہ پروگرام چینی زبان و ثقافت میں ایڈوانسڈ ڈپلومہ، انگریزی زبان میں ایڈوانسڈ ڈپلومہ، کنسٹرکشن انجینئرنگ، مصنوعی ذہانت (AI) اور ڈیٹا سائنس چھ ماہ کے ڈپلومہ / سرٹیفکیٹ کورسز، سرٹیفکیٹ ان انفارمیشن ٹیکنالوجی (CIT)، کرین آپریٹر اور کار ڈرائیونگ، بوٹ مکینک اور انجن کی مرمت، جنرل اور سولر الیکٹریشن، موبائل فون کی مرمت، صحت کی دیکھ بھال اور خدمات، بیوٹیشن، شیف / کک داخلے کی اہلیت چھ ماہ کے پروگراموں کے لیے میٹرک میں کم از کم 45 فیصد نمبر، جبکہ ایک سالہ ڈپلومہ پروگراموں کے لیے انٹرمیڈیٹ یا مساوی تعلیمی قابلیت ضروری ہے۔ تین سالہ پروگراموں کی اہلیت کے لیے انسٹی ٹیوٹ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے اسکالرشپس و مالی معاونت انسٹی ٹیوٹ اور گوادر پورٹ اتھارٹی (GPA) کی جانب سے طلبہ کے لیے ٹیوشن فیس میں رعایت اور اسکالرشپس، جبکہ مستحق اور باصلاحیت طلبہ کے لیے مناسب وظیفے کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی اس سلسلے میں داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 13 نومبر 2026 ہے، جبکہ داخلہ ٹیسٹ اور انٹرویوز کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا امیدوار داخلہ فارم انسٹی ٹیوٹ کے داخلہ دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں یا آن لائن ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں اس سلسلے میں مزید معلومات پاک چین ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ معہ گوادر، سید ظہور شاہ ہاشمی ایونیو گوادر سے رابطہ کر سکتے ہیں

بقیہ 09

لیے وبال جان بن چکی ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر نکاسی آب کی نالیوں میں جمع گندگی اور گرد و غبار نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے تعفن اور آلودگی کے باعث مختلف بیماریوں کے پھیلاؤ کے خدشات بھی بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طویل عرصے سے بارشیں نہ ہونے کے باعث گرد و غبار میں اضافہ ہوا ہے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے صفائی کے مؤثر انتظامات نہ ہونے کے سبب گلیوں سڑکوں اور محلوں میں کچرا جمع ہو رہا ہے۔ نکاسی آب کی نالیاں گندگی سے بھر چکی ہیں جس سے نہ صرف شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے بلکہ صحتِ عامہ کے مسائل بھی جنم لے رہے ہیں۔ رہنماں نے کہا کہ کوئٹہ صوبے کا دارالحکومت اور اہم شہری مرکز ہے اس کے باوجود صفائی ستھرائی کے بنیادی انتظامات کی یہ صورتحال متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اور دیگر متعلقہ حکام شہر بھر میں ہنگامی بنیادوں پر صفائی مہم شروع کریں کچرے کے ڈھیروں کو فوری طور پر ٹھکانے لگائیں نکاسی آب کی نالیوں کی صفائی یقینی بنائیں اور گرد و غبار پر قابو پانے کے لیے فوری اقدامات کریں۔

بقیہ 10

سے چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ ایکسائز بلوچستان کی جانب سے اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) اور ضلعی انتظامیہ کے اشتراک سے مشترکہ کارروائیاں بھی کی جا رہی ہیں، جن کا مقصد منشیات کی کاشت اور پھیلاؤ کی روک تھام ہے۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان کے مطابق صوبے کو منشیات سے پاک بنانے اور انسدادِ منشیات مہم کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 11

شکن عناصر کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے۔ جبکہ 97 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کیا گیا۔ پولیس کے مطابق برآمد کیے گئے اسلحے میں 91 پسٹل و ریوالور، 2 کلاشنکوف اور 13 شارٹ گن رائفلیں شامل ہیں۔ اسی طرح منشیات کے خلاف کارروائیوں کے دوران 106 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا اور ان کے قبضے سے 154 کلوگرام سے زائد چرس اور 10 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران 4 مسروقہ گاڑیاں، 12 موٹر سائیکلیں، 4 موبائل فون، ایک تولہ سونا اور 50 ہزار روپے نقدی بھی برآمد کر کے متعلقہ مالکان کے حوالے کرنے کے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے سلسلے میں 2733 گاڑیوں سے کالے شیشے اتار دیے گئے، جبکہ عوامی شکایات کے بروقت اور شفاف ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ترجمان بلوچستان پولیس نے کہا کہ عوامی تحفظ، امن و امان کا قیام اور قانون پسند شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جرائم کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید تیز کیا جائے گا اور صوبے بھر میں امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 12

محنت اور بلند عزم سے ہائی کورٹ کی وکیل بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ بایاں بازو اور پاؤں مفلوج ہونے کے باوجود پلوشہ شہزادی نے تعلیم جاری رکھی اور وکالت کے شعبے میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ بلند حوصلہ نوجوان وکیل پلوشہ شہزادی نے بتایا کہ وکالت کا پیشہ اختیار کرنے کی مخالفت کرنے والے ساتھی بھی آج انکی صلاحیتوں اور محنت کا اعتراف کرتے ہیں۔ پلوشہ شہزادی نے کہا کہ معذور افراد بھی قانون کے شعبے میں اپنا مقام بنا سکتے ہیں، الحمدللہ اس سپورٹ ہو تو کچھ بھی ناممکن نہیں۔ کوئٹہ کی باصلاحیت بیٹی پلوشہ شہزادی کا اگلا ہدف مقابلے کا امتحان پاس کر کے مجسٹریٹ بن کر ملک کا نام روشن کرنا ہے۔

بقیہ 13

کے دورے کے دوران، ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی نے اساتذہ کی حاضری کے ریکارڈ کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور طالبات سے براہِ راست بات چیت کی۔ انہوں نے اسکول کی ہیڈ مسٹریس کو ہدایت کی کہ طالبات کی بہتر ذہنی اور جسمانی نشوونما کے لیے تعلیمی نصاب کے ساتھ ساتھ ہم نصابی (extra-curricular) سرگرمیوں میں بھی ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے۔ بعد ازاں، ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو اسپتال کا دورہ کیا، جہاں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (MS) نے انہیں اسپتال میں دستیاب طبی سہولیات اور انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی نے اسپتال انتظامیہ کو واضح احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے اور مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین اور معیاری سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلع کے تمام سرکاری اداروں میں نظم و ضبط، شفافیت اور بہترین کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے ایسے دورے آئندہ بھی جاری رہیں گے۔

بقیہ 14

سرگرمیاں معطل ہو گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق گیٹ کی بندش اسلام آباد سے اعلیٰ حکام کی ہدایت پر عمل میں لائی گئی ہے، تاہم اس حوالے سے تاحال کوئی باضابطہ سرکاری اعلامیہ جاری نہیں کیا گیا۔ گیٹ کی اچانک بندش سے تاجر برادری میں تشویش پائی جا رہی ہے، جبکہ کروڑوں روپے مالیت کے تجارتی سامان کے پھنس جانے کا خدشہ بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں پاکستانی ایف آئی اے امیگریشن گیٹ عارضی طور پر بند ہونے سے سرحد پار تجارتی سرگرمیاں متاثر ہو گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد سے اعلیٰ حکام کی ہدایت پر امیگریشن گیٹ بند کیا گیا ہے، تاہم گیٹ کی بندش کی وجوہات تاحال سامنے نہیں آ سکیں اور نہ ہی اس حوالے سے کوئی باضابطہ سرکاری نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔

بقیہ 15

بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی بدحالی سے دوچار ہیں، ایسے حالات میں 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 8 ہزار روپے تک پہنچ جانا غریب خاندانوں کیلئے شدید مشکلات پیدا کرنے کے مترادف ہے۔ حکومت کی بنیادی ذمہ داری عوام کو دو وقت کی روٹی فراہم کرنے کے قابل بنانا ہے، لیکن موجودہ صورتحال میں عام آدمی کیلئے اپنے بچوں کا پیٹ پالنا بھی ایک بڑا مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے کی اطلاعات صوبائی حکومت اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔ محکمہ خوراک کو واضح کرنا چاہیے کہ آٹے کی قیمتوں میں اس قدر اضافے کی وجوہات کیا ہیں۔ سرکاری گندم اور آٹے کی تقسیم کا نظام کس طرح کام کر رہا ہے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے اب تک کیا اقدامات کیے گئے ہیں۔ محض اجلاس منعقد کرنے اور بیانات جاری کرنے سے بحران ختم نہیں ہوگا، بلکہ عملی اقدامات، مؤثر نگرانی اور ذمہ داروں کے تعین کی ضرورت ہے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ حکومت کو آٹے کی مصنوعی قلت پیدا کرنے، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف سخت کارروائی کرنی چاہیے۔ ضلعی انتظامیہ بازاروں میں آٹے کی قیمتوں کی نگرانی کرے اور سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہوتے تو عوام کو بنیادی غذائی ضرورت کے حصول کیلئے اس قدر بھاری قیمت ادا نہ کرنا پڑتی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے دعوے اسی وقت قابل قبول ہو سکتے ہیں جب عام شہری کو ان کا عملی فائدہ پہنچے۔ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں بسنے والے غریب خاندان پہلے ہی محدود آمدن کے باعث مشکلات کا شکار ہیں۔ ایسے میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ان کی زندگی کو مزید اجیرن بنا رہا ہے۔

بقیہ 16

اقدامات اُٹھائے جائیں گے۔ کیسکو اپنے تمام صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ بروز جمعرات صبح 10 بجے سے دن 12 بجے تک بجلی کی شکایات اور ان کے حل کیلئے بذریعہ ٹیلیفون 0819204013 پر رابطہ کریں نیز تمام صارفین اپنے بجلی بل کا حوالہ نمبر بھی بطور ریفرنس نوٹ کروالیں تاکہ اُن کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 17

تھا، جسے ایسوسی ایشن کی قیادت نے مسلسل متعلقہ حکام کے سامنے اٹھایا۔ اس سلسلے میں ایسوسی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری، جنرل سیکرٹری حاجی قائم خان کاکڑ اور فنانس سیکرٹری میر ظفر زہری نے ایڈیشنل سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی حبیب الرحمان کاکڑ اور ڈپٹی سیکرٹری بابر خان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کلاس فور ملازمین کو درپیش مسائل، ہائر اپ گریڈیشن کی ضرورت اور منظوری میں تاخیر کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جس کے بعد اپ گریڈیشن کی منظوری عمل میں لائی گئی۔ اس فیصلے سے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ، گورنر سیکرٹریٹ، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، بورڈ آف ریونیو اور لوکل گورنمنٹ بورڈ کے متعلقہ کلاس فور ملازمین مستفید ہوں گے۔ ایسوسی ایشن کی قیادت نے اپ گریڈیشن کی منظوری کو ملازمین کے حقوق کے لیے مسلسل جدوجہد، مؤثر نمائندگی اور متعلقہ حکام کے ساتھ مذاکرات کا نتیجہ قرار دیا۔ انہوں نے اس پیش رفت پر سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل احمد اور ایڈیشنل سیکرٹری حبیب الرحمان کاکڑ کا شکریہ ادا کیا۔ ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملازمین کے جائز حقوق کے تحفظ، درپیش مسائل کے حل اور سروس اسٹرکچر میں بہتری کے لیے جدوجہد آئندہ بھی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 18

میں بھی اضافہ ہو رہا ہے ہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ صوبے میں وزراء اور بیوروکریسی کے من پسند روپے کا نوٹس لیکر سرکاری ملازمتیں میرٹ پر بیروزگار نوجوانوں کو روزگار دیکر صوبے میں عوام کے مایوسی اور بے چینی کا خاتمہ کریں تاکہ صوبے میں امن قائم ہو سکے۔

بقیہ 19

باعث کھیلوں کی سرگرمیوں سے بھی دور ہو گئے ہیں۔ کھیلوں کے لیے مناسب اور محفوظ میدان کی عدم دستیابی نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں مثبت سرگرمیوں میں مصروف رکھنے کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ علاقے کے نوجوانوں کو امید تھی کہ جام کمال خان اسپورٹس کمپلیکس کی تعمیر مکمل ہونے سے انہیں کھیلوں کے لیے معیاری میدان اور دیگر ضروری سہولیات میسر آئیں گی، جہاں وہ مختلف کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں گے۔ تاہم، منصوبے کی تکمیل میں مسلسل تاخیر کے باعث نوجوانوں کو تاحال مشکلات کا سامنا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اسپورٹس کمپلیکس پر کام کبھی شروع ہوتا ہے اور کچھ عرصے بعد دوبارہ بند کر دیا جاتا ہے، جس سے تعمیراتی کام کی رفتار انتہائی سست دکھائی دیتی ہے۔ منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کے باعث نہ صرف نوجوانوں کو کھیلوں کی سہولیات میسر نہیں آ رہیں بلکہ اس اہم عوامی منصوبے کے مستقبل کے حوالے سے بھی سوالات پیدا ہو رہے ہیں۔ اوتھل کے عوامی حلقوں نے وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی، سیکرٹری پارلیمانی امور میر زرین خان مگسی اور صوبائی وزیر کھیل سے مطالبہ کیا ہے کہ جام کمال خان اسپورٹس کمپلیکس گچھہ کی تعمیر میں ہونے والی تاخیر کا نوٹس لیا جائے، منصوبے پر کام کی رفتار تیز کی جائے اور اس کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ عوامی حلقوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ اسپورٹس کمپلیکس کو جلد مکمل کر کے نوجوانوں کے حوالے کیا جائے تاکہ انہیں کھیلوں کے لیے محفوظ اور بہتر ماحول میسر آ سکے اور وہ اپنی صلاحیتوں کو مثبت سرگرمیوں میں بروئے کار لا سکیں۔

بقیہ 20

فورم۔ عوامی احتساب فورم کا انعقاد کیا گیا فورم کا مقصد صحت، تعلیم اور بلدیاتی خدمات کے شعبوں میں عوامی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے شہریوں کے تجربات، آراء اور تحفظات پر تبادلہ خیال کرنا اور متعلقہ حکام کی توجہ مقامی سطح پر درپیش مسائل کی جانب توجہ مبذول کروانا تھا فورم متعلقہ اسٹیک ہولڈرز مقامی شہریوں کمیونٹی ورکرز کسان خواتین مزدور نوجوان اور سول سوسائٹی کے ارکان سمیت شرکاء کی بڑی تعداد نے شرکت کی شرکاء نے اپنے تجربات کا باہمی تبادلہ کیا عوامی خدمات کی فراہمی درپیش مشکلات کی نشاندہی کی فورم سے خطاب کرتے ہو؟ نورمین ایگزیکٹو ڈائریکٹر نساء ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن نے کہا کہ بجٹ سازی کے عمل میں مقامی کمیونٹی کی آواز اور ضروریات کو شامل کرنا اشد ضروری ہے بجٹ محض اعداد و شمار اور سرکاری دستاویزات کا نام نہیں بلکہ اس کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا اور انکے معیار زندگی کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 21

ملک مجیب مہترزئی نے کہا ہے کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن نے ٹھیکیدار برادری کے مسائل کے فوری حل کے لیے باقاعدہ شکایت سیل قائم کیا ہے جہاں بلوچستان کے مختلف اضلاع سے موصول ہونے والی شکایات پر مرکزی اور ضلعی عہدیداران مسلسل اور سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں، این ایچ اے کے متاثرہ ٹھیکیداروں کی واجب الادا رقم کی ادائیگی کو فوری طور پر یقینی بنائے بصورت دیگر احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی، اور ڈویژنل عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں بلوچستان بھر میں ٹھیکیداروں خاص کر این ایچ اے کے ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل اور انکے حل کیلئے تفصیلی غور و خوض کیا گیا اور اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میر عبدالسلان لانگو، میر شکیل لہڑی، ملک مجیب مہترزئی اور دیگر نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں الیکشن کی جانب سے اپنے من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کا سلسلہ جاری ہے۔ جس سے ٹھیکیدار برادری کی حق تلفی ہو رہی ہے جو کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہے اس کے خلاف آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن ہر فورم پر آواز بلند کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن نے ٹھیکیدار برادری کے مسائل کے فوری حل کے لیے باقاعدہ شکایت سیل قائم کیا ہے جہاں بلوچستان کے مختلف اضلاع سے موصول ہونے والی شکایات پر مرکزی اور ضلعی عہدیداران مسلسل اور سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ این ایچ اے کے متاثرہ ٹھیکیداروں کو گزشتہ ڈیڑھ سال سے ادائیگیاں التواء کا شکار ہیں جس سے وہ مالی مشکلات کا شکار ہیں آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن این ایچ اے کے متاثرہ ٹھیکیداروں کی واجب الادا رقوم کی ادائیگی کے لیے ہر متعلقہ فورم پر بھرپور آواز بلند کرے گی اور اس معاملے کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے مسلسل جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن نے عزم کر رکھا ہے کہ ٹھیکیدار برادری کے حقوق کا ہر فورم پر تحفظ کیا جائے گا اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت، چیف سیکرٹری بلوچستان اور مختلف محکموں کے ذمہ داران سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ٹھیکیدار برادری کو بلیک میل کرنے اور من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کر دیں بصورت دیگر ایسوسی ایشن احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

بقیہ 22

وارداتوں نے اہل محلہ کو شدید ذہنی و جسمانی اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے مکینوں نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اب سمجھ نہیں آ رہا کہ ہم چوروں کے خلاف ایف آئی آر درج کرائیں یا واپڈا والوں کے خلاف احتجاج کریں معصوم بچے گرمی سے بلک رہے ہیں خواتین اندھیروں میں محصور اور مریض بنیادی سہولت سے محروم ہیں اہل محلہ نے کمشنر قلات ڈویژن ڈپٹی کمشنر خضدار اور ایس ایس پی خضدار سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر بجلی بحال کر کے اہل محلہ کو تحفظ فراہم کیا جائے ورنہ اہل محلہ سخت احتجاج پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری انتظامیہ پر عائد ہوگی

بقیہ 23

بے بنیاد پروپیگنڈا کرنے والوں کے پاس نہ تو کوئی ٹھوس ثبوت ہے اور نہ ہی کوئی اخلاقی دلیل۔ صوبائی سیکرٹری جنرل کا کہنا تھا کہ موجودہ حکمران اپنی ناکامیوں اور ناقص کارکردگی پر پردہ ڈالنے کے بجائے عوامی مسائل کے حل پر توجہ دیں۔ وفاقی حکومت نے مہنگائی اور قیمتیں بڑھانے کے علاوہ اب تک کوئی کارکردگی نہیں دکھائی، اور حالیہ دنوں میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث اشیائے ضروریہ بھی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہیں۔ انہوں نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں امن و امان کی حالت انتہائی ابتر ہو چکی ہے اور صورتحال دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مذکورہ صوبے نو گو ایریاز میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ مولانا سید محمود شاہ نے کارکنوں کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ جے یو آئی کا ہر ایک کارکن اپنے قائد مولانا فضل الرحمٰن کے شانہ بشانہ کھڑا تھا، موجود ہے اور ان شاء اللہ ہمیشہ رہے گا۔

بقیہ 24

تک پہنچائے جائیں، مزدوروں کو فلاحی سہولیات کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں اور تعلیمی وظائف، شادی گرانٹ، وفات گرانٹ اور علاج معالجے کی سہولیات کے حصول کے لیے شرائط اور دستاویزی کارروائی کو آسان بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کان کن ملکی معیشت اور صنعتوں کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی محنت، قربانیوں اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں اور ان کے خاندانوں کو قانونی حقوق اور فلاحی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ اس سلسلے میں بلوچستان کی مختلف کانوں کی مزدور یونینوں اور فیڈریشنز کے رہنماؤں کا ایک اہم اجلاس ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان کے دفتر میں پاکستان مائن ورکرز فیڈریشن کے سینیئر نائب صدر ملک بخت نظر کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ورکرز ویلفیئر فنڈ اسلام آباد کی مجلس انتظامیہ کے رکن پیر محمد کاکڑ نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں میر قادر بخش کول کمپنی یونین کے صدر خدائے داد، یونائیٹڈ ایم سی یونین کے صدر حاجی سیف اللہ یوسفی، پاکستان مائن ورکرز فیڈریشن کے چیف آرگنائزر حاجی عثمان علی، پی ایم ڈی سی یونین کے صدر حبیب اللہ ترین، دکی کول مائنز کے جمعہ خان ناصر، یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین کے نمائندوں، پی ایم ڈی سی سورینج کے صدر

خوشگوار اور پرجوش ماحول دیکھنے میں آیا۔ اس طرح کی مثبت سرگرمیاں طلبا کی پوشیدہ صلاحیتوں کو نکھارنے، خود اعتمادی بڑھانے اور صحت مند تعلیمی ماحول کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ گورنمنٹ پائلٹ سیکنڈری سکول مستونگ کا سالانہ اسپورٹس ویک 2026 طلبا میں کھیلوں کے فروغ، صحت مند سرگرمیوں اور مثبت مقابلے کے جذبے کو پروان چڑھانے کی ایک قابلِ تحسین کاوش ہے

بقیہ 27

انہیں سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے متعلقہ اداروں نے اقدامات کیے۔ ہندو برادری اور یاتریوں نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔ اس سال کی تقریبات کی ایک اہم خصوصیت یہ رہی کہ پہلی مرتبہ حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے کی پہلی ہندو خاتون اسسٹنٹ کمشنر کاشش چوہدری کو تقریبات کے لیے فوکل پرسن مقرر کیا گیا۔ انہوں نے انتظامات کی نگرانی اور یاتریوں کو ضروری سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کیا۔ اس موقع پر سینیٹر دنیش کمار نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی حکومت کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہنگلاج ماتا استھان میں مذہبی تقریبات کے لیے کیے گئے انتظامات بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور اقلیتوں کے مذہبی حقوق کے احترام کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی مقامات پر آنے والے یاتریوں کو سہولیات کی فراہمی اور ان کے مذہبی شعائر کے احترام کو یقینی بنانا معاشرے میں باہمی احترام اور ہم آہنگی کے فروغ کے لیے اہم ہے۔ یاتریوں نے بھی حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کے اقدامات کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ بہتر انتظامات اور سہولیات کی فراہمی سے انہیں اپنی مذہبی رسومات پرامن اور باوقار انداز میں ادا کرنے میں مدد ملی۔ ہنگلاج ماتا استھان میں درگا اشٹمی کی تقریبات کا انعقاد بلوچستان میں مذہبی رواداری، باہمی احترام اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والی برادریوں کے مذہبی حقوق کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ ہنگلاج ماتا استھان میں مذہبی تقریبات کے لیے کیے گئے انتظامات بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور اقلیتوں کے مذہبی حقوق کے احترام کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی مقامات پر آنے والے یاتریوں کو سہولیات کی فراہمی اور ان کے مذہبی شعائر کے احترام کو یقینی بنانا معاشرے میں باہمی احترام اور ہم آہنگی کے فروغ کے لیے اہم ہے۔ یاتریوں نے بھی حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کے اقدامات کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ بہتر



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ، سیکرٹری ایریگیشن سہیل الرحمن بلوچ سے اپلا کا ضلع کوئٹہ کے صدر امان اللہ مری کی قیادت میں ملاقات کر رہے ہیں



بارکھان، ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون تعلیمی ادارے کا معائنہ اور کلسٹر ہیڈز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



سوئی، سیکرٹری بلدیات عبدالرؤف بلوچ، چیئرمین سی ایم آئی ٹی بشیر احمد بنگلزئی، سیکرٹری پی اینڈ ڈی شاہ حسین کاکڑ، سیکرٹری کالجز ہاشم غلزئی و دیگر کا گروپ



موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجگے سے ان کے دفتر میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، اہلسنت وجماعت کے رہنما ذوالفقار طارق صالح بلڈ بینک کے چیئرمین صالح محمد سے ملاقات کر رہے ہیں



سیکرٹری کالجز بلوچستان ہاشم غلزئی ڈائریکٹوریٹ کالجز کے دورے کے موقع پر ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد حسین بلوچ شیلڈ دے رہے ہیں، اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری عبدالمالک کاکڑ اور جوائنٹ ڈائریکٹر کالجز بھی موجود ہیں



کوئٹہ، اپلا کے سالانہ انٹر یونٹ انتخابات کے موقع پر چیف الیکشن کمشنر صدر امان اللہ کاسی اور شیخ پیٹل کے صدر عصمت اللہ کاکڑ، امجد جاوید اور دیگر ملازمین کے ہمراہ گروپ



جعفرآباد، سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن ورک فار جنس کمیونٹی کی پارٹنر تنظیم نساء ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام عوامی احتساب فورم کے موقع پر آگاہی دی جا رہی ہے



کوئٹہ، چیمپئن ٹورنامنٹ فائیکس مارشل آرٹس چیمپئن شپ 2026 کے موقع پر مہمان خصوصی محترک احمد خان ناصر سینیئر رحمت اللہ نورزئی کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں



سیکرٹری کالجز بلوچستان ہاشم غلزئی عبداللہ ندو کو میڈیا کی بہترین کوریج پر سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں، اس موقع پر ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد حسین بلوچ بھی موجود ہے



کوئٹہ، سماجی کارکن صائمہ خان پریس کانفرنس کر رہی ہیں

بقیہ 19

ہے۔منگل کو رکن قومی اسمبلی عالیہ کامران کے توجہ دلاؤ نوٹس پر انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین 7 دن کی اوسط پر ہوتا ہے، ہم پٹرول درآمد کرتے ہیں، سپلائی برقرار رکھنے، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی روکنے کیلئے عالمی منڈی کے تناظر میں قیمتوں کا تعین کیا جاتا ہے،صرف روزانہ کی بنیاد پر قیمتوں کا اعلان کیا جاتا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر پٹرولیم کمپنیوں نے اپنا منافع کم کیا ہے، جس کی وجہ سے گزشتہ روز پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں زیادہ کمی کی گئی۔

بقیہ 20

عالمی جہاز رانی کی آزادی یقینی بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان بحران کا واحد حل مذاکرات اور پرامن سفارت کاری ہے۔عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق قطری وزارت خارجہ کے شعبہ ابلاغ و مواصلات کے ڈائریکٹر ابراہیم بن سلطان الہاشمی نے کہا کہ بحران کا جلد پرامن حل نکلنا خطے کے تمام ممالک کے مفاد میں ہے کیونکہ کشیدگی کے اثرات کسی ایک ملک تک محدود نہیں رہیں گے۔انھوں نے زور دیا کہ ایران کو بین الاقوامی قوانین کے تحت سمندری جہاز رانی کی آزادی کا احترام کرنا چاہیے اور آبنائے ہرمز کو بین الاقوامی آمدورفت کے لیے کھولنا چاہیے۔ اس اہم آبی گزرگاہ میں حملے اور رکاوٹیں پورے خطے اور اس کے عوام کے مفادات کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔قطری عہدیدار نے خبردار کیا کہ خطے میں انٹرنیٹ کی بندش کے اثرات بھی تمام ممالک پر مرتب ہوں گے جس سے خود ایران بھی بری طرح متاثر ہوگا۔

بقیہ 21

کرنے دیا جائے گا۔امریکی صدر ٹرمپ کا ریاست کنساس میں انتخابی ریلی سے خطاب میں کہنا تھا کہ ایران کی فوجی صلاحیت اور قیادت کو شدید نقصان پہنچایا جا چکا ہے، ایران کی بحریہ، فضائیہ، ریڈار اور فضائی دفاعی نظام تباہ ہو چکے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے 229 لڑاکا طیارے رن ویز پر تباہ پڑے ہیں، ایران کی پہلی اور دوسری سطح کی قیادت ختم ہو چکی ہے، ایرانی قیادت نے ضمانت مانگی ہے انہیں سابق رہنماؤں کی طرح نشانہ نہ بنایا جائے۔امریکی صدر نے کہا کہ ایرانی جنرل قاسم سلیمانی اپنی پہلی صدارتی مدت کے دوران ہدف بنایا، ایران میں گزشتہ 8 ماہ میں 75 ہزار مظاہرین مارے گئے۔ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے معاملے پر امریکا کو یورپی ممالک کی مدد درکار تھی لیکن یورپ ساتھ نہیں کھڑا ہوا، اگر یورپ نے اپنا رویہ نہ بدلا تو امریکا کو یورپ سے نکلنا پڑے گا، خامیوں اور کمزوریوں کے باوجود امریکا یورپ کے ساتھ کھڑا ہوا۔ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے معاملے پر یورپ سے مدد طلب کرنا ایک امتحان تھا، امریکا کو مدد کی ضرورت نہیں تھی، یورپی ممالک کا ساتھ نہ دینا میں کبھی نہیں بھول سکتا۔انہوں نے کہا کہ یورپی ممالک کو اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرنی چاہیے، یورپی ممالک اپنی سرحدیں بند کریں۔

بقیہ 22

خود ایک بڑی سماجی خدمت ہے۔ ایوارڈ حاصل کرنے والے ریسرچرز اور ٹیچرز اس اعزاز کو اپنی آخری منزل کی بجائے ایک نئی ذمہ داری سمجھیں۔ اپنی تحقیق، تدریس اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے معاشرے میں تعمیری تبدیلی لانے کی کوشش جاری رکھیں۔ آپ کی کامیابی اس وقت زیادہ بامعنی ہوگی جب آپ کے علم اور تجربے سے سماج کے دوسرے لوگ بھی مستفید ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ویمن پروموٹ ٹیلنٹ کے زیر اہتمام بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں تقریب تقسیم ایوارڈز کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر بیوٹمز یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر خالد حفیظ، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میروائس کاسی، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، امیر خان مندوخیل اور سید طیب شاہ سمیت بیوٹمز یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبرز، ریسرچرز اور طلباء کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کسی کی خدمت اور قربانی کا اعتراف اور ان کی حوصلہ افزائی زندگی میں کرنی چاہیے کیونکہ ان چھوٹے چھوٹے اچھے کاموں کی عزت افزائی، تنقیدی یا تخلیقی سوچ کی پذیرائی اور انسان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو تسلیم کرنے سے بھی ترقی اور اصلاح کی نئی راہیں متعین ہوسکتی ہیں۔

بقیہ 23

اظہار رائے اور بات کرتے ہیں، پارٹی کوئی فیصلہ کرے تو اسے سب تسلیم کرتے ہیں، اپوزیشن لیڈر کا فیصلہ بانی پی ٹی آئی کے صوابدید تھی اور انہوں نے فیصلہ کیا، بانی پی ٹی آئی نے کہا محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس لیڈر ہیں، پارٹی ان کی رہنمائی میں آگے بڑھے، بانی پی ٹی آئی نے مجھے ہدایات دی، انہی کو ہم تسلیم اور عمل کر رہے ہیں۔ بیرسٹر گوہر بولے کسی بھی اپوزیشن لیڈر کی کوئی تضحیک نہیں ہوئی ہے، بانی پی ٹی آئی کی صوابدید پر سب چل رہا ہے، اگر مائنس ہونا ہوتا تو ہو چکے ہوتے، بانی پی ٹی آئی مائنس نہیں ہوسکتے، اس وقت 90 فیصد قوم بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہے۔چیئرمین بیرسٹر گوہر نے مزید کہا کہ مشعال یوسفزئی کو شوکاز نوٹس جاری کیا ہے، یہ پارٹی کے اندرونی معاملات ہیں، اسپیکر سے 10 گرفتار پارلیمنٹیرین کے پروڈکشن آرڈر کے حوالے سے بات کی، ہم نے اسپیکر کو کہا کہ ہمارے ممبران اسمبلی کو گرفتار کیا گیا ہے، ہمارے ممبر اسمبلی عادل بازئی اور چوہدری امتیاز کو گرفتار کیا گیا ہے۔

بقیہ 24

ہونے والا اجلاس سہ پہر 3:00 بجے کے لیے ملتوی کیا گیا تھا، تاہم اب شیڈول میں ترمیم کرتے ہوئے اجلاس کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے۔ صوبائی اسمبلی کا یہ اہم اجلاس اب جمعرات کی صبح 11:00 بجے باقاعدہ شروع ہوگا، جس میں صوبے کے اہم قانون سازی اور عوامی امور زیر بحث آئیں گے۔

بقیہ 25

کے بھائی کے مبینہ اغوا کا واقعہ مند کے علاقے بلوچ آباد میں پیش آیا، جہاں دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار مسلح افراد نے اورنگزیب مجید کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنایا اور اپنے ساتھ نامعلوم مقام کی طرف لے گئے۔ حکام نے بتایا کہ واقعے کے فوراً بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کرتے ہوئے مغوی کی بازیابی اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔مند میں پیش آنے والے واقعے کی اطلاع ملتے ہی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور معاون برائے محکمہ داخلہ بابر یوسفزئی کے ہمراہ مشیر کھیل مینا مجید کی رہائش گاہ کا دورہ کیا اور ان سے ملاقات کی۔ صوبائی وزیر داخلہ نے ملاقات کے دوران مینا مجید سے ان کے بھائی کے اغوا کے واقعے سے متعلق تفصیلات اور معلومات حاصل کیں۔صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے مینا مجید کو حوصلہ دیا اور ان کے بھائی کی جلد اور محفوظ بازیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے اور ہرممکن اقدامات کی یقین دہانی کروائی۔

بقیہ 26

ڈیزل کی قیمت میں 53 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے۔اضافے کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 382 روپے 2 پیسے فی لیٹر جبکہ ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت 389 روپے 80 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔اوگرا نے قیمتوں میں ردوبدل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، نئی قیمتوں کا اطلاق 21 اکتوبر کیلئے ہوگا۔

بقیہ 27

وزیراعظم شہباز شریف کو نئی آٹو پالیسی کے مسودے پر بریفنگ دی، جس کے بعد وزیراعظم نے پالیسی وفاقی کابینہ میں پیش کرنے کی ہدایت کردی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نئی آٹو پالیسی میں مقامی اور درآمد شدہ ہائبرڈ گاڑیوں کی قیمتوں میں توازن برقرار رکھنے کی تجویز شامل ہے۔اس کے علاوہ درآمد شدہ گاڑیوں کے لیے معیاد کا سرٹیفکیٹ بھی لازمی قرار دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق نئی آٹو پالیسی کی وفاقی کابینہ سے حتمی منظوری کے بعد اس پر عمل درآمد کی راہ ہموار ہوگی۔

بقیہ 28

بیانات دیے جا رہے ہیں اور صوبے کی صورتحال کا خیبرپختونخوا سے موازنہ کرنا درست نہیں۔ بلوچستان حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور اس جنگ میں کامیابی کے لیے حکومت، سیکیورٹی اداروں اور ریاستی اداروں کے درمیان تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان کے بلوچستان اور سیکیورٹی فورسز سے متعلق بیان کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی قوتیں ریاست کے ساتھ کھڑی ہوں تاکہ ملک کو درپیش مشکلات سے نکالا جا سکے۔ کوئٹہ میں معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان خود بھی ایک مشکل دور سے گزر چکے ہیں اور ان کی جماعت بھی دہشت گردی کا نشانہ بنتی رہی ہے، اس لیے بلوچستان کی صورتحال اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں سے متعلق بیانات دیتے وقت زمینی حقائق کو مدنظر رکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کو حکومت کی مکمل معاونت درکار ہوتی ہے۔ اگر خیبر پختونخوا حکومت قومی ایکشن پلان پر عمل درآمد کے لیے وفاقی حکومت اور سیکیورٹی فورسز کے ساتھ تعاون کرتی تو ان کے بقول ہنگامی اقدامات کی ضرورت پیش نہ آتی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔

بقیہ 29

فوجداری ترمیمی بل 2025، قومی سلامتی کونسل ترمیمی بل 2025، اسلام آباد تحدید کرایہ ترمیمی بل 2025 اور قومی شاہرات ترمیمی بل 2025 کی منظوری شامل کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ تنخواہوں کی ادائیگی ترمیمی بل 2025، صوبائی موٹر گاڑیاں ترمیمی بل 2025، پاکستان کونسل آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، اسلام آباد بزرگ شہری ترمیمی بل 2025، قومی کمیشن برائے حقوق اطفال ترمیمی بل 2025، قانون شہادت ترمیمی بل 2025 اور پاکستان ماحولیاتی تحفظ ترمیمی بل 2025 کی منظوری بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔

بقیہ 30

شریف کو خیبر پختونخوا کی مجموعی صورتحال، امن و امان، انتظامی معاملات اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی جانی تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم کے دورہ پشاور کے دوران گورنر ہاؤس میں ان کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہونا تھا جس میں صوبے کو درپیش اہم مسائل اور حالیہ پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا جانا تھا۔ وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی شرکت کرنی تھی۔

بقیہ 31

چوتھا ڈرافٹ تیار ہوا اس کی منظوری وزیراعلیٰ کے پی سے لینا تھی، معلومات کے مطابق وزیراعلیٰ کے پی ڈرافٹ کی منظوری افغانستان سے لے رہے تھے۔ طارق فضل کا کہنا تھا کہ محمود اچکزئی کے حوالے سے خبریں میڈیا پر آئیں، محمود اچکزئی نے کہا عمران خان سے ملاقات کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھا جاسکتا، مذاکرات میں ملاقات کا ٹائم فریم اور ایک مستند حل موجود تھا، چیزیں اس وقت حل ہو جاتیں تو شاید معاملات اب مختلف ہوتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحریک انصاف اسمبلیوں سے استعفے دیتی ہے تو 40 ارکان استعفے نہیں دیں گے۔

بقیہ 32

جارہے ہیں، ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس اصلاحات کے باعث جی ڈی پی کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، معاشی اصلاحات سے شرح نمو بہتر ہوئی ہے، اصلاحات کے ذریعے معاشی استحکام کی جانب گامزن ہیں، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ترسیلات زر میں تاریخی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، پاکستان کی معاشی ترقی پائیدار اور برآمدات پر مبنی ہونی چاہیے، پاکستان کی معیشت منفی 0.3 فیصد شرح نمو سے بہتری کی جانب آئی ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر صرف دو ہفتوں کی درآمدات کیلئے کافی رہ گئے تھے، پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تین ماہ سے زیادہ کی درآمدات کیلئے کافی ہیں، گزشتہ چار برس میں پاکستان کے بیرونی قرضوں میں چار ارب ڈالر کا اضافہ ہوا۔

بقیہ 33

دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو ہونے والی ملاقات میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت و صنعت رانا احسان افضل خان اور سیکرٹری تجارت جواد پال بھی موجود تھے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق اس موقع پر وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ امریکا کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینا پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہے، دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور نجی شعبے کے تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ملاقات میں پاکستانی آم اور کھجور کی امریکی منڈی تک رسائی کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ سیکرٹری تجارت نے بتایا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان باہمی تجارتی معاہدے پر جاری مذاکرات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، مجوزہ تجارتی معاہدے کی چند تکنیکی شقوں پر امریکی تجارتی نمائندے کے دفتر سے مزید بات چیت درکار ہے۔

بقیہ 34

اکتوبر کو ہونے والے اجلاس میں مشاورت کا حصہ تھی۔ اجلاس میں فلسطین، مسلم اقلیتوں اور اسلاموفوبیا سمیت اہم امور پر بھی غور کیا گیا۔ دوروزہ اجلاس کا موضوع "مکالمہ اور یکجہتی: امن اور پائیدار ترقی کے فروغ کے دو بنیادی ستون" تھا۔ او آئی سی کے سیکرٹری جنرل اسماعیل ولد الشیخ احمد نے اجلاس کی میزبانی پر عراقی قیادت، حکومت اور عوام کا شکریہ ادا کیا۔ اجلاس میں بغداد اعلامیہ اور متعدد قراردادیں منظور کی گئیں۔ ان میں فلسطینی عوام کے حقوق اور القدس الشریف کو دارالحکومت بنا کر آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کی حمایت کا اعادہ کیا گیا۔ شرکا نے رکن ممالک کی سیاسی صورتحال اور مسلم برادریوں کے حقوق پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں اقتصادی، سماجی، انسانی، ثقافتی اور سائنسی امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ او آئی سی کے سیکرٹری جنرل نے قراردادیں منظور کرنے کے بجائے ان پر عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا

بقیہ 35

ہے۔ پولیس ٹیم بلٹ پروف جیکٹس اور حفاظتی اقدامات کے باعث محفوظ رہی۔

بقیہ 36

میں کھیلے گئے میچ میں انگلینڈ کے کپتان ہیری بروک نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا جس پر پاکستان نے مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 302 رنز کا مجموعہ ترتیب دیا۔ پاکستان کی جانب سے حسن نواز نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 74 گیندوں پر 5 چھکوں اور 4 چھکوں کی مدد سے 79 رنز کی نمایاں اننگز کھیلی جبکہ عرفات منہاس 59، فہیم اشرف 39، سعد بیگ 35، بابر اعظم 34، سلمان علی آغا 16، صائم ایوب 8، شاہین شاہ آفریدی 10 (ناٹ آؤٹ)، حارث رؤف 4 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے جبکہ نسیم شاہ ایک رن بنا سکے، فخر زمان بغیر کوئی رن بنائے پویلین لوٹے۔ انگلینڈ کی طرف سے سونی بیکر نے 3 اور گس اٹکنسن نے 2 وکٹیں حاصل کیں جبکہ ول جیکس، جیمی اوورٹن، عادل رشید اور سیم کرن نے ایک، ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ 303 رنز کے ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم 38.4 اوورز میں 215 رنز پر ڈھیر ہوگئی جس میں ٹام بینٹن 57 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ بین ڈکٹ 45، جو روٹ 33، سیم کرن 27، ول جیکس 19، جورڈن کاکس 18، گس اٹکنسن 7، ہیری بروک 5، جیمی اوورٹن ایک اور عادل رشید صفر پر آؤٹ ہوئے جبکہ سونی بیکر ایک رن کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔

بقیہ 37

ریاض میں دو زوردار دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں، جس کے بعد شہریوں کو موبائل فون پر ہنگامی الرٹس موصول ہوئے۔ ممکنہ میزائل حملے کے پیش نظر سعودی سول ڈیفنس نے دارالحکومت ریاض کے لیے فضائی خطرے کا الرٹ جاری کیا تھا۔ حکام کے مطابق حوثی ملیشیا کا میزائل حملہ ناکام بنانے کے بعد خطرے کا الرٹ واپس لے لیا گیا۔

بقیہ 38

مرکز کا دورہ کیا جہاں انہوں نے نائب امیر پروفیسر ابراہیم سے ملاقات کی، اس موقع پر امیر جماعت اسلامی خیبر پختونخوا شمالی عنایت اللہ خان، امیر وسطی اضلاع عبدالواسع، ہزارہ ڈویژن کے امیر عبدالرزاق عباسی، سابق رکن قومی اسمبلی صابر حسین اعوان اور دیگر قائدین موجود تھے۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی صورت حال، امن و امان اور ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور صوبے کو درپیش مسائل، عوامی مشکلات اور ان کے حل کے لیے مختلف تجاویز پر گفتگو کی گئی اور صوبے کی ترقی اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے مختلف شعبوں کو فروغ دینے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ زرعی شعبہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، جنوبی اضلاع کی زمینوں کو آباد کرنے سے صوبے کی زرعی ضروریات کو پورا کیا جا سکتا ہے

بقیہ 39

جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں جن میں چمن پھاٹک تا کوئلہ پھاٹک فیز ٹو اور زیر تعمیر چشمہ پل کے دورے کے موقع پر کیا جہاں انہوں نے تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا اور منصوبے کی پیش رفت تکمیل کے مراحل اور درپیش مسائل کے حوالے سے متعلقہ حکام سے بریفنگ حاصل کی اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان چیف انجینئر کوئٹہ زون عبدالرحیم ہنگورگی چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ سپرنٹنڈنگ انجینئر کوئٹہ محمد وسیم حیدرا یگزیکٹو انجینئر روڈز کچلاک زون قاضی ثناء اللہ سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے دورے کے دوران سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے صوبائی وزیر کو منصوبے کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ مقامی آبادی سے متعلق امور اور بعض تکنیکی مسائل کے باعث تعمیراتی کام میں تاخیر کا سامنا کرنا پڑا تاہم ان مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ پل کی تعمیر کا کام تسلسل کے ساتھ جاری ہے اور اسے جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ چشمہ پل کی تعمیر علاقے کے عوام کا دیرینہ مسئلہ حل کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی پل کی تکمیل سے نہ صرف مقامی آبادی کو آمدورفت میں درپیش مشکلات سے نجات ملے گی بلکہ اس راستے سے گزرنے والے مسافروں کو بھی سہولت میسر آئے گی

بقیہ 40

تقریب سنگِ بنیاد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وزیرمملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل احمد ملک، رکن صوبائی اسمبلی محسن ایوب خان، سابق رکن صوبائی اسمبلی حاجی ملک عمر فاروق، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد، مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان مسلم لیگ (ق) (غلام مصطفیٰ ملک، صدر فیڈرل کیپٹل رضوان صادق، صدر خیبر پختونخوا انتخاب خان چمکنی، بورڈ ممبران، اعلیٰ حکام اور مختلف سیاسی وسماجی شخصیات بھی موجود تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ لیبر کمپلیکس فیز ٹو کی مجموعی منظور شدہ لاگت 110 کروڑ 60 لاکھ روپے ہے اور منصوبہ 24 ماہ سے پہلے مکمل کیا جائے گا۔ اس کے تحت لڑکوں اور لڑکیوں کے ہائی اسکول، جونیئر پرائمری اسکول، مسجد اور منی مارکیٹ تعمیر کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ لیبر کمپلیکس ٹیکسلا میں پہلے ہی 504 فلیٹس تعمیر کیے جا چکے ہیں جن پر 131 کروڑ 40 لاکھ روپے لاگت آئی ہے، ان میں سے 70 فلیٹس پاکستان آرڈیننس فیکٹریز، واہ کینٹ کے شہدا کیلئے مختص کیے گئے ہیں۔

بقیہ 41

جانب اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق شہزاد اینڈ شاہ پرائیویٹ فارم کمپنی لمیٹڈ پاکستان کے گوادر فری زون میں قائم کیا جانے والا ایک سرمایہ کاری کا منصوبہ ہے۔ یہ تقریباً 16500 مربع میٹر رقبے پر محیط ہے جبکہ اس کا تعمیر شدہ رقبہ تک بھگ 5,000 مربع میٹر ہوگا۔ منصوبے پر تقریباً 5 کروڑ 20 لاکھ چینی یوآن کی سرمایہ کاری متوقع ہے، جس سے مقامی افراد کے لیے تقریباً 120 ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔ سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گوادر پورٹ اتھارٹی کے چیئرمین نورالحق بلوچ نے کہا کہ فری زون میں صنعتی ترقی سے گوادر بندرگاہ کے ذریعے عالمی منڈیوں تک رسائی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

بقیہ 42

منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے، ان کے لیے روزگار اور ہنر مندی کے مواقع میں اضافے اور معاشرے میں ان کی مؤثر شمولیت کے لیے محکمہ کے کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اس امر پر زور دیا کہ خواتین کی ترقی اور بااختیاری کے لیے عملی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ صوبے کی خواتین کو تعلیم، ہنر مندی، روزگار اور معاشی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی سماجی و معاشی ترقی صوبے کی مجموعی ترقی سے وابستہ ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور مربوط حکمت عملی ضروری ہے۔

بقیہ 43

ہوئے۔ روانگی کے موقع پر نواز شریف نے مختصر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دانش سکولوں میں غریبوں کے بچوں کو بھی تعلیم ملنا خوشی کی بات ہے، انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس طرح کی خوشیاں سب کو عطا کرے۔ اس موقع پر نواز شریف نے ملاقات کے لیے آنے والے مسلم لیگ (ن) کے بعض کارکنوں کے ساتھ تصاویر بھی بنوائیں۔

بقیہ 44

کرنے کی کارروائی شروع کر دی ہے، اس سلسلے میں محکمہ خزانہ سندھ نے مالی امداد کی مد میں 60.5 ملین روپے جاری کرنے کی تجویز سے اتفاق کیا ہے جبکہ محکمہ داخلہ سندھ نے منظور شدہ رقم کے اجراء کے لیے محکمہ خزانہ سے ضروری کارروائی کی درخواست کی ہے، سرکاری دستاویزات کے مطابق وزیر اعلیٰ سندھ نے 14 اکتوبر 2026 کو اس معاملے سے متعلق سمری منظور کی تھی، محکمہ خزانہ نے تجویز دی ہے کہ مالی سال 2026/27 کے دوران متعلقہ قوانین، قواعد اور مقررہ طریقہ کار کے تحت کمشنر لاڑکانہ ڈویژن کے ذریعے متاثرہ خاندانوں میں امدادی رقم تقسیم کی جائے، واضح رہے کہ مئی 2026ء میں تحصیل ٹھل کے گاؤں محمد صدیق آرائیں میں پسند کی شادی کے تنازع پر 120 سے زائد گھروں کو نذر آتش کیا گیا تھا، پولیس کے مطابق سدرہ چنا اور محمد حسن بروہی حیدرآباد میں کورٹ میرج کے بعد شادی کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی جس کے بعد مشتعل افراد نے گاؤں پر حملہ کرکے گھروں کو آگ لگا دی تھی، واقعے کے نتیجے میں اطلاعات کے مطابق 120 سے زائد گھر جل کر خاکستر ہو گئے تھے جبکہ متاثرہ خاندانوں کا گھریلو سامان اور جمع پونجی بھی آگ کی نذر ہو گئی تھی اس سانحے کے باعث خواتین اور بچوں سمیت متعدد خاندان بے گھر ہو کر کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہو گئے تھے

بقیہ 45

گیا جس کی وجہ سے کسی کی جان و مال تک محفوظ نہیں نااہل حکومتی رٹ کہیں بھی نظر نہیں آتی ڈاکو لیٹرے اپنی مرضی سے شریف شہریوں قومی شاہراہ پر سفر کرنے والے ٹرانسپورٹرز مسافروں کو دن میں لوٹ کر باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو جاتے ہیں صوبائی حکومت ان کے خلاف کوئی کاروائی نہیں کرتے اور خاموش تماشائی کا کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے عام شہریوں نیشنل ہائی وے پر سفر کرنے والے مسافروں اندرونی راستوں پر مسلسل لوٹ مار کے واقعات میں دن بدن اضافہ کے ساتھ ایس پی چھپی مرتضیٰ بھٹو کی گاڑی پر فائرنگ کی شدید مزمت کرتے ہوئے کہا کہ قومی شاہراہ این 65 پر ملک بھر کے ٹرانسپورٹرز مسافر سفر کرتے ہیں جس سے لاکھوں افراد روزگار سے وابستہ ہو کر ملک کو لاکھوں کی آمدنی فراہم کرتے ہیں ماضی کے برعکس آج سفر اس قابل نہیں رہا جس کی بڑی وجہ فارم 4 کے زر لے مسلط کردہ نمائندہ اور اس کے ہمنو ہے

بقیہ 46

گئی۔ اس سے قبل کاروباری سیشن کے دوران سرمایہ کاروں کی جانب سے منافع سمیٹنے کے باعث برینٹ کی قیمت میں 3 ڈالر سے زیادہ کی کمی ہوئی تھی۔ دوسری جانب امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) (خام تیل کی قیمت بھی 1.68 ڈالر یعنی 1.66 فیصد بڑھ کر 103.09 ڈالر فی بیرل ہو گئی۔ واضح رہے کہ حوثیوں نے پیر کو دعویٰ کیا کہ انہوں نے سعودی عرب میں توانائی، ہوائی اڈوں اور فوجی اہداف کو نشانہ بنایا، جن میں ینبع میں سعودی تیل کمپنی آرامکو کی ایک تنصیب، شیبہ آئل فیلڈ، ریاض کا کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا ایئرپورٹ شامل ہیں۔ سعودی حکام نے فوری طور پر ان حملوں کے دعوؤں کی تصدیق نہیں کی۔

بقیہ 47

کوئٹہ میں حلقہ؟ انتخاب سے تعلق رکھنے والے دوستوں اور معززین سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں حلقہ؟ انتخاب کے دوستوں نے صوبائی وزیر کو اپنے مسائل، عوام کو درپیش مشکلات اور مختلف امور سے آگاہ کیا۔ حاجی میر علی مدد جتک نے تمام امور غور سے سنے اور مسائل کے حل کے لیے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ عوامی خدمت کے مشن کو پوری لگن اور خلوص کے ساتھ جاری رکھیں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام اور ان کے درمیان مضبوط رابطہ ہی مؤثر عوامی خدمت کی بنیاد ہے۔ وہ اپنے حلقے کے عوام اور دوستوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہنے پر یقین رکھتے ہیں تاکہ عوامی مسائل کی بروقت نشاندہی اور ان کے حل کے لیے ضروری اقدامات کیے جاسکیں۔

بقیہ 48

سرمایہ کاری کانفرنس فیوچر انویسٹمنٹ انیشی ایٹو اگلے سال تک ملتوی کردی گئی ہے۔ جاری کیے گئے بیان کے مطابق سالانہ کانفرنس کا آغاز آئندہ ہفتے 26 اکتوبر کو ہونا تھا جو 29 اکتوبر تک جاری رہتی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آئندہ سال کانفرنس کی نئی تاریخ کا اعلان بہت جلد کیا جائے گا۔ کانفرنس کی ویب سائٹ کے مطابق متوقع مقررین میں الفابیٹ اور گوگل کے صدر اور چیف انوسیٹمنٹ آفیسر روتھ پوراٹ، گولڈمین ساکس گروپ کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو ڈیوڈ سولومن اور بلیک راک کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو لارنس فنک شامل تھے۔ واضح رہے کہ ڈیووس ان ڈیزرٹ کے نام سے موسوم اس کانفرنس کا نام سوئٹزر لینڈ میں ہونے والے عالمی اقتصادی فورم کے سالانہ اجلاس کی مناسبت سے رکھا گیا ہے۔

بقیہ 49

جانی ومالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی پولیس واقعہ کی مزید تحقیقات کررہی ہے۔

بقیہ 50

فروخت ہو رہی ہے، پنجاب اور خیبر پختونخوا میں گھریلو سلنڈر 6 ہزار روپے کا فروخت ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ دنوں میں ایل پی جی کی قیمت مزید بڑھنے کا امکان ہے، اوگرا نیا اکتوبر کے لیے 279 روپے فی کلو اور گھریلو سلنڈر کی قیمت 3350 مقرر کر رکھی ہے۔ چیئرمین ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز نے کہا کہ اوگرا اربوں روپے کی لوٹ مار پر خاموش تماشائی بنا ہوا ہے، قیمت کو کنٹرول کرنے کیلئے حکومت اپنے ایس ایس جی سی ٹرمینل کو استعمال کرے اور فوری ایل پی جی درآمد کی جائے۔

بقیہ 51

سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری کیا۔ ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ میں جنگ جاری ہے اور روس اس تنازع میں ثالثی کا کردار ادا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے پیر کو اپنے روسی ہم منصب سرگئی لاوروف کی میزبانی کی۔ جنگ شروع ہونے کے بعد لاوروف کا ایران کا یہ پہلا دورہ تھا، جس میں دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورت حال اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا۔ عباس عراقچی کے مطابق ملاقات میں یورپ سے مغربی ایشیا تک کے مختلف معاملات زیر بحث آئے، جن میں لبنان، فلسطین، یوکرین اور یمن کی صورت حال بھی شامل تھی۔ دونوں رہنماؤں نے اقتصادی اور جوہری تعاون کو وسعت دینے پر بھی توجہ دی۔ عراقچی نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایران اور روس نے اپنی تاریخ میں بھی موجودہ دور کی طرح قریبی تعاون نہیں کیا۔ ایران اور روس کے درمیان بڑھتا ہوا تعاون ایسے وقت میں اہمیت اختیار کر گیا ہے جب خطے میں جنگ اور کشیدگی کے اثرات وسیع ہو رہے ہیں۔ روس مشرق وسطیٰ کے تنازع میں ثالثی کے ذریعے اپنا سفارتی کردار ادا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

بقیہ 52

واپس جانے کے اپنے ارادے کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ طارق رحمٰن کی قیادت میں قائم موجودہ حکومت مجھے گرفتار کرے، قتل کرے یا تشدد کا نشانہ بنائے، تب بھی میں واپسی کا فیصلہ نہیں بدلوں گی۔ واشنگٹن میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس سے آن لائن خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم نے کہا کہ بنگلا دیش واپس جانا میری ذمے داری ہے اور اس راستے میں درپیش خطرات مجھے روک نہیں سکتے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اگست 2024 میں اپنی حکومت کے خاتمے کے بعد بنگلا دیش چھوڑنے والی شیخ حسینہ نے کہا کہ دسمبر میں بنگلا دیش واپس جاں گی۔ انہوں نے کہا کہ میں خوف زدہ نہیں ہوں، یہ کتنا ہی خطرناک کیوں نہ ہو، مجھے اس کی پروا نہیں، مجھے واپس جانا ہے، واپس جانا میری ذمے داری ہے، تاہم انہوں نے واپسی کی حتمی تاریخ نہیں بتائی۔

بقیہ 53

نومبر جاری رہے گی، جبکہ ایمرجنسی کی صورت میں سیکنڈری رن وے کو ایک گھنٹے کے اندر مہیا کیا جائے گا جس کے لیے ایئر ٹریفک کنٹرول سے کوآرڈینیشن کرنا ہوگی۔ اس سلسلے میں پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے تمام کپتانوں کے لیے نئی ایڈوائزری جاری کردی ہے۔

بقیہ 54

تیاری میں استعمال ہونے والے مختلف کیمیکلز اور دیگر سامان برآمد کرلیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ پولیس لورالائی کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کلی شبوزئی کے پہاڑ کے دامن میں آئس تیار کرنے کی فیکٹری قائم کی جا رہی ہے۔ اطلاع ملنے پر قائم مقام ایس ڈی پی او منیجر سرکل ہمایوں خان، انچارج سی آئی اے پولیس لورالائی محمد انور اور ایس ایچ او تھانہ جہانداد شہید شیر محمد پر مشتمل پولیس ٹیم تشکیل دی گئی، جس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مذکورہ مقام پر چھاپہ مارا۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران ایگرو کاسٹک سوڈا فلیکس (NaOH) کی دو بوریاں، اومان/لیفیڈرا بوٹی کی 15 بوریاں، ایسیٹون، ہائیڈروکلورک ایسڈ سمیت مختلف خطرناک کیمیکلز برآمد کیے گئے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق برآمد ہونے والا سامان آئس کی تیاری میں استعمال کیا جانا تھا۔ ایس ڈی پی او ہمایوں خان ناصر نے بتایا کہ واقعے کا مقدمہ تھانہ جہانداد شہید لورالائی میں درج کر لیا گیا ہے، جبکہ فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی پولیس ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں اور انہیں جلد قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 55

فراہم کرنا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے صحت عامہ سے متعلق وژن اور عوام دوست پالیسی کے تحت صوبے میں طبی سہولیات کی بہتری، سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی اور عوام کو معیاری علاج کی سہولت فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کے لیے ادویات کی فراہمی بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے ادویات کی آمد سے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی، جبکہ یہ اقدام گوادر کے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے حکومتی عزم کا مظہر ہے گوادر کے عوامی حلقوں نے ادویات کی فراہمی پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور محکمہ صحت کے حکام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ صحت کے شعبے میں ایسے اقدامات کا تسلسل برقرار رہے گا، تاکہ عوام کو بروقت علاج اور ضروری طبی سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 56

سے چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ ایکسائز بلوچستان کی جانب سے اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) اور ضلعی انتظامیہ کے اشتراک سے مشترکہ کارروائیاں بھی کی جارہی ہیں، جن کا مقصد منشیات کی کاشت اور پھیلاؤ کی روک تھام ہے۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان کے مطابق صوبے کو منشیات سے پاک بنانے اور انسداد منشیات مہم کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 57

رہا ہے، جبکہ توانائی، مواصلات، سیلاب سے بحالی اور دیگر اہم شعبوں کے منصوبے بھی بیرونی مالی معاونت سے مکمل کیے جا رہے ہیں۔ بیرونی قرضوں، سود کی ادائیگیوں اور قرضوں سے زیرتعمیر بڑے قومی منصوبوں کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کردی گئی ہیں۔ وزارت خزانہ کی دستاویزات کے مطابق ملکی و غیر ملکی قرضوں میں سے 11.42 ارب ڈالر ادائیگیوں کے توازن اور نقد مالی معاونت کے لیے استعمال ہوئے، جبکہ 3.09 ارب ڈالر توانائی کے منصوبوں اور 1.69 ارب ڈالر سیلاب سے بحالی کے اقدامات پر خرچ کیے گئے۔ دستاویزات کے مطابق حکومت اس وقت بیرونی قرضوں کی مدد سے 14 بڑے قومی منصوبوں پر کام کر رہی ہے، جن کی مجموعی مالیت 11.86 ارب ڈالر بتائی گئی ہے۔ ان منصوبوں میں توانائی، بجلی کی ترسیل، موٹرویز، شہری ٹرانسپورٹ، اعلیٰ تعلیم، سماجی تحفظ اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے منصوبے شامل ہیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق وزارت توانائی کے سات بڑے منصوبے بھی بیرونی قرضوں سے مکمل کیے جا رہے ہیں۔ ان میں 247.60 ملین ڈالر مالیت کا جامشورو توانائی منصوبہ، 475 ملین ڈالر کا تربیلا توسیعی منصوبہ، 225 ملین ڈالر کا داسو پاور پراجیکٹ اور 93.22 ملین ڈالر مالیت کا مہمند ڈیم منصوبہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ قومی ٹرانسمیشن ماڈرنائزیشن منصوبہ 192.87 ملین ڈالر کی لاگت سے بیرونی قرضوں کے ذریعے مکمل کیا جائے گا۔ توانائی کے شعبے میں سعودی آئل فیسلٹی پروگرام کے لیے 3.38 ارب ڈالر جبکہ آئی ٹی ایف سی آئل اینڈ ایل این جی فنانسنگ فسیلٹی پروگرام کے لیے دو ارب ڈالر کی بیرونی مالی معاونت بھی دستاویزات میں ظاہر کی گئی ہے۔

بقیہ 58

دعوت سے فائدہ اٹھانا چاہیے، مذاکرات نہ کرنے سے عمران خان کا نقصان ہو رہا ہے، آگے بڑھنے کا راستہ سیاسی ہی ہے، اگر اس رات مذاکرات کامیاب ہو جاتے تو بانی پی ٹی آئی کی بہنیں صبح تک رہا ہو جاتیں۔ علی محمد خان پروگرام آج شاہ زیب خانزادہ کے ساتھ میں بات کر رہے تھے۔

بقیہ 59

ایجنٹ کی سزا کے خلاف اپیل پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے فریقین کے وکلاء کے دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ دوران سماعت پراسیکیوشن نے عدالت کو آگاہ کیا کہ انسداد دہشت گردی کی عدالت نے ملزم محمد سلیم کو 3 بار عمر قید کی سزا سنائی، ملزم پر پاکستان کے خلاف مسلح جارحیت، دھماکا خیز مواد اور دیگر الزامات ہیں۔ پراسیکیوشن نے بتایا کہ 7 اکتوبر 2024 کو ایس آئی یو کو منوڑا کے علاقے میں راء کے ایجنٹ کی اطلاع ملی، موٹر سائیکل سوار ملزم کو روکا گیا اور تلاشی لی گئی، ملزم کے قبضے سے پستول، دھماکا خیز مواد، آوان بم اور راکٹ لانچر برآمد ہوئے۔ پراسیکیوشن نے بتایا کہ ملزم کے قبضے سے 2 پاسپورٹ بھی برآمد ہوئے تھے، محمد سلیم نے پاکستانی شہریت غیر قانونی طریقوں سے حاصل کی تھی۔ دوسری جانب وکیل صفائی نے اپیل کی کہ ملزم پر لگائے گئے تمام الزامات بے بنیاد ہیں جن کا کوئی ثبوت نہیں، ماتحت عدالت کی جانب سے دی گئی سزا کو کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ 60

ہو کر اپنے گھروں کو پہنچ گئے۔ بازیاب اہلکاروں نے دوران حراست تشدد، بھکا پیاسا رکھنے اور پولیس کی ملازمت چھوڑنے کے لیے دباؤ ڈالنے کے واقعات بیان کیے ہیں۔ مستونگ پولیس کے ڈی ایس پی رفیق حمزہ نے اہلکاروں کی بازیابی کی تصدیق کی، تاہم انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ اہلکاروں کو کہاں سے اور کس طرح بازیاب کرایا گیا۔ پولیس کے ایک افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر اہلکاروں کی تعداد 22 بتائی، جبکہ ابتدائی طور پر پولیس نے 20 اہلکاروں کے اغوا کی اطلاع دی تھی۔ پولیس کے مطابق واقعہ جمعے کی دوپہر مستونگ کے اضلاع کردگاپ کے علاقے گورگینہ کے قریب پیش آیا، جہاں موٹر سائیکلوں پر سوار نامعلوم مسلح افراد نے قلات سے نوشکی جانے والی مسافر وین روک کر اس میں سوار پولیس اہلکاروں کو وین سمیت اپنے ساتھ لے گئے۔ وین میں ڈرائیور اور تین عام مسافر بھی موجود تھے، جنہیں بعد میں چھوڑ دیا گیا۔ اغوا ہونے والے اہلکاروں کا تعلق رخشان ڈویژن کے اضلاع خاران، نوشکی، چاغی اور واشک سے ہے۔ ان میں 21 سابق لیویز اہلکار شامل تھے، جو پولیس اور لیویز فورس کے انضمام کے بعد پولیس کا حصہ بنے تھے۔

بقیہ 61

آصف خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسماء جتک اور ضلع قلات سے تعلق رکھنے والی لائبہ ستار کے مقدمات، ان کے اہل خانہ کو درپیش سیکیورٹی خدشات اور ملزمان کی عدم گرفتاری کے حوالے سے تفصیلی غور کیا گیا۔ اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی نیا اجلاس میں دی گئی رولنگ کے تحت ڈی آئی جی خضدار رینج کو اسپیکر چیمبر میں طلب کیا گیا تھا تاکہ مذکورہ واقعات میں پیش رفت، پولیس تحقیقات اور متاثرہ خاندانوں کے تحفظ کے اقدامات سے متعلق وضاحت حاصل کی جاسکے۔ اسپیکر نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ اسمبلی کے اجلاس میں اس معاملے پر ڈی آئی جی خضدار رینج کی طلبی کے باوجود ڈی آئی جی کے بجائے اے آئی جی کی آمد کو استحقاق کی خلاف ورزی کے تناظر میں دیکھا گیا۔ اسپیکر نے اجلاس میں کہا کہ ایسے واقعات بار بار اسمبلی میں زیر بحث آنا تشویش ناک ہے۔ پولیس عوام اور ان کے منتخب نمائندوں کی محافظ ہے اور اس کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ہمارے محافظ ہیں، اگر آپ ہی ہمیں تحفظ فراہم نہیں کرسکتے تو پھر ہم اس حوالے سے کیا کہہ سکتے ہیں۔

بقیہ 62

زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم ملزمان کی جانب سے میاں غنڈی میں پل کے نیچے نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے قریب سے گزرنے والی پولیس کی گاڑی میں سوار ہدایت اللہ، عبدالغفار، دلاور خان سمیت 5 اہلکار زخمی ہوگئے اور گاڑی کو شدید نقصان پہنچا زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 63

لیاقت بلوچ نے مطالبہ کیا کہ وزیراعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے معاملات الگ ہیں۔ لیاقت بلوچ نے تاکید کی کہ قومی سیاسی اور جمہوری قیادت بلوچستان سے اپنے آپ کو بالکل لاتعلق نہ رکھے۔ نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی اور سابق وفاقی وزرا اسد عمر، فواد چوہدری، دانیال عزیز، ندیم افضل چن اور خرم دستگیر سے بھی ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات میں بلوچستان کے درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ صوبوں کے حقوق اور حق ملکیت کا آئینی اصول کسی صورت نہ توڑا جائے۔

بقیہ 64

ہو گئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق دھماکے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں اور سیکیورٹی فورسز موقع پر پہنچ گئیں اور زخمی ہونے والے دونوں پولیس اہلکاروں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کے فوراً بعد پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے پورے علاقے کو اپنے گھیرے میں لے کر ناکہ بندی کر دی ہے اور ثبوت و شواہد اکٹھے کرتے ہوئے واقعے کی تفصیلی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 65

لاہور میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپردخاک کر دیا گیا۔ میجر وجاہت وحید شہید کی نماز جنازہ بحریہ ٹاؤن لاہور میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں گورنر پنجاب، کور کمانڈر لاہور، سینئر صوبائی وزراء، سول و ملٹری افسران اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، قومی پرچم میں لپٹے شہید کے جسدِ خاکی کو پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ میجر وجاہت وحید شہید کے پسماندگان میں والدہ، بیوہ اور ایک معصوم بیٹی شامل ہیں۔ یاد رہے کہ میجر وجاہت وحید شہید نے 18 اکتوبر کو گوادر کے علاقے پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں جام شہادت نوش کیا تھا۔

بقیہ 66

جس کا مقصد جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت کی سہولیات کو عوام کی دہلیز تک پہنچانا اور بالخصوص دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہریوں کے لیے طبی مشاورت تک رسائی کو آسان بنانا ہے۔ صحت دہلیز ایپ کے ذریعے شہری 24 گھنٹے مستند ڈاکٹروں سے طبی مشاورت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ سہولت صوبے کے مختلف علاقوں میں رہنے والے افراد کو گھر بیٹھے ڈاکٹر سے رابطے، عام بیماریوں کے علاج سے متعلق رہنمائی اور صحت کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ ایپ کے ذریعے ماؤں اور بچوں کی صحت سے متعلق مشاورت، عام بیماریوں کی رہنمائی اور صحت سے متعلق آگاہی کے لیے بھی سہولیات دستیاب ہیں۔ اس اقدام کے تحت بلوچستان کے شہریوں کو ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے طبی رہنمائی فراہم کرکے ان کے علاج معالجے کی سہولیات تک رسائی بہتر بنانے، غیر ضروری سفری مشکلات کم کرنے اور صحت کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ 67

کارروائیوں کے لیے رائل ایئر فورس کے ٹائفون لڑاکا طیارے استعمال کیے جائیں گے۔ برطانوی حکومت نے اس اقدام کا مقصد سعودی عرب کو حوثی باغیوں کی جانب سے بڑھتے ہوئے حملوں سے بچانے میں تعاون فراہم کرنا قرار دیا ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب سعودی عرب اور خطے میں سیکیورٹی خدشات بڑھ رہے ہیں۔ برطانیہ کی جانب سے دفاعی فضائی مشنز کے اعلان کو سعودی عرب کے تحفظ کے لیے دونوں ممالک کے درمیان عسکری تعاون کی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ تاہم، فراہم کردہ بیان میں طیاروں کی تعداد، تعیناتی کے مقام یا مشنز کے آغاز کے وقت کی تفصیلات نہیں دی گئیں۔

بقیہ 68

توانائی، دفاعی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے اہم قرار دیا جا رہا ہے ان کی بھارتی قیادت کے ساتھ ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور تجارتی مذاکرات میں پیش رفت کے امکانات پر تبادلہ خیال متوقع ہے امریکی سفارت خانے نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر مارکو روبیو کی ممبئی آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں خوش آمدید کہا یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب واشنگٹن اور نئی دہلی اپنے اقتصادی تعلقات کو وسعت دینے اور مجوزہ تجارتی معاہدے پر اختلافات دور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں امریکہ اور بھارت کے درمیان تجارتی مذاکرات میں محصولات، منڈیوں تک رسائی اور توانائی کی تجارت جیسے معاملات اہمیت رکھتے ہیں روس سے بھارتی تیل کی درآمدات بھی دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک اہم موضوع رہی ہیں کیونکہ واشنگٹن نے روس کی توانائی کی آمدنی محدود کرنے کے لیے مختلف اقتصادی اقدامات کیے ہیں۔ بھارت اپنی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مختلف ممالک سے خام تیل خریدتا ہے جبکہ امریکہ تجارتی اور تزویراتی معاملات میں نئی دہلی کے ساتھ تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے ایسے میں روبیو کے دورے سے دونوں ممالک کو اقتصادی اختلافات پر بات چیت اور باہمی تعاون کے نئے امکانات تلاش کرنے کا موقع مل سکتا ہے

بقیہ 69

مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی اطلاعات آرگنائزر اسفند کاکڑ، مالیات آرگنائزر محمود اچکزئی، زونل سینئر معاون مزمل شاہ اور ضلع کوئٹہ کے ضلع سیکرٹری بارمحمد بریال نے خطاب کیا جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض واسع سنزر اور رامین اچکزئی نے انجام دیے۔ جبکہ پروگرام کی صدارت پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن سائنس کالج کے علاقائی سیکرٹری منور خان کاکڑ نے کی۔ مقررین نے کہا کہ ملک کی موجودہ بحرانی صورتحال جس میں غیر منتخب پارلیمنٹ کی جانب سے آئین کی پامالی، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، جمہور کی حکمرانی سے مسلسل انکار کے نتیجے میں ملک کے اندر سیاسی عدم استحکام اور بدترین معاشرتی انتشار کا دور دورہ ہے۔ 26ویں اور 27ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدلیہ، میڈیا کی آزادی ختم کی گئی اور ساتھ ہی انسانی حقوق کی پامالی کی گئی۔ آج ہم سائنس کالج میں طلباء کے سامنے اور تمام صوبے کے عوام کے سامنے یہ رکھ رہے ہیں کہ آئین میں میٹرک تک مفت اور مادری زبانوں میں تعلیم کا وعدہ کیا گیا ہے۔ جو فارم 47 کی حکومتیں اسے نبھانے سے کترا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں جاری بدامنی اور پشتونخوا کی منتخب نمائندہ حکومت کو ختم کرنے کی بنیادی وجوہات وہاں موجود قدرتی معدنی خزانوں پر قبضہ کرنے کی پالیسی کے سوا کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مائنز و منرل کے مالک پشتونخوا وطن کے پشتون ہوں گے اور ملک میں جہاں بھی معدنی ذخائر ہوں گے اُن کے مالک وہاں کے اقوام و عوام ہوں گے۔ ملک میں قوموں اور عوام کو اس حق سے انکار کی پالیسی اور بدامنی سرکاری طور پر پیدا کردہ ہے۔ غیر نمائندہ، غیر منتخب حکومت کی پالیسی پاکستان کے 25 کروڑ عوام کے لیے قابل قبول نہیں۔ اسی طرح اب وفاق کی جانب سے مسلسل آئین میں گاربڑ صوبائی خودمختاری کی پامالی جاری ہے اور یہ پامالی دراصل سٹیک ہولڈرز کی ملکیت پر قبضے کے سوا کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتو اکیڈمی جس کی بنیاد خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے رکھی تھی اور پشتو اکیڈمی کی زمین اور بلڈنگ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے عوام کے چندے سے شروع کیا تھا اور بعد میں حکومتی سطح پر فنڈز منظور کر کے اس کی بلڈنگ تعمیر کی گئی۔ آج پشتو اکیڈمی اور دیگر اکیڈمیوں کے بارے میں اسمبلی میں ایسی قوانین بنانے جارہی ہے، جس میں سرکاری ملازم کو اکیڈمیوں کا چارج دیا جائے گا اور سرکاری پالیسی کے تحت اکیڈمیز کام کرے گی دراصل اکیڈمیز ساری دنیا میں کسی بھی قوم کے لسانی، ثقافتی، ادبی، تاریخی روایات، کارناموں اور قوم کی تاریخی ورثوں کو اجاگر کرنے، دنیا کے سامنے رکھنے اور تحقیق، تاریخی، ریسرچ اور معلومات کا ریکارڈ جمع کرنے، شائع کرنے اور قوم کی تہذیبی ورثوں کو اجاگر کرنے کی ذمہ داری نبھاتے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے اسمبلی میں پیش کیا جانے والا ایکٹ اکیڈمیز کو قومی، تاریخی، ثقافتی، لسانی، ادب، سماجی اقدار اور اعلیٰ قومی روایات کی پاسداری کو ملیامیٹ کرنے کی پالیسی ہے جسے قبول کرنا کسی بھی جمہوری فرد، تنظیم کو قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی ہماری تعلیمی ریشو صوبے کی پچاس فیصد سے کم ہے اور تقریباً 20 سے 25 لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ ہم سب کو فکر مند ہونا چاہیے کہ ہم آج کی اکیسویں صدی میں اپنے بچوں کو سکولوں میں لانے، مادری زبانوں کو رائج کرنے اور تعلیمی ریشو بڑھانے اور معیار تعلیم کو دنیا کی معیاری تعلیمی نظام کے برابر کرنے کی ذمہ داری ہم پر عائد ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے ملک میں مادری زبانوں سے انکار کی پالیسی جاری ہے اور عالمی طور پر مادری زبانوں کی اہمیت، افادیت اور کسی بھی قوم کے بچے کی تعلیمی نشوونما کے لیے مادری زبان کو جو اہمیت دی گئی ہے اس کے باوجود ملک میں مادری زبانوں کو رائج کرنے سے کتراتے ہیں اور ہمارے معاشرے کو تعلیم سے محروم کرنے اور پسماندگی کی جانب دھکیلنے کی سازشیں جاری ہیں۔ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے سکولز، کالجز، یونیورسٹیز، فنی و دیگر تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی، غیر حاضر اساتذہ کی نشاندہی کرتے ہوئے اسے صوبے، ملک اور دنیا کے سامنے پیش کرنے اور جو جو کمزوریاں تعلیمی نظام میں رائج ہیں اس کی نشاندہی کرنے کی ذمہ داری پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پر عائد ہوتی ہے۔ اور ہم امید کرتے ہیں کہ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن اپنے اس قومی فریضے کو آگے بڑھانے کی ذمہ داری پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ مائنز و منرل کے قبضے کے لیے وطن میں جو بدامنی جاری ہے اس کو ختم کرنے کے لیے ہم نے جرگوں کا آغاز کیا ہے اور جرگوں کو ضلع کی سطح پر آرگنائز کرنے اور تمام وطن میں جاری بدامنی کے خلاف یک زبان ہو کر احتجاج کریں گے اور اپنے وطن سے بدامنی، دہشت گردی کا خاتمہ کریں گے اور سرکاری پراکسیز کے خلاف لائحہ عمل طے کریں گے تاکہ پشتونخوا وطن سے دہشت گردی، بدامنی، بدانتظامی اور سرکاری پراکسیز کا خاتمہ کیا جاسکے۔

بقیہ 70

خطاب کیا، یہ تقریب قونصلیٹ جنرل آف پاکستان ہوسٹن کے تعاون سے پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ (پی ایس ای بی) اور اوپن گلوبل کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔ تقریب میں پاکستان کی نامور آئی ٹی کمپنیوں ایکس، آر بی سافٹ، ایڈو اے آئی، نیکسٹ برج اور ایسوسیا سمیت متعدد اداروں نے امریکی کاروباری برادری کے سامنے اپنی خدمات اور مصنوعات پیش کیں۔ سفیر رضوان سعید شیخ نے خطاب کا آغاز شرکا اور پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ کے سی ای او فیصل جیدی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کیا، انہوں نے بتایا کہ یہ ایونٹس کی اس سیریز کا تیسرا ایڈیشن ہے، جو 3 برس قبل سلیکون ویلی سے شروع کی گئی تھی اور تب سے مسلسل جاری ہے، اس سال تقریبات کا آغاز 16 اکتوبر کو سلیکون ویلی سے ہوا، اس سلسلے میں ڈیلس اور واشنگٹن ڈی سی سمیت مختلف امریکی شہروں میں پاکستانی آئی ٹی کمپنیوں اور کاروباری حلقوں کے درمیان ملاقاتیں اور پروگرام ترتیب دیے گئے ہیں

بقیہ 71

بحرانوں کے ایک طوفان کا سامنا ہے جو روز بروز شدت اختیار کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری شمالی سرحد پر روس اور یوکرین کی جنگ چند مہینوں میں اپنے پانچویں سال میں داخل ہو جائے گی۔ معاہدوں پر دستخط ہونے کے باوجود فلسطین کے خلاف اسرائیل کی جنگ بدستور جاری ہے، اور اس سے پہلے کہ ایران میں کشیدگی مکمل طور پر ختم ہو جائے، ایک نیا تنازعہ شروع ہو گیا ہے، اس بار یمن میں۔ اردگان نے کہا کہ سعودی عرب کو نشانہ بنانے والے حوثی حملوں نے، جسے انہوں نے ایک دوست اور ہمدرد ملک قرار دیا ہے، خطے میں کشیدگی میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے۔

بقیہ 72

ہزاروں افراد کی گرفتاری کے بعد اٹلی اور بیلجیم میں بھی مظاہرین اور پولیس کے درمیان جھڑپیں ہوئی ہیں، جبکہ پرتگال اور اسپین میں رہائش اور معاشی مسائل کے خلاف عوامی احتجاج جاری ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے رائٹرز اور دیگر ذرائع ابلاغ کی رپورٹس کے مطابق یورپ کے مختلف ممالک میں ہونے والے یہ مظاہرے کسی ایک مشترکہ تنظیم کے تحت نہیں ہو رہے، تاہم ان کے بنیادی اسباب میں نمایاں مماثلت پائی جاتی ہے، نوجوانوں میں مستقبل کے حوالے سے بے یقینی، بڑھتے اخراجات اور حکومتی پالیسیوں سے مایوسی عوامی بے چینی میں اضافے کا باعث بن رہی ہے۔ فرانس حالیہ احتجاجی لہر کا سب سے زیادہ متاثر ہونے والا ملک بن کر سامنے آیا ہے، جہاں 17 اکتوبر کو لاکھوں افراد نے مختلف شہروں میں مظاہروں میں شرکت کی، فرانسیسی وزارت داخلہ کے مطابق مظاہرین کی تعداد ساڑھے پانچ لاکھ سے زیادہ تھی، ابتدائی طور پر تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی، ناکافی سہولتوں اور تعلیمی بجٹ میں کٹوتیوں کے خلاف شروع ہونے والے مظاہروں میں بعد ازاں مزدور تنظیمیں، کسان اور دیگر شہری بھی شامل ہوگئے۔ پیرس، مارسیلے اور دیگر شہروں میں بعض مظاہرے پرتشدد شکل اختیار کر گئے، سرکاری عمارتوں اور کاروباری مراکز کو نقصان پہنچایا گیا،

بقیہ 73

نہیں لگانا چاہتے تھے۔ طلال چودھری کا کہنا تھا کہ 14 سال میں تحریک انصاف نے دہشت گردی کو کوئی مسئلہ سمجھا ہی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اڈیالہ بھی بنی گالہ یا مراد سعید کے ہاتھوں میں پوری حکومت دیں گے تو پھر ایسے ہی نتائج آئیں گے۔

بقیہ 74

سوڈانی فوج پر عائد کیا ہے۔ جنوبی سوڈان کی وزارت خارجہ کے مطابق جوبا میں تعینات سوڈانی سفیر کو طلب کر کے حملے پر شدید احتجاج اور گہری تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔

بقیہ 75

کر لیے گئے۔ پولیس کے مطابق ضلع صحبت پور کے علاقے عادل پور پولیس تھانے کی حدود پہنور سہزدی میں کا جانی قبیلے کے دو گروپ میں مسلح تصادم اور شدید فائرنگ سے ایک شخص ایلو خان ولد محمد نواز ہلاک جبکہ دو زخمی ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور واقعے میں ہلاک و زخمیوں کو سول اسپتال صحبت پور منتقل کر دیا جبکہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چار افراد کو حراست میں لیکر حالات پر قابو پالیا گیا۔ دوسری جانب تھانہ سونا خان کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز اسماعیل نامی شخص ہزار جاریا تھا کہ نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کردی جس سے وہ موقع پر ہلاک ہو گیا نعش ہسپتال منتقل کی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا

بقیہ 76

پسماندگی کی جانب دھکیلا جا رہا ہے۔ چوری، ڈکیتی، اغوا برائے تاوان اور بھتہ خوری جیسے مسائل نے عوام، تاجروں اور کاروباری طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان بارڈر ایک سال سے زائد عرصے سے بند ہے، جبکہ ایران بارڈر بھی بند کیے جانے سے مکران کے عوام کے روزگار اور کاروبار کے اہم ذرائع متاثر ہو رہے ہیں۔ اگر حکومت کی پالیسیاں اسی طرح جاری رہیں تو خطے میں معاشی مشکلات مزید شدت اختیار کر سکتی ہیں۔ اسلام آباد میں بنائی جانے والی ایسی پالیسیوں پر نظرثانی ضروری ہے جو بلوچستان کے عوام کو مزید مشکلات سے دوچار کر رہی ہیں۔ حاجی فدا حسین دشتی نے کہا کہ ایران ایک برادر ہمسایہ ملک ہے اور اس کے ساتھ تجارتی و اقتصادی تعلقات خراب کرنا پاکستان بالخصوص بلوچستان کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔ سردیوں کی آمد کے پیش نظر ایل پی جی کی ضروریات پوری کرنا بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔ بارڈر کی بندش سے نہ صرف مقامی آبادی بلکہ تاجروں، ٹرانسپورٹروں اور دیگر کاروباری حلقوں کا روزگار بھی متاثر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بدامنی اور دہشت گردی کے نام پر پیدا ہونے والے حالات سے فائدہ اٹھانے والے عناصر بھی موجود ہیں، جن میں اغوا برائے تاوان اور بھتہ خوری میں ملوث افراد شامل ہیں۔

بقیہ 77

تھا، جسے ایسوسی ایشن کی قیادت نے مسلسل متعلقہ حکام کے سامنے اٹھایا۔ اس سلسلے میں ایسوسی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری، جنرل سیکرٹری حاجی قائم خان کاکڑ اور فنانس سیکرٹری میر ظفر زہری نے اسپیشل سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی جی حبیب الرحمان کاکڑ اور ڈپٹی سیکرٹری بابر خان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کلاس فور ملازمین کو درپیش مسائل، ہائر اپ گریڈیشن کی ضرورت اور منظوری میں تاخیر کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جس کے بعد اپ گریڈیشن کی منظوری عمل میں لائی گئی۔ اس فیصلے سے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ، گورنر سیکرٹریٹ، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، بورڈ آف ریونیو اور لوکل گورنمنٹ بورڈ کے متعلقہ کلاس فور ملازمین مستفید ہوں گے۔ ایسوسی ایشن کی قیادت نے اپ گریڈیشن کی منظوری کو ملازمین کے حقوق کے لیے مسلسل جدوجہد، مؤثر نمائندگی اور متعلقہ حکام کے ساتھ مذاکرات کا نتیجہ قرار دیا۔

بقیہ 78

کے مستحق ہیں ان شہید ذوالفقار علی بھٹو شہید رانی محترمہ بے نظیر بھٹو کے پیروکار ہیں عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے حلقہ انتخاب اوستا محمد کی ترقی و خوشحالی کے لیے ماسٹر پلان ناگزیر ہے ماسٹر پلان کی منظوری کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جلد احکامات جاری کریں گے بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار بلوچستان ترقی کی منزلیں طے کر رہی ہے اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے خبر رساں ادارہ یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی جب بھی برسر اقتدار آئی ہے

بقیہ 79

خدمات کی فراہمی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومت کی کوشش ہے کہ غریب اور مستحق مریضوں کو علاج کے حصول میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور انہیں اپنے ہی صوبے میں بہتر طبی سہولیات میسر آئیں۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صحت ایک بنیادی انسانی ضرورت ہے اور حکومت اس شعبے میں بہتری لانے کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لانے کے لیے پرعزم ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، طبی عملے کی ذمہ داریوں اور مریضوں کی دیکھ بھال کے نظام کو مزید مؤثر بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ دور دراز علاقوں کے عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی بھی خصوصی اہمیت رکھتی ہے، تاکہ کسی شہری کو محض فاصلے یا مالی مشکلات کی وجہ سے علاج سے محروم نہ رہنا پڑے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل استعمال کیے جائیں گے۔

بغداد او آئی سی اجلاس میں مسئلہ کشمیر سے متعلق قرارداد منظور

مسئلہ کشمیر طویل عرصے سے عالمی توجہ کا مرکز ہونے کے باوجود حل طلب ہے۔اقوام متحدہ نے اس تنازعے کے حل کے لیے قراردادیں منظور کر رکھی ہیں

بغداد اجلاس میں منظور کی گئی قرارداد نے ایک بار پھر اس تنازعے کو تنظیم کے ایجنڈے پر نمایاں کیا ہے،فلسطین، مسلم اقلیتوں اور اسلاموفوبیا سمیت اہم امور پر بھی غور کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلامی تعاون تنظیم نے بغداد میں وزرائے خارجہ کونسل کے 52ویں اجلاس میں جموں وکشمیر سے متعلق قرارداد منظور کر لی۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق مسئلہ کشمیر سے متعلق قرارداد مسلم دنیا کو درپیش سیاسی امور پر 17اور 18
بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر

طالبہ لائبہ اعجاز سے فراڈ کرنے والا زیر حراست ملزم ہلاک

2 موٹر سائیکل پر سوار ملزم کے ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر اندھا دھند فائرنگ کی، پولیس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) طالبہ لائبہ اعجاز سے فراڈ کرنے والا زیر حراست ملزم پولیس مقابلے کے دوران ہلاک ہوگیا۔پولیس کے مطابق ملزم محمد نعمان کو برآمدگی کے لیے لے جایا جا رہا تھا کہ موٹر سائیکلوں پر سوار اس کے ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے دوران ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی گولی لگنے سے زخمی ہوا۔ ملزم کو ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم جانبر نہ ہو سکا۔ ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن جاری
بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر

سعودی عرب نے ریاض کی جانب داغا گیا حوثی ملیشیا کا بیلسٹک میزائل تباہ کر دیا

ریاض (آئی این پی) سعودی عرب کے فضائی دفاعی نظام نے دارالحکومت ریاض کی جانب داغا گیا حوثی ملیشیا کا بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ کر دیا۔ترجمان اتحادی افواج ترکی المالکی کے مطابق حوثی ملیشیا کی جانب سے ریاض کو نشانہ بنانے کے لیے داغے گئے میزائل کو فضائی دفاعی نظام نے کامیابی سے تباہ کیا۔خبر ایجنسی کے مطابق میزائل حملے کے دوران
بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر

ٹرائی سیریز عرفات منہاس کی شاندار کارکردگی پاکستان نے انگلینڈ کو 87 رنز سے شکست دیدی

پاکستان نے مقررہ 50 اوورز میں 302 رنز بنائے، ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم 215 رنز پر ڈھیر ہوگئی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان نے ہوم ٹرائی سیریز کے دوسرے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں عرفات منہاس کی شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کی بدولت انگلینڈ کو 87 رنز سے شکست دیکر فائنل کیلئے راہ ہموار کر لی ہے، پاکستان نے مقررہ 50 اوورز میں نو رکٹوں کے نقصان پر 302 رنز بنائے، ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم 38.4 اوورز میں 215 رنز پر ڈھیر ہوگئی، عرفات منہاس مین آف دی میچ قرار پائے۔ راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم
بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل بیوٹمز یونیورسٹی میں بلوچستان وویمن پرموٹ ٹیلنٹ کے زیر اہتمام ایوارڈ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

امن وامان کے قیام پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، فیصل کریم کنڈی

صوبے میں امن وامان کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے' امن نہیں ہوگا تو ترقی نہیں ہوگی، صوبے کی ترقی امن کے قیام سے جڑی ہے

گورنر خیبر پختونخوا کا پشاور میں جماعت اسلامی کے مرکز کا دورہ' صوبے کے مسائل اور ان کے حل پر تبادلہ خیال کیا گیا

پشاور (نیوز ڈیسک) خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے میں امن وامان کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے، امن وامان کے قیام پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے پشاور میں جماعت اسلامی کے
بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا' سلیم کھوسہ

چشمہ پل کی تعمیراتی کام میں مزید تیزی لائی جائے تا کہ علاقے کے عوام کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ چشمہ پل کی تعمیراتی کام میں مزید تیزی لائی جائے تا کہ علاقے کے عوام کو درپیش مشکلات کا جلد از جلد خاتمہ ممکن بنایا جا سکے انہوں نے واضح کیا کہ پل کی تعمیر میں معیار اور میٹریل کے استعمال پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور متعلقہ حکام اس منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات نے کوئٹہ شہر میں
بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

گوادر میں پاک چین مشترکہ منصوبے کا سنگ بنیاد، گدھوں کا گوشت اور کھالیں چین برآمد ہوں گی

گوادر (خ ن+این این آئی) پاکستان اور چین کے سرمایہ کاروں کے مشترکہ منصوبے شہزاد اینڈ شاؤ فارم کا سنگِ بنیاد گوادر فری زون میں رکھ دیا گیا۔اس منصوبے کو دوطرفہ اقتصادی تعاون کے فروغ، مقامی پیداوار، پراسیسنگ اور برآمدات میں اضافے کی
بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر

محنت کش خوشحال ہوگا تو پاکستان خوشحال ہوگا، چوہدری سالک حسین

وفاقی وزیر کا لیبر کمپلیکس فیز ٹو ٹیکسلا کا سنگ بنیاد رکھ دیا، منصوبہ 24 ماہ سے قبل مکمل ہوگا

ٹیکسلا (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ محنت کشوں کی فلاح و بہبود، ان کے حقوق کا تحفظ اور ان کے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، مزدور کی عزت، پاکستان کی عزت ہے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار لیبر کمپلیکس فیز ٹو، ٹیکسلا کی
بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر


نواز شریف کی ایون فیلڈ سے روانگی، کارکنوں کے ساتھ تصویریں بھی بنوائیں

لندن (آئی این پی) مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف لندن میں ایون فیلڈ سے روانہ ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق ان کے صاحبزادے حسن نواز اور حسین نواز بھی ان کے ہمراہ تھے، جبکہ ان کے معالج ڈاکٹر عدنان بھی ان کے ساتھ روانہ
بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

خواتین کی ترقی و بااختیاری کے لیے عملی اقدامات موثر بنائے جائیں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

پارلیمانی سیکرٹری کو محکمہ ترقی نسواں کے انتظامی و ترقیاتی امور پر بریفنگ، اقدامات کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن+آئی این پی) صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو سیکرٹری محکمہ ترقی نسواں شیر شاہ غلزئی نے محکمہ کے انتظامی، ترقیاتی اور جاری منصوبوں سمیت مختلف محکمہ جاتی امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران محکمہ ترقی نسواں کی مجموعی کارکردگی، خواتین کی سماجی و معاشی ترقی، انہیں بااختیار بنانے کے اقدامات اور جاری
بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر



دوشنبے، نائب وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار اور شنگھائی تعاون تنظیم کے دیگر رکن سربراہان کے ہمراہ گروپ فوٹو

پسند کی شادی کا معاملہ، گاؤں محمد صدیق آرائیں میں نذر آتش کیس

سندھ حکومت نے 120 گھروں کے متاثرین کے لیے 6 کروڑ 5 لاکھ روپے کی مالی امداد کی منظوری دے دی

جیکب آباد (اے این این) پسند کی شادی کا معاملہ، گاؤں محمد صدیق آرائیں میں نذر آتش کیے گئے 120 گھروں کے متاثرین کے لیے 6 کروڑ 5 لاکھ روپے کی مالی امداد کی منظوری۔ تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت نے جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے گاؤں محمد صدیق آرائیں کے آتشزدگی متاثرین کی مالی امداد کے لیے 6 کروڑ 5 لاکھ روپے جاری
بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

سعودی عرب پر حوثیوں کے تازہ حملوں کے بعد خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ

لندن (آئی این پی) یمن کے حوثیوں کی جانب سے فوجی تربیتی کیمپ پر حملے اور سعودی عرب کی توانائی، ہوائی اڈوں اور فوجی تنصیبات کو دوبارہ نشانہ بنائے جانے کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں معمولی اضافہ ہوگیا۔ رپورٹس کے مطابق برینٹ خام تیل کے مستقبل کے سودوں کی قیمت میں 17 سینٹ، یعنی 0.15 فیصد اضافہ ہوا، جس کے بعد قیمت 110.03 ڈالر فی بیرل پر پہنچ
بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

بولان میں ڈاکو راج کسی صورت قبول نہیں کریں گے' سردار یار محمد رند

فارم 47 کی نااہل حکومت میں ضلع کچھی (بولان) کو ڈاکوؤں چوروں کے حوالے کر دیا گیا ہے

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ سینئر سیاست دان چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ بولان میں ڈاکو راج کسی صورت قبول نہیں کریں گے فارم 47 کی نااہل حکومت میں ضلع کچھی (بولان) کو ڈاکوؤں چوروں کے حوالے کر دیا
بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

نوشکی، پولیس کا مشکوک موٹر سائیکل سواروں پر ہوائی فائرنگ، علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا

نوشکی (آن لائن) پولیس کا مشکوک موٹر سائیکل سواروں پر ہوائی فائرنگ، علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا تفصیلات کے مطابق مغرب کے نماز کے بعد نوشکی کے ڈبل روڈ فٹ بال چوک ایریا میں مشکوک موٹر سائیکل کو پولیس کے گشتی موٹر سائیکل ٹیم نے رکنے کا اشارہ کیا نہ رکنے پر ہوائی فائرنگ کر دی ۔مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو کلی غریب آباد ایریا تک پیچھا کرتے ہوئے دوبارہ ہوائی فائرنگ کر دی گئی، مشکوک افراد موٹر سائیکل پر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس نے نامعلوم مشکوک موٹر سائیکل سواروں کی تلاش شروع کر دی، مختلف ایریاز میں ناکے لگا دیئے ، پولیس زرائع کے مطابق کوئی
بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

حلقہ انتخاب کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، علی مدد جتک

عوامی مسائل کی بروقت نشاندہی اور ان کے حل کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر حاجی میر علی مدد جتک نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، لوگوں کے مسائل کا حل اور حلقہ انتخاب کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ عوامی نمائندگی کا اصل مقصد لوگوں کی مشکلات کو سمجھنا، ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار جتک ہاؤس
بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

حوثی حملے، سعودی عرب نے ڈیووس ان ڈیزرٹ کانفرنس 2026 ملتوی کر دی

سالانہ کانفرنس کا آغاز آئندہ ہفتے 26 اکتوبر کو ہونا تھا جو 29 اکتوبر تک جاری رہتی، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے حوثیوں کے مسلسل مہلک حملوں کے تناظر میں 2026 کی ڈیووس ان ڈیزرٹ سرمایہ کاری کانفرنس ملتوی کر دی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب نے تصدیقی بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اہم
بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

ایرانی پاسداران انقلاب کا امریکی ایم کیو 9 ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب (آئی آر جی سی) نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی ایم کیو 9 ڈرون مار گرایا ہے۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق آئی آر جی سی نے دعویٰ کیا ہے کہ منگل کی صبح آبنائے ہرمز کے اوپر ایک امریکی ایم کیو 9 ڈرون کو تباہ کر دیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پاسداران انقلاب کی فضائی فورس کے زیر استعمال ایک جدید فضائی دفاعی نظام نے ایران کے مربوط فضائی دفاعی نیٹ ورک کے تحت کارروائی کرتے ہوئے ڈرون کو مار گرایا۔

ایل پی جی کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

پنجاب اور خیبر پختونخوا میں گھریلو سلنڈر 6 ہزار روپے کا فروخت ہو رہا ہے، ڈسٹری بیوٹرز

لاہور (آئی این پی) ایل پی جی کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ چیئرمین ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن عرفان کھوکھر کے مطابق پہاڑی علاقوں میں ایل پی جی 600 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے جبکہ گھریلو سلنڈر 7200 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ عرفان کھوکھر کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا میں گیس 500 روپے فی کلو میں
بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر

ریاض ایئرپورٹ پر حوثی حملے میں 17 پاکستانی زخمی ہوئے تھے، سفیر پاکستان احمد فاروق

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں پاکستان کے سفیر احمد فاروق نے کہا ہے کہ گزشتہ دنوں ریاض ایئرپورٹ پر حوثی حملے میں 17 پاکستانی زخمی ہوئے تھے۔ سعودی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستانی سفیر احمد فاروق نے بتایا کہ زخمی 17 پاکستانیوں میں 5 خواتین بھی شامل ہیں۔



پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی بیوہ مستحق اور یتیم بچوں کیلئے مفت پلاٹ کی قرعہ اندازی کر رہے ہیں

امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو ممبئی پہنچ گئے

بھارت سے تجارتی معاہدے اور توانائی تعاون پر بات چیت متوقع

ممبئی (جی این ایم) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو بھارت کے شہر ممبئی پہنچ گئے، جہاں ان کے دورے کو امریکہ اور بھارت کے درمیان تجارتی تعلقات،
بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صحت دہلیز ایپ کے ذریعے شہری طبی مشاورت حاصل کر سکتے ہیں

پی پی ایچ آئی کے اس اقدام کا مقصد صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی کو مزید مؤثر بنانا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت صوبے کے شہریوں کو معیاری، آسان اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پی پی ایچ آئی بلوچستان نے صحت دہلیز (Sehat Dehleez) ٹیلی ہیلتھ ایپ متعارف کرائی ہے،
بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر

میجر وجاہت وحید شہید کی نماز جنازہ ادا، لاہور میں سپرد خاک

قومی پرچم میں لپٹے شہید کے جسدِ خاکی کو پاک فوج کے چاق وچوبند دستے نے سلامی پیش کی

لاہور (این این آئی) بلوچستان کے علاقے پسنی میں دفاع وطن کی خاطر جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید کو ان کے آبائی شہر
بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، میاں غنڈی میں گزشتہ شب بم دھماکہ، 2 پولیس اہلکار زخمی

سیکورٹی اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کر دیں، زخمی ہسپتال منتقل

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے میاں غنڈی میں گزشتہ شب ایک بم دھماکہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار شدید زخمی
بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

وزیر اعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں، لیاقت بلوچ

قومی سیاسی اور جمہوری قیادت بلوچستان سے اپنے آپ کو بالکل لاتعلق نہ رکھے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (آئی این پی) رہنما جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ صنوبر انسٹیٹیوٹ کے قومی ڈائیلاگ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان
بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر



اسسٹنٹ جنرل پولیس آصف خان اسماء خٹک اور لائبہ ستار کیس کے متعلق اراکین اسمبلی کو بریفنگ دے رہے ہیں

مستونگ سے اغواء ہونے والے 22 پولیس اہلکار دو روز بعد بازیاب

اہلکاروں کا تشدد اور بھوکا پیاسا رکھنے کا انکشاف' اغواء کاروں نے پولیس ملازمت چھوڑنے کا کہا

مستونگ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع مستونگ سے اغوا ہونے والے 22 پولیس اہلکار دو روز تک مسلح افراد کی قید میں رہنے کے بعد اتوار کو بازیاب
بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

مذاکرات نہ کرنے سے عمران خان کا نقصان ہو رہا ہے

محسن نقوی کی دوبارہ مذاکرات کی دعوت سے فائدہ اٹھانا چاہیے' علی محمد خان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ ہم سے بہت سے مواقع ضائع ہوئے ہیں، محسن نقوی کی دوبارہ مذاکرات کی
بقیہ نمبر 58 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ماننز والوں کے قبضے کیلئے پشتونخوا وطن میں بدامنی جاری ہے، نواب ایاز جوگیزئی

جرگوں کے ذریعے تمام وطن میں جاری بدامنی کیخلاف یک زبان ہو کر احتجاج کرینگے تاکہ دہشت گردی، بدامنی، بدانتظامی اور سرکاری پراکسیز کا خاتمہ کیا جاسکے

اکیڈمیز سے متعلق ایکٹ اعلیٰ قومی روایات کی پاسداری کو ملیامٹ کرنے کی پالیسی ہے، عبدالرحیم زیارتوال، ڈاکٹر حامد خان اچکزئی ودیگر کا استقبالیہ تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن سائنس کالج علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام سائنس کالج کوئٹہ کے گراؤنڈ میں نئے آنے والے طلبہ کے اعزاز میں ایک پروقار ویلکم پارٹی اور شمولیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کے مہمان خصوصی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی تھے۔ تقریب میں 200 سے زائد طلبہ نے پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن میں شمولیت اختیار کی۔ نئے طلبہ کو خوش آمدید کہا گیا۔ تقریب سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب خان ایاز جوگیزئی، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال،
بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر

سعودی شہروں کے تحفظ کے لیے برطانیہ میدان میں آ گیا، لڑاکا طیارے تعینات کرنے کا اعلان

لندن (آئی این پی) برطانیہ نے سعودی عرب کو حوثی باغیوں کے بڑھتے ہوئے فضائی حملوں سے محفوظ رکھنے میں مدد دینے کے لیے اپنے لڑاکا طیارے تعینات کرنے کا اعلان کیا ہے۔ برطانوی حکومت کے مطابق رائل ایئرفورس کے ٹائفون لڑاکا طیارے سعودی شہروں اور اہم تنصیبات کے دفاع کے لیے فضائی مشنز انجام دیں گے۔ برطانوی وزارتِ دفاع نے منگل کو جاری بیان میں کہا کہ برطانیہ دفاعی فضائی کارروائیاں کرے گا تاکہ سعودی عرب کے شہروں اور اہم قومی تنصیبات کو فضائی حملوں سے تحفظ فراہم کرنے میں مدد دی جا سکے۔ بیان کے مطابق ان
بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

پاکستان اور امریکا کیلئے ٹیکنالوجی میں تعاون انتخاب نہیں، ضرورت ہے، رضوان سعید شیخ

پاکستان کے پاس آئی ٹی کے شعبے میں صلاحیت بھی موجود ہے اور مستقبل کا وعدہ بھی' تقریب سے خطاب

ڈیلس (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعلقات رکھنا کسی انتخاب کا معاملہ نہیں بلکہ ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ رضوان سعید شیخ نے ڈیلس کے علاقے ارونگ کے ہوٹل ونڈہم ڈی ایف ڈبلیو ایئرپورٹ میں منعقدہ پاک یو ایس ٹیک کنیکٹ 2026 سے
بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر

شام میں انتشار پھیلانے کی کوشش، ترک صدر کا اسرائیل کو انتباہ

اسرائیل وہاں بھی افراتفری پھیلانے کی پوری کوشش کر رہا ہے، اردگان

انقرہ (آئی این پی) ترکی کے صدر رجب طیب اردگان نے شام میں انتشار پھیلانے کی کوشش پر اسرائیلی حکومت کے خبردار کر دیا ہے۔ ترک صدر اردگان نے انقرہ میں ایک تقریر میں کہا کہ ہمیں شام سے اچھی خبریں موصول ہو رہی ہیں لیکن اسرائیل وہاں بھی افراتفری پھیلانے کی پوری کوشش کر رہا ہے۔ ترکی میڈیا کے مطابق، انہوں نے کہا کہ خطے کو
بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے مرکزی رہنما نواب ایاز خان جوگیزئی سائنس کالج میں پی ایس او کے زیر اہتمام استقبالیہ تقریب میں شریک ہیں

فرانس اور اٹلی کے بعد یورپ کے مزید ممالک میں احتجاج کی لہر، پرتگال اور اسپین میں بھی عوام سڑکوں پر نکل آئے

مہنگائی، تعلیم کے بڑھتے اخراجات، رہائش کی قلت اور سرکاری سہولتوں میں کمی کے خلاف احتجاجی مظاہروں نے کئی حکومتوں کے لیے نئی مشکلات پیدا کر دی

ابتدائی طور پر تعلیمی بجٹ میں کٹوتیوں کے خلاف شروع ہونے والے مظاہروں میں بعدازاں مزدور تنظیمیں، کسان اور دیگر شہری بھی شامل ہو گئے

پیرس (جی این ایم) یورپ کے مختلف ممالک میں مہنگائی، تعلیم کے بڑھتے اخراجات، رہائش کی قلت اور سرکاری سہولتوں میں کمی کے خلاف احتجاجی مظاہروں نے کئی حکومتوں کے لیے نئی مشکلات پیدا کر دی ہیں، فرانس میں شدید ہنگاموں، لوٹ مار اور
بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

میاں غنڈی میں پل کے نیچے نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے 5 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے میاں غنڈی میں پل کے نیچے نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے 5 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے جبکہ گاڑی کو شدید نقصان پہنچا
بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

تحریک انصاف پر پابندی کی آئین میں بے شمار گنجائش موجود ہے، طلال چوہدری

سیاسی حکومت ہوتے ہوئے ہم ایسا کام نہیں کرنا چاہتے، ہم گورنر راج بھی نہیں لگانا چاہتے تھے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ تحریک انصاف پر پابندی سے متعلق آئین میں ایسی بے شمار گنجائش ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاسی حکومت ہوتے ہوئے ہم ایسا کام نہیں کرنا چاہتے، ہم گورنر راج بھی
بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر

متاثرہ خاندانوں کی حفاظت محض رسمی کارروائی تک محدود نہیں ہونی چاہیے' اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت اسپیکر چیمبر میں اجلاس منعقد ہوا، جس میں رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک، میر جہانزیب مینگل، میر ظفر اللہ خان زہری، سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ اور اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل پولیس
بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر

سوڈان میں متنازع علاقے ابیئی پر ڈرون حملہ، 73 افراد ہلاک

عبوری وزیر اطلاعات نے ڈرون حملے کا الزام سوڈانی فوج پر عائد کیا ہے

خرطوم (این این آئی) سوڈان اور جنوبی سوڈان کے متنازع علاقے ابیئی پر ڈرون حملے میں 73 افراد ہلاک ہوگئے۔ ابیئی کے عبوری وزیر اطلاعات کے مطابق ڈرون حملہ کل ابیئی کی ایک مارکیٹ پر کیا گیا۔ عبوری وزیر اطلاعات نے ڈرون حملے کا الزام
بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر

راء کے مبینہ ایجنٹ کی سزا کیخلاف اپیل پر فیصلہ محفوظ

کراچی (سی ایم لنکس) سندھ ہائی کورٹ نے راء کے مبینہ ایجنٹ کی سزا کے خلاف اپیل پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ عدالت میں بھارتی خفیہ ایجنسی راء کے مبینہ
بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

پہنور سہنڑی دو گروپوں میں فائرنگ ایک شخص ہلاک دو زخمی

تھانہ سونا خان کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

بلیدہ کے علاقے سے 2 نامعلوم افراد کی نعشیں برآمد ہوئیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی+کوئٹہ (این این آئی+آن لائن) پہنور سہنڑی دو گروپوں میں شدید فائرنگ ایک شخص ہلاک دو زخمی ہو گئے پولیس کی کارروائی چار افراد گرفتار
بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر

قرضوں پر سود کی ادائیگیاں قومی خزانے پر بھاری بوجھ بن گئیں، 9 ماہ میں 4.9 کھرب روپے کی ادائیگی

حکومت کے 14 بڑے قومی منصوبے 11.86 ارب ڈالر کے بیرونی قرضوں سے مکمل ہوں گے، وزارت خزانہ کی دستاویزات قومی اسمبلی میں پیش

ملکی اور غیر ملکی قرضوں کا ایک بڑا حصہ ادائیگیوں کے توازن کو برقرار رکھنے اور نقد مالی ضروریات پوری کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے' وزارت خزانہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے ملکی اور غیر ملکی قرضوں پر سود اور ادائیگیوں کا بوجھ قومی خزانے پر بھاری پڑنے لگا، حکومت نے گزشتہ مالی سال کے ابتدائی 9 ماہ کے دوران قرضوں کی مد میں 4.9 کھرب روپے ادا کیے۔ وزارت خزانہ کی دستاویزات کے مطابق ملکی اور غیر ملکی قرضوں کا ایک بڑا حصہ ادائیگیوں کے توازن کو برقرار رکھنے اور نقد مالی ضروریات پوری کرنے کے لیے استعمال کیا جا
بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر

جے یو آئی کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع آج پریس کانفرنس کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع بدھ 21 اکتوبر 2026ء کو شام 4 بجے اپنی رہائش گاہ سروے نمبر 144 میں صوبائی مجلس عاملہ کے ہمراہ اہم پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

قلعہ عبداللہ میں چرس اور بھنگ کی فصلوں کے خلاف ایکسائز فورس کا کریک ڈاؤن جاری

دوبندی میں انسداد منشیات کارروائیاں تیز، ایکسائز فورس کے اے این ایف اور ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ چھاپے

کوئٹہ (آئی این پی) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان نے قلعہ عبداللہ کے علاقے دوبندی میں چرس اور بھنگ کی فصلوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ محکمہ ایکسائز کی جانب سے انسداد منشیات مہم کے تحت مختلف مقامات پر گزشتہ تین روز
بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

لورالائی پولیس کی بڑی کارروائی، آئس تیار کرنے والی فیکٹری پکڑی گئی

لورالائی (آن لائن) ایس ڈی پی او/ایس ایچ او میٹر ہمایوں خان ناصر نے سی آئی اے پولیس کے دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ لورالائی پولیس نے خفیہ اطلاع پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے کلی شبوزئی کے پہاڑی علاقے میں آئس (کرسٹل میتھ) تیار کرنے کے لیے قائم کی جانے والی مبینہ فیکٹری پر چھاپہ مارا، جہاں سے آئس کی
بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

وزیر اعلیٰ کی ہدایت' گوادر ٹیچنگ ہسپتال کے لیے ادویات کی دو کھیپیں پہنچ گئیں

گوادر ٹیچنگ ہسپتال میں ادویات کی فراہمی، مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کے لیے ادویات کی دو کھیپیں گوادر پہنچ گئی ہیں۔ اس اقدام کا مقصد ہسپتال میں ادویات کی دستیابی یقینی بنانا اور مریضوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات
بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر



لاہور، گزشتہ روز شہید ہونیوالے میجر وجاہت وحید کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

اسکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا سیکنڈری رن وے 13 روز کے لیے بند

پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے تمام کپتانوں کے لیے نئی ایڈوائزری جاری کر دی

اسلام آباد (آئی این پی) اسکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا سیکنڈری رن وے 14 ایل تعمیراتی کام کے باعث 13 روز کے لیے بند رہے گا۔ جاری کردہ نوٹم کے مطابق سیکنڈری رن وے کے دونوں اطراف تعمیراتی کام 20 اکتوبر تا 3
بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

خطرات کا علم ہے، لیکن بنگلا دیش واپس جانا میری ذمے داری ہے' شیخ حسینہ

یہ کتنا ہی خطرناک کیوں نہ ہو، مجھے اس کی پروا نہیں، مجھے واپس جانا ہے، سابق بنگلہ دیشی وزیر اعظم

نئی دہلی (آئی این پی) سابقہ بنگلا دیشی وزیر اعظم شیخ حسینہ کا کہنا ہے کہ مجھے گرفتاری، تشدد یا قتل کا خطرہ ہے لیکن حامیوں کے ساتھ کھڑا ہونا میری سیاسی ذمے داری ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلا دیش کی سابقہ وزیر اعظم نے دسمبر میں وطن
بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر

ایران اور روس کے درمیان تعاون تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکا ہے، عباس عراقچی

روس مشرقِ وسطیٰ کے تنازع میں ثالثی کے ذریعے اپنا سفارتی کردار ادا کرنے کی کوشش کر رہا ہے

تہران (آئی این پی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران اور روس کے درمیان تعاون تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکا ہے اور دونوں ممالک نے اس سے پہلے کبھی اتنے قریبی تعلقات کے ساتھ کام نہیں کیا۔ عراقچی نے یہ بیان منگل کو
بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے وفاقی وزیر رانا محمد قاسم (ن) ملاقات کر رہے ہیں

ایران بارڈر کی بندش سے مکران کی معیشت مزید تباہی سے دوچار ہوگی، چیمبر آف کامرس

افغانستان کے بعد ایران بارڈر کی بندش سے بلوچستان میں روزگار کے ذرائع متاثر ہوں گے، حاجی فدا حسین دشتی

کوئٹہ (آئی این پی) چیمبر آف کامرس کوئٹہ کے سابق صدر اور سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کیچ حاجی فدا حسین دشتی نے ایران بارڈر کی بندش پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان، بالخصوص مکران کو معاشی زوال اور
بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر

بلوچستان کے کلاس فور ملازمین کی ون اسٹیپ ہائر اپ گریڈیشن منظور

ڈیڑھ سال سے زیر التوا معاملہ حل، وزیر اعلیٰ، گورنر سیکرٹریٹس سمیت پانچ اداروں کے ملازمین مستفید ہوں گے

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان سول سیکریٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کی مسلسل جدوجہد اور مؤثر نمائندگی کے نتیجے میں کلاس فور ملازمین کی ون اسٹیپ ہائر اپ گریڈیشن کی منظوری دے دی گئی۔ اپ گریڈیشن کا معاملہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے زیر التوا
بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر

دشمنوں کے لیے بلوچستان کی سرزمین تنگ کر دی گئی ہے، فیصل خان جمالی

اوستہ محمد کی ترقی کے لیے ماسٹر پلان ناگزیر، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی جلد منظوری دیں گے، یو این اے سے گفتگو

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ دشمنوں کے لیے بلوچستان کی سرزمین تنگ کر دی گئی ہے دہشتگردوں کے خلاف فورسز کی کامیاب کارروائیاں خراج تحسین
بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

صحت کے شعبے میں بہتری اور سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کی سہولیات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے' وزیر صحت

حکومت کی کوشش ہے کہ غریب اور مستحق مریضوں کو علاج کے حصول میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور انہیں اپنے ہی صوبے میں بہتر طبی سہولیات میسر آئیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو معیاری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، صحت کے شعبے میں بہتری اور سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کی سہولیات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے' یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے طبی اداروں کی بہتری، ہسپتالوں میں ضروری سہولیات کی فراہمی اور عوام کو علاج معالجے کی بہتر
بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، روسی سفیر سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر: گلریز خان
ایگزیکٹو ایڈیٹر: شاہ غاسی
پرنٹر پبلشر شاہ غاسی نے روزنامہ باخبر آریانہ پرنٹرز نب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر زنب چیمبر شارع عدالت سے شائع کیا
فون نمبر 2825169
فیکس نمبر 2840564
فیکس نمبر 2826720
موڈیم نمبر 2826705